تعبیر الرویا

(خواب نامہ)

علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

"جملہ حقوق بحق محفوظ ہیں"

"اس تعبیر نامہ خواب میں ہزاروں خواب اور ان کی تعبیرات مذکور ہیں"

تعبیر الرؤیا

یعنی

تعبیر نامہ خواب

مع اضافاتِ جدیدہ

ترجمہ

افاداتِ منسوبہ علامہ محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ

ملنے کا پتہ

عباس بک ایجنسی رستم نگر درگاہ حضرت عباس لکھنؤ

Rs. 60/-

WWW.SHIABOOKSPDF.COM
SHIA BOOKS PDF
MANZAR AELIYA
WWW.SHIABOOKSPDF.COM

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

کافی عرصے سے یہ خیال تھا کہ کوئی ایسی کتاب لکھی جائے جو خوابوں کی صحیح تعبیرات پر مشتمل ہو۔ نیز بعض مومنین کرام کا اصرار بھی نا قابلِ برداشت تھا کیونکہ تقسیم ملک کے بعد ہمارے ہاں اُردو زبان میں کوئی ایسا معتبر خواب نامہ موجود نہیں تھا جو مومنین کی اس روزمرّہ کی اہم ضرورت کو پورا کر سکتا۔ لہٰذا زیر نظر کتاب تعبیر الرؤیا کی ترتیب و تدوین کو لجنۃ تالیفیہ جو مولانا نذر حسین صاحب ظفر، مولانا زوار حسین ہمدانی۔ مولانا سیّد اقرار حسین صاحب اور مولانا غلام حیدر صاحب پر مشتمل ہے کے سپرد کر دیا گیا جنہوں نے بڑی کاوش اور جانفشانی سے اس خواب نامہ کو مرتب کیا اور اس سلسلے میں مختلف کتب و تفاسیر خصوصاً آیت اللہ العظمیٰ محدثِ اعظم جناب علامہ محمد باقر صاحب مجلسی قدس اللہ روحہ کی مایہ ناز کتاب بحارالانوار کو پیشِ نظر رکھا اور اس کے علاوہ دیگر مشہور و معروف کتب سے استفادہ کیا اور لجنۃ تالیفیہ نے اپنے تئیں انتہائی کوشش کی کہ کوئی ایسا مواد اس کتاب میں داخل نہ کیا جائے جس کی سند کتب معروفہ و مشہورہ میں غیر موجود ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ	نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	پیش لفظ	۲		چوروں اور درندوں سے محفوظ رہنے کی دعائیں	
۲	اقسام خواب	۴		فالنامے	
۳	قرآن مجید میں خوابوں کا تذکرہ	۵		فالنامہ منسوب بحضرت امام جعفر صادقؑ	
۴	چند اہم و بہترین خوابوں کا ذکر	۸		جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب	
۵	سادات کرام کا احترام	۱۷		فالنامہ منسوب بحضرت امیرالمومنینؑ	
۶	خوابوں کے متعلق چند مفید معلومات			فالنامہ حمل زنان	
۷	معبّر کیسا ہو			فالنامہ شناخت چور و گمشدہ	
۸	ڈراؤنے خواب اور ان کا ردّ عمل			خوابوں کی تعبیریں بہ ترتیب حروف تہجی	
	دعائیں				

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ سید المرسلین الہ الطاہرین

اقسامِ خواب

• خواب کی چار قسمیں ہیں۔ ۱ : وہ خواب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو اور اس کی تاویل و تعبیر ہوتی ہے۔ ۲ : وہ خواب جو وساوس شیطان سے ہو۔ ۳ : وہ خواب جو غلبۂ اخلاط یعنی صفرا، سودا، بلغم یا خون میں سے کسی ایک کی زیادتی کی وجہ سے ہو مثلاً جس شخص کو سودا کا غلبہ ہوا سے عموماً خواب میں سیاہ رنگ کی خوفناک چیزیں نظر آتی ہیں۔ ۴ : وہ خواب جو افکار و تفکرات کی وجہ سے ہو۔

• پہلے خواب کے علاوہ دیگر خواب پریشان اور مختلط اور متلبس بے حقیقت ہوتے ہیں۔ (سفینۃ البحار)

ویسے مشہور ہے کہ اَصْدَقُ الرُّؤْیَاءِ مَا کَانَ بِالْاَسْحَارِ سچا خواب وہ ہے جو صبح صادق سے پہلے روزہ رکھنے کے وقت آئے۔ اور اَصْدَقُ الرُّؤْیَا رؤیاءُ النَّھَارِ سچا خواب وہ ہے جو دن میں آئے۔

خواب کی پہلی قسم

یہ خواب صالح اور صادق ہوتا ہے اور اس کا تعلق انبیاء اور آئمہ طاہرین علیہم السلام سے ہے اور کبھی یہ خواب نیک و صالح بندوں کو بھی دیکھنے میں آتا ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

جس میں کسی متوقع امر کی جانب اشارہ ہوتا ہے اور یہ کسی ہونے والے خوفناک امر سے تحذیر ہوتی ہے یا کسی مفید اور اچھے امر کی تبشیر ہوتی ہے

قرآن مجید میں خوابوں کا تذکرہ

کلام پاک میں انبیاء اور غیر انبیاء کے خوابوں کا ذکر موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام خواب بے حقیقت نہیں ہوتے بلکہ اکثر اوقات خواب صالح اور صادق بھی ہوتے ہیں جیسا کہ سورۂ یوسف میں ہے:

اذ قال یوسف لابیه یاابت انی رائیت احد عشر کوکباً والشمس والقمر رائیتهم لی ساجدین ۔	جب حضرت یوسفؑ نے اپنے باپ سے کہا اے بابا میں نے گیارہ ستاروں اور سورج و چاند کو خواب میں دیکھا ہے، میں نے دیکھا ہے یہ سب مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔
ودخل معه السجن فیتانؔ قال احد هما انی ارانی اعصر خم ا وقال الاخوانی ارا ی احمل فرق راسی خبزا تا کل الطیر منه نبئنا طن تا ویله انا نرا یک من المحسنین ۔	اور حضرت یوسف کے ساتھ اور بھی دو جوان آدمی قید خانہ میں داخل ہوئے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں شراب بنانے کے واسطے انگور نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا میں نے بھی خواب میں اپنے کو دیکھا کہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور پرندے اس میں سے کھا رہے ہیں (یوسف) ہمیں اس کی تعبیر بتائیے کیونکہ ہم تم کو یقیناً نیکوکاروں سے سمجھتے ہیں۔
یا صاحبی السجن	اس خواب کی تعبیر اے میرے قید خانہ کے دونوں رفیقو

اما احدکما فیسقی ربه خمرا واما الاخر فیصلب فتاکل الطیر من راسه قضی الامر الذی فیه تستفتیان ۔

(اچھا اب تعبیر سنو) تم میں ایک (جس نے انگور نچوڑا) اپنے مالک کو شراب پلانے کا کام کریگا اور دوسرا جس نے سر پر روٹیاں دیکھیں، سولی دیا جائیگا اور پرندے اسکے سر کو نوچ نوچ کر کھائیں گے جس امر کے متعلق تم دونوں دریافت کرتے تھے اس کا فیصلہ ہو گیا

وقال الملک انی اری سبع بقرات سمان یاکلهن سبع عجاف وسبع سنبلت خضر واخر یبست یا ایها الملاء افتونی فی رءیای ان کنتم للرءیا تعبرون ۔

(اسی اثنا میں بادشاہ نے بھی خواب دیکھا) اور کہا میں نے دیکھا ہے کہ سات موٹی تازہ گائیں ہیں انکو سات دبلی پتلی گائیں کھائے جاتی ہیں اور سات تازی سبز بالیاں دیکھیں اور سات سوکھی بالیاں اے دربار کے سردار اگر تم کو خواب کی تعبیر دینی آتی ہے تو میرے اس خواب کے بارے میں حکم لگاؤ۔

اس خواب کی تعبیر

یوسف ایها الصدیق افتنا فی سبع بقرات سمان یاکلهن سبع عجاف وسبع سنبلت خضر واخر یبست لعلی ارجع الی الناس لعلهم یعلمون قال تزرعون سبع سنین

(قید سے نجات پانیوالا گیا اور کہا) اے بڑے سچے یوسف ذرا ہمیں یہ تو بتایئے کہ سات موٹی تازی گایوں کو سات دبلی پتلی گائیں کھا جاتی ہیں اور سات بالیاں ہیں ہری سرسبز اور پھر سات سوکھی ہوئی۔ اس کی تعبیر کیا ہے تاکہ میں لوگوں کے پاس پلٹ کر جاؤں۔ اور بیان کروں تاکہ انکو بھی (تمہاری قدر)

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

دابا فما حصدتم فذروه فی سنبله الا قلیلا مما تاکلون ثم یاتی من بعد ذلک سبع شداد یاکلن ما قدمتم لهن الا قلیلا مما تحصنون ثم یاتی من بعد ذلک عام فیه یغاث الناس وفیه یعصرون ۝

معلوم ہو جائے۔ یوسف نے کہا (اسکی تعبیر یہ ہے) تم لوگ متواتر سات برس تک کاشتکاری کرتے رہو تو جو فصل تم کاٹو اسکے دانہ کو بالیوں ہی میں رہنے دینا مگر تھوڑا بہت جو تم خود کھاؤ اس کے بعد بڑے خشک سالی کے سات برس آئیں گے کہ جو کچھ تم لوگوں نے ان ساتوں سالوں کے واسطے پہلے سے جمع کر رکھا ہوگا سب کھا جائیں گے مگر قدرے قلیل جو تم بیج کے واسطے) بچا رکھو گے بس اسکے بعد ایک سال ایسا آئیگا جس میں لوگوں کے لئے خوب مینہ برسے گا (اور انگور بھی خوب پھلے گا) اور لوگ اس سال اسے شراب کیلئے نچوڑیں گے۔

قال یا بنی انی اری فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تری قال یابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء الله من الصبرین ۝

تو (ایک دفعہ) حضرت ابراہیمؑ نے کہا بیٹا (اسمٰعیل) میں خواب میں (وحی کے ذریعہ) دیکھتا ہوں کہ میں خود تمہیں ذبح کر رہا ہوں تو تم بھی غور کرو اس میں تمہاری کیا رائے ہے۔ اسمٰعیلؑ نے کہا ابا جان جو آپکو حکم ہوا ہے اسے (بے تامل) کیجیے گا اگر خدا نے چاہا آپ مجھے صبر کرنیوالوں میں پائیں گے۔

ولقد صدق الله رسوله

بیشک خدا نے اپنے رسول کو سچا

الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ اٰمنین محلقین رؤوسکم و مقصرین لا تخافون

(مطابق واقع) خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ انشاء اللہ مسجد الحرام (مکہ) میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے تھوڑے بال کٹوا کر تم بہت امن و اطمینان سے داخل ہو گے (اور) کسی کا خوف نہ کرو گے۔

چند اہم خوابوں کا ذکر

۱ : ام الفضل بنت حارث بیان کرتی ہیں کہ میں پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی اے اللہ کے رسولؐ میں نے آج رات ایک بُرا خواب دیکھا ہے۔ فرمایا وہ کیا؟ عرض کرنے لگیں میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ آپ کے جسم مبارک کا ایک ٹکڑا کٹ گیا اور میری گود میں رکھا گیا۔ حضورؐ نے فرمایا تو نے اچھا خواب دیکھا ہے میری بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں انشاء اللہ تعالیٰ ایک بچہ پیدا ہوگا جسے تو گود میں اٹھائیگی۔ ام الفضل کہتی ہیں عالیہ بی بی کے ہاں حسینؑ ابن علیؑ پیدا ہوئے تو میں نے انھیں اپنی گود میں اٹھایا۔ پھر میں نے ایک دن حسین ابن علیؑ کو گود میں اٹھایا نبی کریمؐ کے پاس آئی اور انھیں آپکی گود میں رکھا۔ پھر جو میری توجہ کسی اور طرف ہوئی تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ کی دونوں آنکھیں آنسوؤں سے چھلک رہی ہیں۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

رسولؐ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ کو کیا ہو گیا۔ فرمایا ابھی ابھی میرے پاس جبرئیل آئے ہیں اور مجھے خبر دی ہے کہ میری امّت میرے اس بیٹے کو عنقریب قتل کر دیگی۔ میں نے عرض کی اس بیٹے کو؟ فرمایا ہاں اور جبرئیل میرے پاس سُرخ مٹی لے آئے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

۲ : سیّدۃ النسا فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا نے اپنی وفات سے کچھ دن پہلے خواب میں دیکھا آپ جنّت میں داخل ہوئیں اور آپ کو پیغمبرؐ خدا نے گلے لگایا اور پیشانی پر بوسے دیئے اور فرمایا مرحبا اے میری بیٹی۔ اور عالیہ بی بی کو جنّت میں ان کا مکان دکھایا اور فرمایا فَاِنَّکِ قَادِمَۃٌ عَلَیَّ بَعْدَ اَیَّامٍ بیٹی تو میرے پاس چند دن کے بعد آجا ئیگی۔ اور یہ خواب سیّدہؑ نے امیر المومنینؑ سے بیان کیا اور عرض کی یا امیر المومنینؑ مجھے خواب میں بابا ملے اور وہ مجھے اپنے ہاں بُلا رہے ہیں۔ اب میں اس دارِ فانی سے چند دن کے بعد ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جاؤں گی۔ بحار الانوار میں عالیہ بی بی کے چند اور خوابوں کا بھی ذکر ہے۔ (سفینہ)

۳ : جناب امیر المومنینؑ نے خواب میں دیکھا کہ کچھ آدمی آسمان سے سرزمینِ کربلا پر اترے ہیں۔ انھوں نے زمینِ کربلا کے آس پاس ایک خط کھینچا ہے اور اس زمین میں کھجوروں کے درخت تازہ خون میں لہرا رہے ہیں اور میرا بیٹا حسینؑ اس خون میں ڈوبا ہوا فریاد کر کے مدد طلب کر رہا ہے اور کوئی انکی مدد نہیں کرتا۔

۴ : حسین ابن علیؑ نے خواب میں اپنے نانا کو دیکھا کہ انھوں نے مجھے اپنے سینے سے لگایا اور پیشانی پر بوسے دیئے اور فرمایا اے حسینؑ میرا باپ تجھ پر قربان ہو جائے گویا میں تجھے تیرے خون میں غلطاں دیکھ رہا ہوں۔

۵ :- نویں محرم کی عصر کو مظلوم کربلا نے خواب میں نبی کریمؐ کو دیکھا کہ آپ فرمارہے ہیں بیٹا! کل تو ہمارے پاس پہنچ جائیگا۔

۶ : جناب سکینہ بی بیؑ کا ایک پُر درد خواب کتاب بحار الانوار میں مذکور ہے کہ بی بیؑ نے دمشق میں ایک خواب میں دیکھا کہ نور کے پانچ ناقے ہیں ان پر پانچ شخص سوار ہیں اور ان کے ارد گرد ملائکہ ہیں اور ہر ناقہ کے ہمراہ ایک خادم ہے تو میں نے پوچھا یہ کون لوگ ہیں۔ خادم نے جواب دیا اوّل حضرت آدم صفی اللہ دوسرے حضرت ابراہیم خلیل اللہ تیسرے حضرت موسیٰ کلیم اللہ چوتھے حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہم السلام ہیں۔ میں نے پوچھا کہ یہ حضرت کون ہیں جو اپنے محاسن شریفہ کو ہاتھ میں پکڑے ہوئے ہیں اور نہایت کرب والم سے کبھی گرتے ہیں اور کبھی اٹھتے ہیں۔ کہا کہ وہ تمہارے نانا رسول اللہؐ ہیں۔ میں نے پوچھا یہ حضرات کہاں جاتے ہیں؟ تو کہا تمہارے بابا کے پاس کربلا میں۔ میں نے بھی ارادہ کیا کہ حضور کی خدمت میں جاؤں اور جو ظلم وستم ان کے بعد مجھ پر گزرے ہیں بیان کروں۔ اسی اثناء میں نور کے پانچ ہودج نظر آئے جن پر پانچ بیبیاں

بیٹھی تھیں۔ میں نے اس خادم سے پوچھا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا اوّل حوّا ام البشر دوسری آسیہ دختر مزاحم تیسری مریم بنت عمران چوتھی خدیجہ بنت خویلد میں نے پوچھا پانچویں بی بی کون ہیں جو اپنے ہاتھ سر پر رکھے ہوئے ہیں جو کبھی ضعف و ناتوانی سے گرتی ہیں اور کبھی بیٹھ جاتی ہیں کہا کہ یہ تمہاری دادی فاطمہ زہراؑ دختر رسولؐ خدا ہیں۔ میں نے کہا بخدا میں ضرور ان سے اپنے مصائب عرض کروں گی پھر میں ان کے سامنے گئی اور بکمال ادب کھڑی ہو کر روتی رہی میں نے عرض کی اے دادی اماں خدا کی قسم مسلمانوں نے ہمارے حق کا انکار کیا اے دادی اماں خدا کی قسم ان لوگوں نے ہماری جماعت کو پراگندہ کر دیا۔ ان لوگوں نے ہماری عزت اور حرمت کا خیال نہ کیا دادی اماں ان لوگوں نے میرے بابا حسینؑ کو شہید کر ڈالا یہ سُن کر خاتونِ قیامت نے فرمایا بیٹی سکینہ زیادہ نہ رو کہ تیرے رونے سے میرا دل ٹکڑے ٹکڑے اور میرا جگر زخمی ہو رہا ہے۔ یہ تیرے بابا حسینؑ کا کُرتہ میرے پاس ہے اس کو میں جُدا نہ کروں گی یہاں تک کہ اپنے پروردگار کے سامنے جاؤں گی۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔

۷ : اسی طرح بحار الانوار میں ہند زوجہ یزید لع سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ میں اپنی خواب گاہ میں تھی میں نے دیکھا کہ آسمان کا ایک دروازہ کھل گیا ہے اور ملائکہ امام حسینؑ کے سرانور کے پاس

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

گروہ درگروہ اتر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں السّلام علیک یا اباعبداللہ السّلام علیک یا بن رسُول اللہ۔
اسی اثنا میں ایک ابر نمودار ہوا اس میں سے بہت سے آدمی اترے اور ایک بزرگوار جن کا چہرہ نہایت تابندہ و درخشاں تھا، دوڑتے ہوئے سر حسینؑ کی طرف آئے اور جھک کر دندانِ مبارک کو بوسے دینے لگے۔ اور رو رو کر کہہ رہے تھے اے میرے فرزند تجھے قتل کیا گیا تجھ کو کسی نے نہ پہچانا تجھے پانی تک نہ دیا گیا اے میرے لال میں تیرا نانا رسُولِ خدا ہوں اور یہ تیرا باپ علی المرتضیٰؑ ہے۔ اور یہ تیرا بھائی حسن مجتبےٰؑ اور یہ تیرا چچا جعفر طیار اور یہ عقیل وحمزہ وعباس ہیں۔
اسی طرح حضورؐ اپنے اہلبیتؑ میں ایک ایک کا نام لے رہے تھے۔ ہند کہتی ہے کہ میں اس خواب کو دیکھ کر بہت ڈری اور نہایت پریشانی کی حالت میں بیدار ہوئی۔ اچانک ایک نوُر دیکھا کہ سر حسینؑ پر پھیلا ہے پس میں نے یزید کو ڈھونڈا دیکھا کہ وہ ایک تاریک کمرہ میں اپنا مُنہ دیوار کی طرف کئے ہوئے نہایت غم میں کہہ رہا ہے کہ مالی للحسین مجھ کو حسین ابن علیؑ سے کیا کام تھا میں نے حسینؑ ابن علیؑ کو قتل کرا کے کیا لیا۔

۸ : بصرہ کے ایک آدمی نے خواب میں دیکھا کہ وہ حوضِ کوثر پر آیا اور امام حسن و امام حسین علیہم السّلام سے پانی مانگا تو دونوں

شہزادوں کو پیغمبر اسلامؐ نے اسے پانی پلانے سے منع فرمایا اور حضورؐ نے اس سے فرمایا کہ تیرا ایک پڑوسی ہے جو علیؑ کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے اور تو نے کبھی بھی منع نہیں کیا اس مرد نے عرض کی اے اللہ کے رسولؐ وہ میرا پڑوسی دُنیادار ہونے کی وجہ سے بڑا مغرور ہے اور میں ایک تنگ دست اور فقیر آدمی ہوں اسے منع کرنیکی مجھ میں طاقت نہیں تو پیغمبرؐ نے ایک تیز چھری نکالی اور فرمایا جا اور اس چھری سے اسے ذبح کر دے۔ وہ کہتا ہے کہ میں گیا اور میں نے اسے چارپائی پر لیٹا ہوا پایا تو میں نے عالمِ خواب میں اسے اس کی چارپائی پر ہی ذبح کر ڈالا۔ اور خون سے لتھڑی ہوئی چھری لیکر میں پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو حضورؐ نے حسنین علیہم السلام سے فرمایا کہ اسے پانی پلاؤ پس وہ مرد کہتا ہے کہ میں گھبرایا ہوا بیدار ہوا جب صبح ہوئی تو میں نے رونے پیٹنے کی آوازیں سُنیں اور جب رونے پیٹنے کی وجہ پوچھی تو مجھ سے ایک آدمی نے کہا کہ فلاں آدمی اپنی چارپائی پر مقتول اور مذبوح پایا گیا ہے۔ (سفینہ)

۱۰ : بحارالانوار میں ہے کہ مدائنی نے کہا پیغمبرؐ خدا نے ام المومنین ام سلمہ کو ایک شیشی دی جس میں خاکِ کربلا تھی اور پیغمبرؐ نے فرمایا تھا کہ اے ام سلمہؓ جب یہ خاک تازہ خون ہو جائے گی تو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

سمجھ لینا کہ میرا فرزند حسینؑ شہید کر دیا گیا۔ سلمٰی کہتی ہیں کہ ایک روز
بی بی ام سلمہ کے گھر سے نوحہ و ماتم کی آواز بلند ہوئی پس
میں سب سے پہلے وہاں گئی، ماجرا پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ابھی
ابھی پیغمبرِ خدا صلعم کو میں نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے
سر مبارک اور ریش مبارک پر گرد و غبار ہے میں نے عرض
کی اے اللہ کے رسولؐ یہ کیا حال بنایا ہوا ہے۔ فرمایا
ابھی ابھی میرا حسینؑ شہید کر دیا گیا ہے میں اس کی
شہادت کے وقت وہاں موجود تھا۔ ام سلمٰی کہتی ہیں
کہ یہ سن کر میں گھبرا کر اٹھی اور شیشی کو دیکھا کہ تازہ
خون اس میں جوش مار رہا تھا۔ سلمٰی کہتی ہے میں نے دیکھا
کہ بی بی ام سلمہ اس شیشی کو آگے رکھے ہوئی تھیں۔

۱۰: اسی طرح روز عاشورہ عبداللہ ابن عباس نے بھی دوپہر
کے وقت خواب میں دیکھا کہ آپ پراگندہ مو اور غبار آلود ہیں
اور آپ کے ہاتھ میں ایک شیشی ہے جس میں خون ہے تو
ابن عباس نے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یہ حسینؑ
اور ان کے اصحاب کا خون ہے۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ
میں نے اس دن کو ذہن نشین رکھا تو مدینہ خبر پہنچی کہ حسینؑ
اسی دن شہید ہوئے ہیں جس دن کہ میں نے خواب دیکھا تھا۔
(صواعق محرقہ ص۱۹۱)

۱۱: حنان ابن سدیر صیرفی سے روایت ہے کہ میں نے
اپنے باپ سے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے پیغمبر اسلامؐ
کو خواب میں دیکھا آپ کے سامنے ایک طبق تھا جو رومال
سے ڈھکا ہوا تھا۔ میں حضورؐ کے قریب گیا اور سلام
کیا حضور نے جواب سلام دیا پھر رومال کو طبق سے ہٹایا
کیا دیکھتا ہوں کہ اس میں تازہ کھجوریں تھیں حضورؐ اس میں سے
کھانے لگے تو میں حضورؐ کے اور قریب ہوا میں نے عرض کی
اے اللہ کے رسولؐ مجھے بھی کھجور کا ایک دانہ دیجئے حضورؐ
نے مجھے ایک دانہ دیا اور میں نے اسے کھایا پھر میں نے عرض
کی مجھے ایک اور دانہ دیجئے حضورؐ نے مجھے ایک اور کھجور کا
دانہ دیا میں نے اسے بھی کھایا پس جب میں ایک دانہ کھا لیتا
تو پھر سوال کرتا یہاں تک کہ آپ نے مجھے کھجور کے آٹھ
دانے دیئے اور میں نے انہیں کھایا پھر میں نے اور مانگا
تو حضورؐ نے فرمایا تجھے یہی کافی ہیں وہ کہتا ہے کہ میں اپنے
اس خواب سے بیدار ہوا تو صبح کو امام جعفر صادقؑ کے پاس
حاضر ہوا دیکھا حضور کے سامنے ایک طبق ہے اور اس پر اسی
طرح رومال ہے جیسا کہ میں نے حضورؐ کے سامنے دیکھا تھا پس
میں نے امام کو سلام عرض کیا تو حضورؐ نے جواب سلام فرمایا
پھر آپ نے طبق سے رومال اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ اس میں

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

تازہ کھجوریں ہیں۔ پس حضورؐ اس میں سے کھانے لگے ہیں متعجب ہوا اور عرض کی میں آپ پر قربان ہو جاؤں مجھے ایک دانہ دیجیے حضورؐ نے دیا اور میں نے کھایا پھر طلب کیا یہاں تک کہ میں نے اسی طرح آٹھ دانے کھائے پھر میں نے اور مانگا تو آپ نے فرمایا لو زادک جدی رسول اللہ لزدناک (اگر میرے نانا رسولؐ تجھے اور کھجوریں دیتے تو ہم بھی تجھے ضرور زیادہ دیتے) اس کے بعد میں نے رات والا خواب سُنایا تو حضور اس طرح متبسّم ہوئے کہ آپ اس واقعہ کو خوب جانتے ہیں۔

۱۲ : اسی طرح ہارون مصری جو کہ متوکل کے قائدین میں سے تھا، نے رسول پاکؐ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اس کو منع فرما رہے ہیں کہ وہ کربلا نہ جائے اور متوکل کے حکم سے قبر حسینؑ کو نہ کھودے۔ لیکن وہ باز نہ آیا اور جس طرح متوکل نے اسے حکم دیا تھا اس کام کو کرنے کے جانا چاہتا تھا تو اس نے دوبارہ رسول پاکؐ کو خواب میں دیکھا تو آپ نے اسے ایسا طمانچہ مارا اور اس کے منہ پر تھوکا پس اس کا منہ تارکول کی طرح سیاہ ہو گیا اور اس سے کافی مدّت تک بدبو آتی رہی۔

۱۳ : کھجوروں والا خواب ایک اور طرح سے بھی منقول ہے کہ

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

ابی حبیب نباجی نے پیغمبر اسلام کو خواب میں دیکھا کہ آپ کے سامنے ایک طبق ہے جس میں صیحانی کھجوریں ہیں، حضورؐ نے اس کو ایک مٹھی کھجوروں کی دی۔ اس نے خواب ہی میں انھیں شمار کیا تو وہ اٹھارہ تھیں پھر وہ عالم بیداری میں امام رضاؑ کے پاس پہنچا آپ کے سامنے اسی طرح صیحانی کھجوروں کا طبق تھا آپ نے ابی حبیب کو ان کھجوروں کی ایک مٹھی دی اس نے ان کھجوروں کو شمار کیا تو وہ اٹھارہ تھیں اس نے عرض کی مولا کچھ اور دیجیے تو آپ نے فرمایا اگر میرے نانا تجھے کچھ اور دیتے تو میں بھی زیادہ دیتا (صواعق ص۲۰۳)

۱۴ : ایک خراسانی نے نبی کریمؐ کو خواب میں دیکھا کہ آپ اس سے فرما رہے ہیں کیف انتم اذا دفن فی ارضکم بضعتی (یعنی اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہاری زمین میں میرا ایک ٹکڑا دفن کیا جائیگا اور تمہاری زمین میں میرا ایک ستارہ غائب ہو جائے گا۔ (یہ امام علی ابن موسیٰ رضاؑ کی طرف اشارہ ہے)

۱۵ : صواعق محرقہ میں ہے کہ ایک قاری جب تیمور لنگ کی قبر کے پاس سے گزرتا تھا تو خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ (اسے پکڑو اور زنجیروں میں جکڑو پھر اسے جہنم میں داخل کردو (فرشتوں سے خطاب)

اس آیت کو بار بار دُہراتا تھا۔ وہ کہتا ہے کہ میں ایک دفعہ سویا ہوا تھا میں نے خواب میں رسولِ کریمؐ کو بیٹھے ہوئے دیکھا اور دیکھا کہ

تیمور لنگ بھی آپ کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے۔ قاری کہتا ہے میں نے اسے جھڑکا اور ڈانٹا اور کہا کہ اے اللہ کے دشمن ادھر آگیا ہے اور میں نے ارادہ کیا کہ اس کا ہاتھ پکڑلوں اور اسے نبی کریم کے پہلو سے اٹھا لوں پس نبی کریمؐ نے مجھ سے فرمایا اسے چھوڑ دے کیونکہ یہ میری ذرّیت سے محبت رکھتا تھا۔ میں گھبرا کے بیدار ہوا اور جو کچھ میں اس کی قبر پر پڑھتا تھا وہ چھوڑ دیا۔

۱۶ : صواعق محرقہ کے مؤلف ابن حجر مکّی نے اس مذکورہ بالا خواب کے نیچے تیمور لنگ کا ایک اور واقعہ بھی لکھا ہے جس کا یہاں ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جمال مرشدی اور شہاب کورانی سے روایت ہے کہ تیمور لنگ کے کسی بیٹے نے ان سے بیان کیا ہے کہ جب تیمور لنگ مرض الموت میں مبتلا ہوا تو ایک دن بہت زیادہ پریشان اور بے چین ہوا جس سے اس کا چہرہ سیاہ ہوگیا اور رنگ تبدیل ہوگیا۔ پھر اسے افاقہ ہوا تو لوگوں نے اس سے اس کی حالت کا ذکر کیا اس نے کہا کہ ملائکہ عذاب میرے پاس آئے تو میری یہ حالت ہوگئی پھر رسول پاکؐ تشریف لائے تو ملائکہ سے فرمایا کہ اس سے دُور ہو جاؤ اور چلے جاؤ کیونکہ میری ذرّیت سے محبت رکھتا تھا اور ان پر احسان کرتا تھا۔ (صواعق محرقہ صہ۲۴۴ ینابیع المودۃ صہ۳۹۴)

۱۷ : اور ینابیع المودۃ مولفہ علامہ سلیمان قندوزی صہ۳۸۹ پر لکھا ہے

ایک شخص عبداللہ بن مبارک ایک سال میں حج کرتا اور ایک سال گھر میں قیام کرتا تھا ایک دفعہ جب اس کے حج کرنے کا سال آیا تو وہ کہتا ہے کہ میں مروشاہجہاں سے نکلا اور اس وقت میرے پاس پانچسو دینار تھے پس میں کوفہ میں اونٹوں کے فروخت ہونے کے بازار میں اونٹ خرید نے پہنچا تو میں نے ایک مزبلہ[لہ] پر ایک عورت کو دیکھا جو مُردہ بطخ کے پر و بال نوچ رہی تھی میں نے اس سے کہا بی بی یہ کیا کر رہی ہے۔ اس نے کہا اس کے متعلق نہ پوچھو میں نے اس بی بی سے اصرار کیا تو اس نے کہا کہ میں اولادِ علیؑ سے ایک سیّد زادی ہوں اور میری چار یتیم بیٹیاں ہیں اور اب چوتھا دن ہے کہ ہم نے کوئی چیز نہیں کھائی اور آج ہمارے لئے یہ مردار حلال ہے۔ راوی کہتا ہے میں نے اپنے دل میں کہا اے عبداللہ تو کس خیال میں ہے پس میں نے تمام دینار اس کے کپڑے کے کونے میں لپیٹ دیے۔ وہ سر جھکائے بیٹھی تھی اور اوپر نہیں دیکھتی تھی۔ تب میں اپنی منزل پر چل پڑا پھر اپنے شہر مروشاہجہاں میں آیا اور ایام حج میں وہیں قیام کیا۔ جب دوسرے حاجی حج کرکے واپس آ گئے تو میں اپنے حاجی ہمسایوں اور دوستوں کی ملاقات کے لئے نکلا جو حاجی مجھ سے ملتا تھا میں اس سے کہتا تھا قبل اللہ حجک وشکر سعیک کہ اللہ تعالیٰ تیرے حج اور کوشش وسعی

لہ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

کو قبول اور منظور فرمائے اور وہ بھی میرے لئے یہی الفاظ دہراتا
تھا کہ ہم حج کے موقع پر فلاں فلاں جگہ جمع ہوئے (یعنی تو اور ہم)
پس میں نے وہ رات نہایت فکر اور پریشانی میں گزاری۔ ایک
دفعہ مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا تو خواب میں نبی کریمؐ کو دیکھا کہ آپ
مجھ سے فرمارہے ہیں اے بندۂ خدا تو نے میری اولاد میں سے
ایک میری مسکین اور مفلس بچی کی فریاد رسی کی ہے پس میں نے اللہ
سے سوال کیا ہے کہ اللہ تیری صورت میں ایک فرشتے کو پیدا کرے
جو روز قیامت تک ہر سال تیری طرف سے حج کرتا رہے۔ ینابیع
المودۃ میں اس قسم کے اور بھی کئی خواب مذکور ہیں جن سے
ظاہر ہوتا ہے کہ اولاد نبی و علیؑ کے احترام اور ان کی اعانت
و امداد کرنے کا بہت زیادہ اجر و ثواب ہے۔ ایک حدیث
میں ہے :-

اربعۃ انا لھم شفیع
یوم القیامۃ المکرم
لذریتی والقاضی
لھم حوائجھم والساعی
لھم فی امورھم عند
ما اضطروا الیہ
والمحب لھم
بقلبہ ولسانہ۔
ینابیع ۳۰۵/۳۷۸

نبی کریمؐ نے فرمایا کہ روز قیامت میں چار قسم کے
آدمیوں کی شفاعت کرونگا (۱) جو شخص
میری ذریت کی عزت اور احترام کرنیوالا ہو۔
(۲) جو شخص ان کے حاجات کو پورا کرنیوالا
ہو۔ (۳) جس شخص کے پاس میری اولاد
کے افراد کسی کام میں مجبور اور مضطر ہو کر
جائیں تو ان کے امور کی انجام دہی میں
جدوجہد کرنیوالا ہو۔ (۴) جو شخص
اپنے دل اور زبان سے ان کے ساتھ
محبت کرنیوالا ہو۔

دُعا ہے کہ خداوند عالم ہر مسلمان اور مومن کو اولاد نبی کا احترام
کرنے کے لئے توفیق فرمائے اور سادات کو بھی اپنے آبائے معلب
بن و اجداد طاہرین کی سیرت و کردار کو اپنانے کی توفیق مرحمت
فرمائے۔ تاکہ کسی ظاہر بین کو ان کے اخلاق و اطوار اور اعمال پر
نکتہ چینی کرنے اور اعتراض کرنے کا موقع نہ ملے۔

۱۸: ابوالفرج ابن جوزی نے اپنی کتاب ملتقط میں روایت کی
ہے کہ بلخ میں ایک علوی سید تھا اس کی بیوی اور کچھ بیٹیاں تھیں
اس سید کی وفات ہوگئی اور وہ سیدزادی اعداء سے ڈر کر بیٹیوں
کو ہمراہ لیکر سمرقند پہنچی اور سخت سردی کی وجہ سے بیٹیوں کو مسجد میں
داخل کیا اور خود شہر کی گلیوں میں پھرنے لگی۔ ایک جگہ لوگوں کو ایک
شیخ البلد کے پاس جمع دیکھا اس سیدزادی نے اپنی بپتی سنائی تو
شیخ نے کہا اپنی سیدزادی ہونے کا ثبوت پیش کرو پس وہ اس
سے ناامید ہو کر مسجد کی طرف لوٹی تو ایک شیخ کو ایک دکان پر دیکھا
کہ اس کے اردگرد لوگوں کی ایک جماعت تھی اور وہ شخص مجوسی تھا
پس بی بی نے اس کے سامنے اپنے حالات تفصیلاً بیان کئے۔
مجوسی نے اپنے خادم سے کہا جا کر اپنی سردار سے کہو کہ وہ اس

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

بی بی کے ساتھ فلاں مسجد میں جائے اور اسے اور اس کی بیٹیوں کو گھر لے آئے۔ وہ مجوسیہ اس سیدزادی اور اس کی بیٹیوں کو اپنے گھر لے آئی انھیں رہائش کے لیئے علیحدہ جگہ دی، ان کو قیمتی لباس دیئے اور انھیں عمدہ کھانے کھلائے جب نصف شب ہوئی تو مُسلمان شیخ البلد نے اپنے خواب میں سبز زمرّد کا ایک محل دیکھا اس نے پوچھا یہ کس کا محل ہے۔ کسی نے کہا یہ مُسلمان مرد کا محل ہے اس نے کہا یا رسولؐ اللہ میں مسلمان مرد ہوں تو آپ نے فرمایا کہ اپنے مسلمان ہونے کا کوئی ثبوت پیش کرو اور جو کچھ تو نے اس سیّدزادی سے کہا ہے کیا تو بھول گیا! یہ محل اس شیخ کا ہے جس کے گھر وہ سیّدزادی موجود ہے۔ پس وہ مسلمان مرد بیدار ہوا اور روتا ہوا باہر نکلا۔ لوگوں سے پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ وہ سیّدزادی مجوسی کے گھر ہے۔ مجوسی کے پاس آیا اور کہا کہ میں اس سیّدزادی کی ضیافت کرنا چاہتا ہوں۔ مجوسی نے کہا یہ تو نہیں کر سکتا۔ اس نے کہا یہ ہزار دینار لے اور ان سیدانیوں کو میرے سپرد کر دے۔ اس نے کہا ہرگز نہیں میں لاکھ دینار کے بدلے بھی ایسا نہیں کروں گا۔ جب اس مسلمان نے اصرار کیا تو مجوسی نے اس سے کہا کہ وہ خواب جو تو نے دیکھا ہے میں بھی دیکھ چکا ہوں۔ اور وہ محل اللہ نے صرف میرے لئے پیدا کیا ہے اور خدا کی قسم میرے گھر میں اس وقت کوئی بھی

ایسا آدمی نہیں جو اس سیّدزادی کی برکت کی وجہ سے مسلمان نہ نہ ہوگیا ہو اور میں نے خواب میں نبی کریمؐ کو دیکھا ہے وہ فرماتے ہیں یہ محل صرف تیرے اور تیرے بچّوں کے لیئے ہے اور یہ اس احترام کا بدلہ ہے جو تو نے میری مصیبت زدہ بچّی کا کیا ہے۔

خوابوں کے متعلق چند مفید معلومات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ خواب کی تین قسمیں ہیں:-

۱ : مومن کے لئے خدائے تعالیٰ کی طرف سے خوشخبری کا آنا۔

۲ : شیطان کا ڈرانا۔

۳ : پریشان خیالات کا دکھائی دینا۔

دوسری معتبر حدیث میں فرمایا کہ جھوٹے خواب جن کا اثر نہیں ہوتا وہ خواب ہیں جو رات کے اول حصّے میں دکھائی دیتے ہیں یہ سرکش شیطانوں کے غلبہ پانے کا وقت ہے اور وہ چند خیالات کو مشکل کرکے دکھاتے ہیں جن کی اصلیت کچھ نہیں ہوتی۔ رہے سچّے خواب تو وہ گنتی ہی کے ہوتے ہیں اور وہ رات کی پچھلی تہائی میں طلوع صبح صادق تک دکھائی دیتے ہیں کیونکہ یہ فرشتوں کے اُترنے کا

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

وقت ہے۔ یہ خواب جھوٹے بھی نہیں ہوتے سوائے اس کے کہ مومن حالتِ جنب میں یا بے وضو سوگیا ہو یا سونے سے پہلے جو کچھ خدا کا ذکر اور اس کی یاد کرنی چاہیئے وہ نہ کیا ہو۔ ان حالات میں اس کا خواب سچا نہ ہوگا۔ یا اس کا اثر دیر میں ظاہر ہوگا۔

جناب رسولؐ خدا نے فرمایا مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ فِی النَّوْمِ وَلَا یَقْظَۃِ وَلَا بِاَحَدٍ مِنْ اَوْصِیَائِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ بیداری میں دیکھا۔ کیونکہ شیطان کسی شخص کی نیند اور بیداری میں نہ میری شکل اختیار کرسکتا ہے اور نہ میرے اوصیاءؑ میں سے کسی کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ اور ایک حدیث میں ہے فرمایا کہ مومن کا خواب پیغمبری کے ستّر حصّوں میں سے ایک حصّہ ہے۔

منقول ہے آپؐ نے فرمایا آخری زمانہ میں مومن کا خواب جھوٹا نہ ہوگا بلکہ جو شخص جتنا سچّا ہوگا اتنا اس کا خواب سچّا ہوگا۔

دوسری حدیث میں منقول ہے کہ مومن کا خواب سچّا ہوتا ہے کیونکہ اس کا نفس پاک ہے۔ اور یقین درست ہے۔ پس جب اس کی روح تن سے نکلتی ہے تو فرشتوں سے ملاقات کرتی ہے اسی سبب سے اس کا جواب بمنزلہ وحی کے ہے۔

منقول ہے کہ پیغمبر خدا صلعم کے بعد سلسلہ وحی منقطع ہوگیا مگر خوشخبری دینے والے خواب باقی ہیں۔ جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے ایک شخص نے سرکار رسالتؐ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ (جو لوگ ایماندار اور پرہیزگار ہیں ان کے لئے زندگانئ دنیا میں بھی خوشخبری ہے اور آخرت میں بھی) آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا کہ زندگانئ دُنیا کی خوشخبری سے مراد نیک خواب ہیں جو مومن دُنیا میں دیکھتا ہے اور ان کی خوشخبری سے خوش ہوتا ہے۔

معبّر کیسا ہو!

تعبیر خواب کا علم بہت دقیق ہے اور یہ علم انبیاء اور اوصیاء کے لئے مخصوص ہے

خوابوں کی تعبیر بیان کرنا حضرت یوسف علیٰ نبینا کا تو معجزہ تھا ہاں جن لوگوں کو علم رویاء کی کتابوں پر عبور حاصل ہے اور یہی ان کا روز مرّہ کا مشغلہ ہے وہ بھی تعبیر خواب صحیح بیان کرنے میں کچھ نہ کچھ دسترس رکھتے ہیں۔ ایک معتبر حدیث میں امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ اپنا خواب صرف اس مومن سے بیان کرو جس کا دل حسد و عداوت سے خالی ہو اور وہ نفس سرکش کا تابعدار نہ ہو اور نیز آنجنابؑ سے مروی ہے کہ رسولؐ پاک فرمایا کرتے تھے کہ مومن کا خواب اس وقت

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

تک آسمان و زمین کے مابین اس کے سر پر معلّق رہتا ہے جب تک کہ وہ خود یا کوئی اور اس کی تعبیر نہ دے پھر جیسی تعبیر دی جاتی ہے ویسا ہی واقعہ ہوتا ہے اس لئے مناسب نہیں کہ تم اپنا خواب کسی عقلمند آدمی کے سوا اور کسی سے بیان کرو۔

ان روایات سے صاف واضح ہے کہ انسان اپنا خواب ہر کہ ومہ کو نہ سناتا پھرے بلکہ ایسے شخص سے اپنا خواب بیان کرے جو پابند صوم وصلوٰۃ، نیک نفس، پاک سیرت، پاکیزہ کردار، عقلمند اور صاحبِ علم و ہمدرد ہو جیسا کہ ایک معتبر روایت میں مذکور ہے کہ رسالتمآبؐ کے زمانہ میں ایک عورت کا شوہر سفر میں گیا ہوا تھا۔ اس عورت نے خواب میں دیکھا کہ میرے گھر کا ستون ٹوٹ گیا وہ عورت حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنا خواب عرض کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تیرا شوہر صحیح وسلامت سفر سے واپس آئے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ دوسری دفعہ پھر اس کا شوہر سفر پر گیا اور اس عورت نے ویسا ہی خواب دیکھا اور حضورؐ نے وہی تعبیر دی اور اس کا شوہر اسی طرح واپس آ گیا، تیسری مرتبہ وہ پھر سفر پر گیا، اس عورت نے پھر وہی خواب دیکھا۔ اب کی مرتبہ ایک شخص سے سامنا ہو گیا۔ خواب اس سے بیان کیا گیا۔ اس نے کہا کہ تیرا شوہر مر جائے گا، اور اسی طرح ہوا۔ یہ

خبر حضورؐ تک پہنچی تو آپؐ نے فرمایا کہ اے شخص تو نے اسے نیک تعبیر کیوں نہ دی!

نیند میں ڈرنا اور ڈراؤنے خواب دیکھنا

۱: حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص سوتے میں ڈرتا ہو تو سونے سے پہلے دس مرتبہ یہ کہہ لے لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ یحیی و یمیت و یمیت و یحیی وھو حی لا یموت اس کے بعد حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھا کرے اور طب الائمہ میں یہ اور مزید ہے کہ آیت الکرسی اور سورہ قل ہو اللہ احد بھی پڑھ لیا کرے۔

۲: حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ جو شخص سوتے میں ڈرے یا نیند نہ آنے سے پریشانی ہوتی ہو تو یہ آیت پڑھے:

فَضَرَبْنَا عَلَىٰ آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِينَ عَدَدًا ثُمَّ بَعَثْنَاهُمْ لِنَعْلَمَ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصَىٰ لِمَا لَبِثُوا أَمَدًا

پ ۱۵ ع ۱۳ سورہ کہف اگر بچہ زیادہ روتا ہو تو اس پر بھی یہی آیت پڑھنی چاہیئے۔

۳: حدیث صحیح میں حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو شخص سونے میں ڈرتا ہو اسے چاہیئے کہ سوتے وقت معوذتین

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

اور آیۃ الکرسی پڑھے ۔

۴ : دوسری روایت میں ہے کہ رات کو ڈرنے سے محفوظ رہنے کے لئے دس مرتبہ یہ دُعا پڑھ لیا کرے ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ مِنْ غَضَبِہٖ وَمِنْ عِقَابِہٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ پھر آیۃ الکرسی اور یہ پڑھے ۔ اِذْ یُغَشِّیْکُمُ النُّعَاسَ اَمَنَۃً مِّنْہُ وَجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتًا ۔

۵ : حدیث میں وارد ہے کہ شہاب ابن عبداللہ نے امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ ایک عورت میرے خواب میں آکر ڈراتی ہے حضرت نے فرمایا کہ بستر پر اپنے ساتھ ایک تسبیح لے جایا کرو اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر تینتیس مرتبہ سبحان اللہ اور تینتیس مرتبہ الحمد للہ کہہ کر دس مرتبہ یہ دُعا پڑھا کر ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَیُمِیْتُ وَیُحْیِیْ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَلَہُ اخْتِلَافُ اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ ظاہر تسبیح حضرت فاطمۃ الزہراؑ بہ وقت خواب پڑھنے میں یہ اختیار ہے کہ سبحان اللہ کو الحمد للہ سے پہلے پڑھیں یا بعد ۔

۶ : حدیث صحیح میں انہی حضرت سے منقول ہے کہ جسے نیند

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

میں احتلام ہو جانے کا ڈر ہو وہ بستر پر لیٹ کر یہ دعا پڑھ لیا کرے ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ سُوْءِ الْاَحْلَامِ وَمِنْ یَّتَلَاعَبَ بِیَ الشَّیْطَانُ فِی الْیَقْظَۃِ وَالْمَنَامِ ۔

۷ : حدیث حسن میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص پریشان خواب دیکھے تو اس کو چاہیے کہ وہ کروٹ بدلے اور یہ کہے ۔ اِنَّمَا النَّجْوٰی مِنَ الشَّیْطٰنِ لِیَحْزُنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیْسَ بِضَآرِّھِمْ شَیْئًا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ اس کے بعد یہ کہے عُذْتُ بِمَا عَاذَتْ بِہٖ مَلٰٓئِکَۃُ اللّٰہِ الْمُقَرَّبُوْنَ وَاَنْبِیَاءُہُ الْمُرْسَلُوْنَ وَعِبَادُہُ الصّٰلِحُوْنَ مِنْ شَرِّ مَا رَاَیْتُ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔

۸ : دوسری روایت میں انہی حضرت سے اس طرح منقول ہے کہ جب کوئی شخص پریشان خواب دیکھ کر جاگ اٹھے تو یہ کہے ۔ اَعُوْذُ بِمَا عَاذَتْ بِہٖ مَلٰٓئِکَۃُ اللّٰہِ الْمُقَرَّبُوْنَ وَاَنْبِیَاءُہُ الْمُرْسَلُوْنَ وَعِبَادُ اللّٰہِ الصّٰلِحُوْنَ وَالْاَئِمَّۃُ الرَّاشِدُوْنَ الْمَھْدِیُّوْنَ مِنْ شَرِّ مَا رَاَیْتُ مِنْ رُؤْیَایَ اَنْ تَضُرَّنِیْ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ اس کے بعد بائیں طرف تھوک دے ۔

۹ : ایک اور روایت میں وارد ہوا ہے کہ کسی شخص نے ان حضرت

سے شکایت کی کہ میری لڑکی رات دن ڈرتی رہتی ہے، فرمایا
اسے فصد کرادے۔

۱۰ : دوسری روایت میں یوں منقول ہے کہ کسی شخص نے آنحضرتؐ
سے شکایت کی کہ میری لڑکی سوتے میں ڈرتی ہے کبھی کبھی تو
اس کی حالت ایسے ہو جاتی ہے کہ اس کے اعضا ڈھیلے اور
سُست پڑجاتے ہیں۔ لوگوں کا قول ہے کہ یہ جن کے تصرف
کے سبب ہے۔ فرمایا کہ اس کا فصد کرادے اور عرق سویا
شہد میں ملاکر پلادے اور تین دن پلا۔ یہ عمل کرنا تھا کہ
اس لڑکی کو آرام آگیا۔ دوسری حدیث میں منقول ہے کہ
ایک شخص حضرت امام جعفر صادقؑ کے پاس یہ شکایت لایا کہ
ایک عورت مجھے خواب میں آکر ڈراتی ہے حضرت نے فرمایا
کہ شاید تو زکوٰۃ ادا نہیں کرتا۔ عرض کیا یابن رسولؐ اللہ میں
تو برابر زکوٰۃ دیتا ہوں تو فرمایا مستحق کو نہ پہنچتی ہوگی۔ یہ
سُن کر اس نے زکوٰۃ کی رقم آنحضرتؑ کی خدمت میں بھیجدی
کہ مستحق کو پہنچادیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ کیفیت بھی جاتی رہی۔

۱۱ : ایک حدیث میں امیر المومنین علیہ السلام سے منقول
ہے آپ نے فرمایا کہ آگ میں جلنے اور پانی میں غرق
ہونے سے محفوظ رہنے کے لئے یہ دعا پڑھی جائے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَ

هُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ
جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ
بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔ پ۲۴ ع۱۴
سورۂ زمر۔

۱۲ : کتاب خلاصۃ الاذکار میں سیدہ عالیہ جناب فاطمہ زہرا
صلوات اللہ علیہا سے روایت ہے کہ ایک رات میں جامہ
خواب پہن چکی تھی اور سونا چاہتی تھی تو جناب رسولِ خدا
میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا اے فاطمہؑ جب تک
یہ چار عمل نہ کرلیجئے نہ سوئیے۔ ۱ : ختم قرآن کیجئے۔ ۲ :
تمام پیغمبروں کو اپنا شفیع بنائیے۔ ۳ : مومنین کو اپنی طرف
سے خوش کیجئے۔ ۴ : حج و عمرہ کرلیجئے۔ پس پیغمبرؐ یہ
کہہ کر نماز میں مشغول ہوگئے اور میں نے ان کے نماز ختم
کرنے تک توقف کیا۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو
میں نے عرض کی یا رسولؐ اللہ آپ نے جن چار چیزوں کا حکم
دیا ہے میں ان کو اس وقت بجالانے پر قدرت نہیں رکھتی۔
آنحضورؐ متبسم ہوئے اور فرمایا بیٹی جب تو سورۂ قل ہو اللہ
احد تین مرتبہ پڑھے گی تو گویا تونے قرآن مجید کو ختم کیا ہے
اور جب تو مجھ پر اور مجھ سے پہلے پیغمبروں پر صلوٰۃ بھیجے گی تو ہم
تمام پیغمبر روز قیامت تیرے شفیع ہوں گے اور بیٹی جب تو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

مومنین کے لئے استغفار[1] کریگی تو تمام مومنین تجھ سے خوش ہوں گے اور بیٹی جب تو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھے گی تو گویا تو نے حج اور عمرہ کر لیا۔

۱۳: اور روایت ہے کہ جو شخص سوتے وقت تین مرتبہ پڑھے یفعل اللہ ما یشاء بقدرتہ و یحکم ما یرید بعزتہ تو وہ اس طرح ہو گا گویا اس نے ہزار رکعت نماز پڑھی۔ اللھم صل علیٰ محمدؐ و آل محمدؐ!

چوروں اور درندوں سے محفوظ رہنے کی دعائیں

۱: حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے۔ جو شخص یہ دعا رات کو پڑھے تو میں ضامن ہوں کہ اسے سانپ بچھو وغیرہ سے تا صبح ضرر نہ پہنچے گا۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنَ الَّذِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَءَ وَمِنْ شَرِّ مَا بَرَءَ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشَرِّ کَیْدِہٖ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

---

[1] اللھم اغفر للمومنین والمومنات۔ پڑھ[illegible]

۲: نیز جو شخص تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو اس شب سانپ بچھو اور چور کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔ عَقَدْتُّ زَبَانِیَ الْعَقْرَبِ وَلِسَانَ الْحَیَّۃِ وَیَدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

۳: جو شخص سوتے وقت داہنی کروٹ لیٹے اور اپنا دایاں ہاتھ دائیں رخسار کے نیچے رکھے اور ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ چور سے اور مکان کے نیچے دبنے سے اور جلنے سے اسے محفوظ رکھے گا اور صبح تک ملائکہ اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ بسم اللّٰہِ وَضَعْتُ جَنْبِیْ لِلّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَوِلَایَۃِ مَنِ افْتَرَضَ اللّٰہُ عَلَیَّ طَاعَتَہٗ مَاشَاءَ اللّٰہُ وَمَالَمْ یَشَاْءُ لَمْ یَکُنْ۔

۴: جو شخص رات کو دس مرتبہ یہ دعا پڑھے تو خواب میں نہ ڈریگا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ۔

۵: جب کوئی شخص ہولناک خواب دیکھے یا سونے میں ڈرے۔ تو بیدار ہو کر تین مرتبہ اپنی بائیں طرف تھوکے اور دوسرا پہلو بدل کر یہ دعا پڑھے۔ بِرَبِّ مُوْسٰی وَعِیْسٰی وَاِبْرَاھِیْمَ

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

اَلَّذِیْ وَفَی مُحَمَّدٍ ن الْمُصْطَفٰی مِنْ شَرِّ ھٰذَا الرُّؤْیَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا۔

فالنامے

یہ فالنامے بعض غیر معتبر کتب سے نقل کئے جا رہے ہیں جن سے بعض فالنامے تو بعض عاملین کے مجرّب ہیں اور وہ ان پر کافی یقین اور وثوق رکھتے ہیں۔ ہم نے ان کو بھی قارئین کی تفننِ طبع کے لئے درج کر دیا ہے ان پر پوری طرح یقین اور وثوق نہیں کیا جا سکتا کہ یہ آئمہ معصومینؑ سے منقول ہیں لہٰذا بعض حضرات کی فرمائش پر انھیں درج کیا جا رہا ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ ان پر پورا اعتماد نہ کریں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِعَوَاقِبِ الاُمُوْر وھو مدبّر الامور و عندہ علم کل الامور واللہ یحکم لا معقب لحکمہ وھو سریع الحساب ۔ پ ۱۳ ۔ ع ۱۴ ۔ رعد

فالنامہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام

جب کسی شخص کو فال نکالنا مقصود ہو تو آنکھیں بند کر کے شہادت کی انگلی کو کسی ایک خانہ پر رکھے پھر اپنا حال ذیل سے دریافت کرے۔

ف رک ۱	ت ت ن ۲	ت ل ت ۳	ر ک ت ۴	ق ل ف ۵	ن ک ل ۶
ق دل ۷	ت دو ۸	ق ک ف ۹	و رک ۱۰	و دل ۱۱	د دن ۱۲
دت ل ۱۳	دک ل ۱۴	ول و ۱۵	ول و ۱۶	ذ ت وٗ ۱۷	ل ل ذ ۱۸
ول ل ۱۹	رو د ۲۰	ول ک ۲۱	ول ل ۲۲	رت ل ۲۳	ل ل ل ۲۴
ن ک ت ۲۵	ل و ک ۲۶	و ل ت ۲۷	ل ل ک ۲۸	ک ل ل ۲۹	ت ک و ۳۰
ق ت ن ۳۱	ل ک ت ۳۲	ک ل ک ۳۳	ل دت ۳۴	ل رد ۳۵	ک ل و ۳۶
ق ت ل ۳۷	ت ل ل ۳۸	ل ل ت ۳۹	ل ف ل ۴۰	ل و ل ۴۱	ل ل ک ۴۲
ل ل دل ۴۳	ل ف و ۴۴	ل ت ت ۴۵	ل دو ۴۶	ل ک ک ۴۷	ل ک ت ۴۸

ف رک ۱: حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کے فالنامہ کے مطابق کلام خدا انا فتحنا لک فتحاً مبینا معرض ظہور میں آتا ہے اے صاحبِ فال معلوم ہو کہ اس صورت میں تجھ کو بفضلِ ربّ جلیل فتح و نصرت دشمنوں پر ظفر تمام حاصل ہو گی اور جملہ حاجات بھی حسبِ دلخواہ انجام پائیں گی۔ ھٰذا [illegible]

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

علیہ السّلام فرماتے ہیں جو اندیشہ اور خدشہ تیرے دل میں مرکوز اور حاجات و مہمات پیش نہا و خاطر ہوں۔ انشاء اللہ بطریق سہل و آسان سرانجام پائیں گے کہ تمام ہمعصروں اور ہم جنسوں میں ذی جاہ و سرفراز ہے اور شاید اس قول کے مطابق حضرت ذوالقرنین کا قول ہے۔

ث ث ن ۲ : یرزقون فرحین بما اتاھم اللہ من فضلہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام بہ دلیل قول ربّانی فرماتے ہیں کہ اے صاحبِ فال تو اپنا اعتقاد کہ اصل جملہ اعمال و افعال کی ہے درست و استوار رکھ کہ رب بفضلہ تعالیٰ ایزدی شوکت و تحمل کا وقت اور شادی و فرحت باری بخت و افزونی دولت کا زمانہ آیا اور دانیال علیہ السّلام و ذوالقرنین ہدایت صدقہ و تاکید بلیغ توکل بر خدا کے لئے فرماتے ہیں۔

ث ل ت ۳ : استغفر لھم اولا تستغفر لھم ان تستغفر لھم سبعین مرّۃ بہ تفسیر حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید صبر کرنا بہر حال اول و انسب ہے۔ اس کے مطابق ذوالقرنین کا قول ہے۔

ر ک ت ۴ : کانھم خشب مسندۃ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام تشریح فرماتے ہیں اے صاحب فال دِل قوی

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

رکھ اور فضل باری تعالیٰ کا امّیدوار رہ۔

ک ل ف ۵ : ان اللہ مع الصّٰبرین حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام بہ اعتقاد آیت مسطورہ تعبیر فرماتے ہیں اے صاحب فال چند ایام متوقف ہو انشاء اللہ مقصود بفضل رب پُورا ہو گا۔

منشیں ترش از یں گردش ایام کہ صبر — گرچہ تلخ است ولیکن بر شیریں دارد

ن ک ل ۶ : مالک من اللہ من ولی ولا نصیر حضرت امام جعفر صادقؑ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جملہ مصائب و مشکلات سے نجات حاصل ہو اور دشمنوں پر ظفر شامل حال اور جمیع امور حسب خواہش انجام پذیر ہوں۔ ذوالقرنین کا قول بھی اسی کا مؤید ہے۔

ث د ل ۷ : واخریٰ تحبونھا نصر من اللہ و فتح قریب و بشر المومنین بہ تشریح حضرت امام جعفر صادقؑ و دانیالؑ۔ صاحبِ فال کو مژدہ ہو اور فارغ البالی و دولت و سعادت کی مبارک ہو۔

ث د و ۸ : و من آیاتہ ان یرسل الریح مبشرات حضرت امام جعفر صادقؑ معتبر ہیں کہ صاحب فال مثل درخت میوہ دار کے ہے کوئی خلق اللہ کو منفعت پہنچے اور اس کے سایہ میں آرام و چین پائے۔ انجام کار اچھا ہو گا۔ والاعتبار بالخواتیم۔

ث ک ک ۹ : لا یستطیعون نصرھم و لا ھم منا یصحبون،

بہ تفسیر حضرت امام جعفر صادقؑ صاحبِ فال! نعمت و دولت کی زیادتی ہو اور راحت و آسائش میں زندگی بسر ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

د ر ک ۱۰ : مشکوٰۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ کانہا کوکب دری اے صاحبِ فال! حضرت امام جعفر صادقؑ مفسر ہیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر مطلب اور مقصد دل میں موجود ہے بفضلِ ایزد انجام پائے۔

د و لِ ۱۱ : وجعلنا من بین ایدیھم سداً ومن خلفھم سدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ بہ تفسیر حضرت امام جعفر صادقؑ اے اہلِ فال امید پوری ہو اور ان مصائب و آفات سے جو دشمن ایذارسانی چاہتے ہیں امن حاصل ہو انشاء اللہ العزیز!

د و ن ۱۲ : من یوت الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیراً۔ حضرت امام جعفر صادقؑ مفسر ہیں اے صاحبِ فال بشارت ہو جملۂ معاندین ناہنجار مغلوب اور تو مظفر و منصور ہوگا اور سب امور حسبِ خواہش انجام پائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ!

د ت ل ۱۳ : وکنتم علی شفا حفرۃ من النار حضرت امام جعفر صادقؑ تشریح فرماتے ہیں۔ اس میں اہلِ فال کو تربیت ہے اور تکلیف پیش آنے والی ہے۔ صبر و شکر کرنا چاہیئے۔ صدقہ دینا، نمازوں کو اپنے اوقات پر لازم ادا کرنا چاہیئے۔

د ک ل ۱۴ : وفتحنا ابوابھا اس آیہ کریمہ کی تفسیر میں

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اہلِ فال کو بشارت ہے ابواب مقاصد فتوح اور جمیع معارب خاطر خواہ میسّر ہوں۔ انشاء اللہ۔

د ل و ۱۵ : والصّٰبرین والصادقین بہ توضیح امام جعفر صادقؑ اس فال سے ہراساں و خائف نہ ہو خداوند تیرا معاون و مددگار ہوگا۔ اعداء مغلوب و مقہور اور حاجت روا ہو، روزی کا باب مفتوح ہو سب تنگی و عسرت رفع ہو انشاء اللہ!

د ل د ۱۶ : ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب اب وہ وقت آن پہنچا کہ تیرا بخت یاور ہو اور تجھ کو ایسی جگہ سے رزق پہنچے کہ تجھ کو علم بھی نہ ہو۔

ذ ت د ۱۷ : وکلوا واشربوا مما رزقکم اللہ حلالا طیباً۔ حضرت امام جعفر صادقؑ شارح ہیں۔ اے صاحب فال اپنا دل قوی رکھ اور کسی سے اپنی التجا بجز خدائے عز و جل مت بیان کر۔ سعادت میسّر ہوگی اور نحوست نہ ہوگی۔

ل ل ق ۱۸ : یاایھا الذین اٰمنوا انما الخمر والمیسر۔ حضرت امام جعفر صادقؑ تفسیر فرماتے ہیں اے صاحب فال چند روز صبر کر اور اس امر سے جو تیرے دل میں مضمر ہے باز رہے ورنہ بجائے نفع ضرر پہنچے صدقہ دینا اعمال صالح کی جانب راغب ہونا لازم ہے۔ نشہ جوا وغیرہ سے باز رہے۔

د ل ۱۹ : یوم یرونھم رای العین بہ تفسیر امام جعفر صادقؑ

جو کچھ خواہش ہو خدا سے طالب ہو۔ مقصود پورا ہو حاجت روا ہو انشاء اللہ

ر و د ۲۰ : فاذا عزمت فتوکل علی اللہ اہلِ فال اپنا ارادہ پختہ و مقیم رکھ اس سبحانہ تعالیٰ پر بھروسہ کر مراد پوری ہو انشاء اللہ ۔

د ل ک ۲۱ : لیس علیک جناحٌ اے صاحبِ فال اس خیال سے جو کہ تیرے دل میں ہے راحت پائے خوشی اور مسرت دکھائے اسباب و متاع تجارت میں منافع ہو ۔

و ل ل ۲۲ : لیو فینہم اجورھم اے صاحبِ فال صبر کر شتابی اچھی نہیں دینی و دنیاوی معاملات میں دوستوں سے مشاورت کر اور چشم پوشی اچھی نہیں اپنے کاموں میں انجام اور عواقب امور کو سوچ سمجھ جو تیرا دل چاہتا ہے وہ کام پورا ہو حاجت روا ہو انشاء اللہ ۔

ر ت ل ۲۳ : الذین یرثون الفردوس حضرت امام جعفر صادقؑ تفسیر کرتے ہیں کہ اے صاحب فال تم کو بشارت ہو دولت غیب سے پہنچے ۔ فرزند سعادت مند ہو اور اگر تجارت کی نیت ہو تو بہت منفعت ہو ۔

ل ل ل ۲۴ : فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی جان اور خوب سمجھ صاحب فال تیرا بخت یاد رہے جو تمنا رکھے بے زبان ونقصان بر آئے ۔ انشاء اللہ !

ن ک ت ۲۵ : اللہ ولی الذین اٰمنو حضرت امام جعفر صادقؑ مفسر ہیں دل خوش اور شاداں رکھ، عبادت کر صدقہ کا سامان کر، دشمن مقہور ہوں کاموں کا نیک انجام ہو۔

ل و ک ۲۶ : مثلھم کمثل الذی استوقد ناراً ۔ اے اہلِ فال اس کام سے پرہیز اور احتراز رہے صبر کر بجز صبر کے چارہ نہیں اس خیالِ خام سے درگزر ۔

د ل ت ۲۷ : قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی بہ تفسیر امام جعفر صادقؑ مراد پوری ہو اور تمنا حاصل ہو انشاء اللہ ۔

ل ل ک ۲۸ : وعد اللہ الذین اٰمنوا وعملوا الصٰلحت منکم حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں جس کام کی نیت صاحبِ فال نے کی ہے بتضرع و خضوع انشاء اللہ دولت میسّر ہو خوشی ہو۔

ک ل ل ۲۹ : والی اللہ ترجع الامور حضرت امام جعفر صادقؑ آیہ کریمہ کی تفسیر فرماتے ہیں کہ اہل فال کو خوشی و خرمی حاصل ہو ناداری و افلاس رفع ہو اور کار بستہ کشادہ ہو تم کو مبارک میمون ہو انشاء اللہ ۔

ت ک و ۳۰ : والقینا بینھم العداوۃ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اہل فال دشمنوں کی بدی اور گزند رسانی سے خائف و لرزاں رہے احتیاطاً غیر کے ہاتھ سے ہر شے کھانے سے بچنا

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

رہے۔ صدقہ اپنا مساکین کو دے۔ محفوظ اور مصئون رہے۔

ق ت ن ۳۱ : فالذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت اے صاحبِ فال صدقہ مساکین کو دے اور پختہ طعام کھلانے میں جلدی کر طاعت باری عزوجل میں اشتیاق رکھ انشاء اللہ فائز المرام ہوگا۔

ل ک ت ۳۲ : من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا۔ اے صاحب فال اگر نیت خیر ہے تو فلاح پائے گا اور اگر نیت بد ہے تو نقصان اٹھائے گا پس اپنی نیت کو نفع رسانی خلق کی طرف متوجہ کر اور ایذا رسانی خلق اللہ اور بدافعالی سے باز رہ ورنہ شرمندہ ہوگا اور بدنام بھی اور آرام نہ پائے گا۔

ل ل ک ۳۳ : لا تخف ولا تحزن اے صاحبِ فال خوشی و خرمی کے سامان ہوں سب مقاصد بہ احسن وجوہ انجام پذیر ہوں یہ فال مبارک ہے اور نہایت عمدہ و باثر ہے۔

ل د ت ۳۴ : وینصرک اللہ نصراً عزیزا۔ اے صاحبِ فال معلوم ہو کہ اعداء مقہور ہیں اور دوست شاد یہ فال بڑی بابرکت ہے۔

ل ر و ۳۵ : ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیئٍ قدرا۔ مقصود پورا ہو اور حاجت روا ہو۔

ک ل و ۳۶ : الی فرعون وھامان وقارون فقالو

اساحرٌ کذابٌ۔ حضرت امام جعفر صادقؑ اس طرح مطلب ظاہر فرماتے ہیں کہ صاحب فال درویشوں کو صدقہ دیوے۔ چند روز صبر کرے سفر و سیاحت اختیار کرے تاکہ بھلائی اور بہبودی کی صورت نظر آئے۔ انشاءاللہ!

ق ن ل ۳۷ : واحذرھم ان یفتنوک۔ اے صاحبِ فال اہل زبان کے ساتھ مخالفت سے احتراز کر صدقہ دے اور نماز کے ادا کرنے میں بخلوص نیت مشغول ہو۔

ت ل ل ۳۸ : ومن یطع اللہ ورسولہ اے صاحبِ فال مقصود انجام پذیر ہوا اور باب رحمت باری تجھ پر مفتوح ہوا۔ انشاءاللہ۔

ل ل ت ۳۹ : لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض وھو العزیز الحکیم اے صاحبِ فال امید پوری ہو حاجت روا ہو اور سعادت و بخت یاور ہو انشاءاللہ تعالیٰ۔

ل ف ل ۴۰ : جنات تجری من تحتہا الانہار اے صاحب فال مقصد پورا ہو کہ تجھ کو سرخروی حاصل ہو اگر خشک شاخ پر تیرا ہاتھ پہنچے وہ بھی سرسبز و شاداب ہو جائیگی ہر بلا و مصیبت سے نجات بہ عیش و نشاط حیات کے سامان ظہور پذیر ہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ!

ل و ل ۴۱ : سبحانہ وتعالیٰ عما یشرکون اے صاحبِ

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

فال تیرا بخت مساعد ہو فرحت و بہجت حاصل ہو منفعت بہت پہ
اگر سفر اختیار کرے انتفاع اٹھائے۔ بامن وامان مراجعت کرے۔

ل ل ک ۴۲ : اللہ علیم بذات الصدور اے صاحبِ فال معلوم ہو کہ جملہ مکروہات اور بدی سے تجھ کو پناہ ملے مصائب وتوائب سے نجات پائے۔ باری تعالیٰ عزّاسمہ مددگار ہو خوشی کے سامان ہوں۔

ل ل د ل ۴۳ : وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہٖ اے صاحبِ فال چندے صبر کر سرعت اس امر میں اچھی نہیں انشاء اللہ کام انجام پذیر ہوگا۔

ل ث و ۴۴ : ومو تو مک حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام اس طرح آیت مذکور کی تفسیر فرماتے ہیں۔

زکار بستہ میندیش و دل شکستہ مدار   کہ آب چشمۂ حیواں درون تاریکی است

کام انجام پائے۔ بفضلہ تعالیٰ!

ل ت ت ۴۵ : اتعبدون من دون اللہ مالا ینفعکم امام صادقؑ آیہ موصوفہ کی بایں مضمون تفسیر فرماتے ہیں: اے صاحبِ فال صبر کر اور اپنے راز کا اظہار کسی سے مت کر اور دست دعا بتضرع ونیاز میں اٹھا انشاء اللہ مراد پر فائز ہو۔

ل د و ۴۶ : ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ اے صاحبِ فال اس خیال خام سے درگزر کر اور بہ آہستگی کار خیر میں

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

مصروف ہو اور باری تعالیٰ پر بھروسہ کرتا کہ حاجت روا ہو۔

ل ک ک ۴۷ : واللہ یدعوا الیٰ دار السلام اے صاحبِ فال تمام مشکلات حل اور آسان ہوں۔ یہ فال مبارک ہے۔

ل ک ف ۴۸ : وجعلنا النہار معاشا اس میں صبر کی ہدایت اور دشمن کی مقہوری ہے۔ اور ذلّت کی خبر ہے۔

جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب

تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب
پہلی	اس شب کا خواب صحیح نہیں	چھٹی	اس شب کا خواب سچا ہے تعبیر ایک دو روز بعد ظاہر ہو گی
دوسری	اس شب کا خواب صحیح نہیں		
تیسری	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	ساتویں	اس شب کا خواب سچّا ہے۔
		آٹھویں	اس شب کا خواب سچّا ہے۔
چوتھی	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہو گی	نویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے اور بروایتے اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہو گی۔
پانچویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہو گی۔		

شب تاریخ	تعبیر خواب
دسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے اور بہ روایتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔
گیارھویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی اور بروایتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔
بارھویں	خواب اس شب کا صحیح ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔
تیرھویں	اس شب کا خواب صحیح ہے اور [illegible] نو روز میں ظاہر ہوگی [illegible] بروایتے اس رات کا خواب جھوٹا ہے۔
چودھویں	اس رات کا خواب صحیح ہے اس کی تعبیر ۲۶ یا ۴۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی اور بروایتے اس رات کا خواب جھوٹا ہے۔
پندرھویں	اس شب کا خواب صحیح ہے تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی۔ اور بروایتے اسکی تعبیر برعکس ہے۔

شب تاریخ	تعبیر خواب
سولھویں	اس شب کا خواب صحیح ہے اس کی تعبیر دو روز کے بعد ظاہر ہوگی اور بروایتے دیر میں ظاہر ہوگی۔
سترھویں	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔
اٹھارویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
[illegible]	[illegible] کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
بیسویں	اس شب کا خواب صحیح مؤثر ہے۔
اکیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
بائیسویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔
تیئیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
چوبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر [illegible] ہے۔

شب تاریخ	تعبیر خواب
پچیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
چھبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے
ستائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے
اٹھائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر صحیح ہے اور اسی روز ظاہر ہوگی اور بروایتے تعبیر برعکس ہے۔

شب تاریخ	تعبیر خواب
انتیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
تیسویں	اس شب کا خواب راست صحیح اور مؤثر ہے۔

فالنامہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام

یہ فالنامہ حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نہایت مجرب ہے۔ جس شخص کو کوئی بہت بڑی مہم پیش آئے یا کسی مشکل وسخت کام کا سامنا ہو کسی بڑی مصیبت میں پڑ جائے یا رزق کی تلاش میں سرگرداں ہو تو چاہیئے کہ پہلے وضو کرکے فاتحہ[1] روح رسول اللہ کا دے اور اس کے بعد حضور قلب اور صدق دل سے انگشت شہادت اس فالنامہ پر رکھے جس نام پر انگلی رکھے اس سے مطلب دلی دریافت کرے۔ بعد فال دیکھنے کے لازم ہے کہ فاتحہ آنجناب کا کسی شیرینی پر دلاوے۔

[1] فضول اور بیکار بات ہے یہ الفاظ نقل کئے گئے اُن کی صحت میں تامل ہے لہٰذا محمدؐ وآل محمدؐ پر درود بھیجیے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

جدول

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت شیث علیہ السلام	حضرت ادریس علیہ السلام
حضرت یعقوب علیہ السلام	حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت اسمٰعیل علیہ السلام
حضرت صالح علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت ایوب علیہ السلام
حضرت خضر علیہ السلام	حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ : اگر حضرت آدم علیہ السلام کے نام پر انگشت شہادت رکھے تو جو نیت ہے اچھی بات ہے اس میں خوشی ہو اور دلی مراد بر آوے۔ الزام سے بری ہو اور محبوس کی رہائی ہو۔ سلاطین سے رتبہ ملے۔

۲ : حضرت ادریس علیہ السلام کے نام پر انگشت پڑے رنجش اور جھگڑا پیدا ہو اگر نیت سفر کی ہو دلی مراد بر آوے چند روز تامل کرے اور جو مقصد ہو صبر کرنے سے حاصل ہو۔

۳ : اگر حضرت خضر کے نام پر انگلی آوے تو جس مقصد کی نیت سے فال دیکھی ہے حاصل ہو خوشی کامل ہو اور جو حاجت ہو بر آوے سفر اور تجارت میں فائدہ اٹھاوے۔

۴ : اگر حضرت صالح علیہ السلام کے نام پر انگلی آوے تو جس نیت سے فال دیکھی ہے وہ چند دنوں میں بر آوے اور صبر کرنے سے مشکل حل ہو جائے جلدی میں نقصان اٹھاوے شب

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

جمعہ کو فقیر کو پاؤ بھر آٹا دیوے۔

۵ : اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام پر انگلی آوے تو جس غرض سے یہ فال دیکھی ہے وہ مقصد حاصل ہو اور جو مراد ہو بر آوے۔ سفر اور تجارت میں فائدہ ہو یہ فال بہت نیک ہے۔

۶ : اگر حضرت اسمٰعیل کے نام پر انگلی رکھے تو جس امر کی خواہش ہو وہ عرصہ میں انجام پکڑے۔ چند روز تامل کرنے پر مدعا پورا ہو۔ ایک جانور دو شنبہ کو اپنے اوپر سے قربان کرے تو مشکل حل ہووے۔

۷ : اگر حضرت یوسف علیہ السلام کے نام پر انگلی رکھے تو جو مراد ہو بر آوے۔ دوست شاد اور دشمن ذلیل ہو جاوے۔

۸ : اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کے نام پر انگلی رکھے تو جو مراد دلی ہو وہ خیر و خوبی کے ساتھ انجام پاوے جلد فائدہ اٹھائے مگر ہفتہ کے روز کچھ شیرینی اور ایک انگوٹھی اور سبز لباس کا ٹکڑا ایک طبق میں رکھ کر دریا[۱] میں بہادے اور بہت ہی سویرے جو فقیر آئے اسے اچھی طرح کھانا کھلائے۔

۹ : اگر حضرت شیث علیہ السلام کے نام پر انگلی آوے تو چند

۱؎ فضول اور بیکار بات ہے یہ الفاظ نقل کئے گئے ہیں انکی صحت میں تامل ہے۔

روز تامل کرنے سے مطلب حاصل ہو۔

۱۰ : اگر حضرت ایوب علیہ السلام کے نام پر انگشت آوے تو جو مراد دلی ہو بخیر انجام پاوے اور مطلب بر آوے۔

۱۱ : اگر حضرت یعقوب علیہ السلام کے نام پر انگلی رکھے تو دلی مقصد پائے لیکن کچھ عرصہ صبر کرے ہجر کے صدمے سہے بعدہ معشوق مدعا سے ملے دال ماش فقیر کو دیوے۔

۱۲ : اگر حضرت محمد مصطفیٰؐ کے اسم مبارک پر انگشت آوے تو اے صاحب فال تو نہایت نصیبہ ور ہے اور خوشی اور خوبی دیکھے گا اندیشہ اور فکر و غم سے دور ہوگا۔ فضل کبریا سے تو اپنی مراد پائیگا اور اپنے دلی مقصد کو پہنچ جائیگا۔

فالنامہ حمل زناں

	زحل	
مشتری	شمس	قمر
مریخ	عطارد	زہرہ

جب دریافت کرنا ہو کہ فلاں حاملہ لڑکا جنے گی یا لڑکی تو چاہیئے کہ صدق دل سے اس فالنامہ پر انگشت شہادت رکھے جس خانہ پر آوے مطلب ذیل سے دریافت کرے حکم خدا سے معلوم ہو جائے گا۔

مریخ	عطارد	زہرہ	مشتری	شمس	قمر	زحل

۱ : زحل اے صاحب فال تم کو یہ فال نحس ہے تم کو چاہیئے کہ منگل کے

ان دونوں نقشوں میں سے جس ایک پر انگلی رکھو درست ہے دونوں پر انگلی رکھنے کی ضرورت نہیں۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

روز بعد آٹھ بجے شب کے جو فقیر تیرے دروازہ پر آوے اس کو کھانا کھلاوے اور جو کچھ مانگے دیدے اور بدھ کو ستی جا چوراہے پر چڑھنا تاکہ کل بلاؤں سے نجات پاوے۔

۲ : قمر اے صاحب فال تم کو مبارک ہو کہ چاند جیسا فرزند پیدا ہوگا۔

۳ : شمس۔ شمس پر انگلی پڑے تو جانو کہ فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

۴ : مشتری۔ اے صاحب فال تجھ کو حق تعالیٰ فرزند عنایت فرمائے گا چاہیئے کہ اللہ کا شکر بجالانا یعنی دوشنبہ کو بھوکوں کو کھانا کھلانا۔

۵ : زہرہ اے صاحب فال تم کو مبارک ہو کہ لڑکی سعید (نیک بخت) عنایت ہوگی۔

۶ : عطارد اے صاحب فال نیک ہے لڑکی عنایت ہوگی۔

۷ : مریخ اے صاحب فال تم کو دختر نیک اختر عنایت ہوگی۔

فالنامہ چور و گم شدہ کے بیان میں

جو شخص فال کھولے پہلے ایک مرتبہ سورہ حمد اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور بعدہ صدق دل سے انگشت شہادت اس فالنامہ پر رکھے۔

جدول

و	الف	د
ز	ھ	ج
ی	ط	ح

۱ : الف اگر اس حرف پر انگلی رکھے تو کہتا ہے کہ گم شدہ مل جائیگا اور جس نے

چوری کی ہے اس کا رنگ پیلا ہے بدن موٹا ہے، ٹھنگنا اور بائیں پیر پر کچھ نشانی ہے اگر تو اس کی تلاشی کرے گا تو چور بے شک ملے گا۔

۲ : ب اگر اس حرف پر انگلی آئے تو گم شدہ چیزیں ملیں گی اور چور خوار ہوتا ہوا جلد آئیگا۔ چور لوگوں میں یا عزیزوں میں مقرب ہے یا تیرے گھر میں نوکر ہے لیکن عورت ہے جو بلند قامت چوڑے مُنہ اور پیلے رنگ کی ہے اور اس کے داہنے ہاتھ میں داغ یا زخم ہے اگر تلاش کرے گا تو چور مل جائیگا سارا سامان بھی مل جائیگا۔

۳ : ج اگر یہ فال نکلے تو جو آدمی مال چُرا لے گیا ہو اس کا رنگ گندمی ہے اور اس کے داہنے پاؤں پر نشانی ہے۔ کوشش کرنے پر چور مل جائیگا۔

۴ : د اگر اس حرف پر انگلی پڑے تو کہتا ہے کہ کھویا ہوا مال اور بھاگا ہوا چور پھر آئے گا۔ اگر پوچھے کہ چور کی نشانی کیا ہے تو کہہ چور بڑے دشمن کی طرف سے ہے۔ مرد کوتاہ قد اور لب باریک ہیں شاید چور تلاشی سے مل جائے۔

۵ : ھ اگر یہ آئے تو کہہ دے کہ مال تیرے دشمن نے لیا ہے اور اس کے پاس سے آنا مشکل ہے۔ اگر پوچھے چور کی کیا پہچان ہے تو کہہ چور کا رنگ لال ہے۔

۶ : و اگر اس پر انگشت رکھے تو وہ چور بھاگا ہے جنوب کی طرف گیا ہے رنگ اس چور کا کالا ہے اور پیشانی پر نشانی ہے۔

۷ : ز اگر اس پر انگشت رکھے گا تو یہ کہتا ہے کہ نوکر یا اہل خادماں میں کوئی چیز لیکر بھاگا ہے اور چور تیرے عزیزوں میں سے ہے جنوب کی طرف گیا ہے۔ رنگ گندمی اور داہنے بازو پر نشانی رکھتا ہے لیکن چور ملنا دشوار ہے اب صبر کر کیونکہ چور نہ ملیگا۔ اور پریشانی ہو گی۔

۸ : ح اگر اس حرف پر انگشت رکھے گا تو کہتا ہے کہ چور تیرے دشمن کی طرف

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

سے ہے اور تجھ سے عداوت قلبی رکھتا ہے چور مرد ہے اور رنگ اسکا سفید ہے اگر جلدی اسکی فکر کریگا اور محلہ والوں سے پوچھے گا تو پا دیگا لیکن مال بمشکل تمام حاصل ہوگا اب تیری کوشش شرط ہے۔

۹ : ط اگر اس پر انگلی رکھے گا تو یہ کہتا ہے کہ یہ تیرے فرزند نے یا تیرے کسی دوست نے یا معشوق نے چرایا ہے اور چور پیلے رنگ کا ہے اور کچھ نشانی بھی ہے۔ مؤلف عرض پرواز ہے کہ جب دریافت ہو جائے کہ فلاں شخص نے چرایا ہے تب اس کا نام لے ورنہ بغیر تحقیق کئے تہمت نہ لگانا۔

خوابوں کی تعبیریں

بہ ترتیب حروف تہجی

الف

۱	امیر المومنین یا دیگر اوصیاء کو دیکھنا۔	آئین دین و ایمان سے ماہر ہو۔ عدل و انصاف ظاہر ہو خیر و برکت حاصل ہو اور اولاد سے سرور ملا۔
۲	انبیاء کو دیکھنا	حکومت ہاتھ آئے رحمت و عزو شرف پائے دولت و نعمت ملے نصرت و قوت ملے۔
۳	الیاسؑ کو دیکھنا	عمر دراز ہو قوم کی ہمدردی ہو دریا سے منفعت حاصل ہو اور مقصود کو پہنچے۔
۴	ایوبؑ کو دیکھنا	کسی درد سے صدمہ ہو مال تلف ہو اولاد سے جدائی ہو پھر خدا تعالیٰ کے رحم و کرم سے پہلے سے زیادہ ہر چیز ہاتھ آئے۔

چوری کی ہے اس کا رنگ پیلا ہے بدن موٹا ہے ٹھنگنا اور بائیں پیر پر کچھ نشانی ہے اگر تو اس کی تلاشی کرے گا تو چور بے شک ملے گا۔

۲ : ب اگر اس حرف پر انگلی آئے تو گم شدہ چیزیں ملیں گی اور چور خوار ہوتا ہوا جلد آئیگا۔ چور لوگوں میں یا عزیزوں میں مقرب ہے یا تیرے گھر میں نوکر ہے لیکن عورت ہے جو بلند قامت چوڑے منہ اور پیلے رنگ کی ہے اور اس کے داہنے ہاتھ میں داغ یا زخم ہے اگر تلاش کرے گا تو چور مل جائیگا سارا سامان بھی مل جائیگا۔

۳ : ج اگر یہ فال نکلے تو جو آدمی مال چرائے گیا ہو اس کا رنگ گندمی ہے اور اس کے داہنے پاؤں پر نشانی ہے۔ کوشش کرنے پر چور مل جائیگا۔

۴ : د اگر اس حرف پر انگلی پڑے تو کہتا ہے کہ کھویا ہوا مال اور بھاگا ہوا چور پھر آوے گا۔ اگر پوچھے کہ چور کی نشانی کیا ہے تو کہہ چور بڑے دشمن کی طرف سے ہے۔ مرد کوتاہ قد اور لب باریک ہیں شاید چور تلاشی سے مل جائے۔

۵ : ھ اگر یہ آئے تو کہہ دے کہ مال تیرے دشمن نے لیا ہے اور اس کے پاس سے آنا مشکل ہے۔ اگر پوچھے چور کی کیا پہچان ہے تو کہہ چور کا رنگ لال ہے۔

۶ : و اگر اس پر انگشت رکھے تو وہ چور بھاگا ہے جنوب کی طرف گیا ہے رنگ اس چور کا کالا ہے اور پیشانی پر نشانی ہے۔

۷ : ز اگر اس پر انگشت رکھے گا تو یہ کہتا ہے کہ نوکر یا اہل خادماں میں کوئی چیز لیکر بھاگا ہے اور چور تیرے عزیزوں میں سے ہے جنوب کی طرف گیا ہے۔ رنگ گندمی اور داہنے بازو پر نشانی رکھتا ہے لیکن چور ملنا دشوار ہے اب صبر کر کیونکہ چور نہ ملیگا۔ اور پریشانی ہو گی۔

۸ : ح۔ اگر اس حرف پر انگشت رکھے گا تو کہتا ہے کہ چور تیرے دشمن کی طرف

سے ہے اور تجھ سے عداوت قلبی رکھتا ہے چور مرد ہے اور رنگ اسکا سفید ہے اگر جلدی اسکی فکر کریگا اور محلہ والوں سے پوچھے گا تو پا لیگا لیکن مال بمشکل تمام حاصل ہوگا اب تیری کوشش شرط ہے۔

۹ : ط۔ اگر اس پر انگلی رکھے گا تو یہ کہتا ہے کہ یہ تیرے فرزند نے یا تیرے کسی دوست نے یا معشوق نے چرایا ہے اور چور پیلے رنگ کا ہے اور کچھ نشانی بھی ہے۔ مؤلف عرض پرداز ہے کہ جب دریافت ہو جائے کہ فلاں شخص نے چرایا ہے تب اس کا نام لے ورنہ بغیر تحقیق کئے تہمت نہ لگانا۔

خوابوں کی تعبیریں

بہ ترتیب حروف تہجّی

الف

۱	امیرالمومنین یا دیگر اوصیاء کو دیکھنا۔	آئین دین وایمان سے ماہر ہو۔ عدل وانصاف ظاہر ہو خیر وبرکت حاصل ہو اور اولاد سے مسرور دلشاد ہو۔
۲	انبیاء کو دیکھنا	حکومت ہاتھ آئے رحمت وعزت وشرف پائے دولت ونعمت ملے نصرت وقوت ملے۔
۳	الیاسؑ کو دیکھنا	عمر دراز ہو قوم کی ہمدردی ہو دریا سے منفعت حاصل ہو اور مقصود کو پہنچے۔
۴	ایوبؑ کو دیکھنا	کسی درد سے صدمہ ہو مال تلف ہو اولاد سے جدائی ہو پھر خدا تعالیٰ کے رحم وکرم سے پہلے سے زیادہ ہر چیز ہاتھ آئے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵	اسحاقؑ کو دیکھنا	مصیبت اور ہلاکت میں گرفتار ہو لیکن جلد رہائی حاصل ہو
۶	اسمٰعیلؑ کو دیکھنا	حد سے زیادہ خیر و برکت والا ہو۔ مسجد بنوانے کا ارادہ ہو
۷	ابراہیمؑ کو دیکھنا	نیک اعمال کی طرف راغب ہو۔ حج و زیارات مقدسہ کی توفیق حاصل ہو۔
۸	ادریسؑ کو دیکھنا	حکام کے نزدیک عزت حاصل ہو بلند درجہ اور بزرگ ہو۔
۹	آدمؑ کو دیکھنا	قوم کی سرداری اسے ملے۔
۱۰	اسرافیلؑ کو دیکھنا	عمر دراز ہو اور اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔
۱۱	اسرافیلؑ کو صور پھونکتے دیکھنا	سنگ دل آسودہ حال و مال دار ہو اور فاسق ذلیل و خوار ہو
۱۲	آسمان دیکھنا یا آسمان پر جانا	مرتبہ بلند اور روزی زیادہ ہو۔
۱۳	آسمان پر جاکے واپس آنا	موت اور قطع زندگی کی دلیل ہے۔ صدقہ دے تاکہ بلا و مصیبت سے نجات ملے۔
۱۴	آسمان پر اپنے آپ کو اڑتے دیکھنا	حج و زیاراتِ مقدسہ سے مشرف ہونے کا سفر درپیش ہے۔
۱۵	آسمان سے زمین پر گرنا۔	پہلی بیوی کو طلاق دے اور دوسری بیوی سے اتفاق ہو۔
۱۶	آسمان کے دروازے کھلنا۔	روزی میں وسعت پائے خیر و برکت میں زیادتی ہو۔

۱۷	آسمان پر فرشتوں سے باتیں کرنا یا تسبیح پڑھنا	نیکی اور سعادت حاصل ہو اور حج و زیارات سے مشرف ہو۔
۱۸	آسمان پر فرشتوں سے اتحاد کرنا	متقیوں سے صحبت ہو۔ پرہیزگاری کی عادت ہو۔
۱۹	آسمان پر اڑ کر بیٹھنا	حکومت ملے یا عہدہ میں ترقی ہو دلی مرادیں پائے۔
۲۰	ابولہب ابوجہل کو دیکھنا	نحوست و فتور کی دلیل ہے صدقہ دے۔
۲۱	اڑنا اپنے مکان سے	گھر میں غم و مصیبت ہو گناہوں سے استغفار کرے
۲۲	اڑنا ایک مکان سے یا دیوار سے دوسری دیوار پر	دوسرا عہدہ ملے یا کسی دوسرے شہر یا بستی میں جائے۔
۲۳	اڑنا جانور کی شکل میں	قوم کی سرداری یا خوبصورت عورت ملے۔
۲۴	اڑکر درخت پر بیٹھنا	بزرگوں کے ساتھ سفر کرے اور رتبہ بلند ہو منفعت ہاتھ آئے۔
۲۵	اڑنا بائیں ہاتھ رات کو	سفر درپیش آئے کم منفعت ہاتھ لگے۔ زحمت و رنج اور الم کا سامنا ہو۔
۲۶	آفتاب اور اثاث البیت دیکھنا	مومن دولت و نفع اور عزت پائے کافر یا مخالف مصیبت میں گرفتار ہو۔
۲۷	آفتاب سے پانی پیتے دیکھنا	فرزند صالح پیدا ہو برکت اور خوشی حاصل ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۸	اشرفی پانا۔	ریاست یا سرداری ملے، غم سے نجات ہو، بیمار کو شفا حاصل ہو۔
۲۹	آبستن (حاملہ) ہونا	عورت دیکھے تو بیمار ہو مرد دیکھے تو دولت وحشمت حاصل ہو۔
۳۰	الماس کو دیکھنا	حاکم کے دربار میں رسائی ہو آبرو بڑھے عزت افزائی ہو۔
۳۱	آہو (ہرن) دیکھنا	باکرہ عورت ملے۔
۳۲	آہو چھوٹ جائے	زوجہ سے رشتۂ محبت ٹوٹے۔
۳۳	آہو کا بچہ دیکھنا	فرزند ملے دشمن بدخواہ پر کامیابی ہو۔
۳۴	آہو مادہ ہرنی کو ذبح کرنا	خوبصورت باکرہ عورت سے مباشرت ہو ننگ و ناموس وحرمت ضائع ہو۔
۳۵	آہو (نر) کو ذبح کرنا	لوگوں میں بدنام ہوا استغفار کرے۔
۳۶	آہو صحرائی کا رام مطیع ہونا	عورت باکرہ تابعدار ہو۔ راحت ملے، عیش و عشرت میں اضافہ ہو۔
۳۷	اناس یا اخروٹ دیکھنا	آرزو برآئے آبرو ملے، فرزند متولد ہو۔
۳۸	انگور سفید رنگ دیکھنا یا کھانا	حاکم سے بیحد فائدہ ہو دربار میں عزت بڑھے اور کامیابی ہو۔
۳۹	انگور سیاہ دیکھنا	دل میں رنج ہو کسی کافر یا مسلم سے واسطہ پڑے۔
۴۰	انگور کا عرق نکالنا	بادشاہ و حاکم سے انعام ملے فرحت و آرام حاصل ہو۔
۴۱	انجیر دیکھنا یا کھانا	مال حلال و پاکیزہ ملے طعام شیریں کھائے۔
۴۲	انجیر کا درخت یا پتہ دیکھنا	سخت بیماری میں مبتلا ہو فکر و اندیشہ کا سامنا ہو۔

۴۳	الائچی دیکھنا	دولت واقبال میں ترقی ہو دلی خوشی حاصل ہو۔
۴۴	امرود یا آم دیکھنا یا پانا	فرزند ملے روزی ہاتھ لگے۔
۴۵	آلو بخارا یا آڑو کھانا	بیمار کو شفا ہو منفعت اور خوشحالی حاصل ہو۔
۴۶	آلو یا اروی دیکھنا یا کھانا	عورت مطیع پائے۔ تولد فرزند ہو۔
۴۷	املی یا آملہ کھانا	وصل حبیب ہو یا بیماری سے شفایاب ہو۔ دولت و فرزند ملے۔ تکلیف دور ہو۔
۴۸	انار ترش دیکھنا یا کھانا	جسم آبلہ دار ہو یا کسی تکلیف میں مبتلا ہو۔
۴۹	ابر سایہ کئے ہوئے دیکھنا	بلندی درجہ اور مال و دولت میں ترقی کی دلیل ہے۔
۵۰	ابر سرخ سر پر دیکھنا	کسی بلا میں مبتلا ہو۔ سختی و غم سے واسطہ پڑے۔
۵۱	ابر سفید دیکھنا	ریاست بڑھے دولت میں اضافہ۔ اشیاء کی قیمتوں میں کمی ہو۔
۵۲	ابر سیاہ دیکھنا	بُرا ہے۔ خوف و ہراس سے تکلیف ہو۔ نحوست کی علامت ہے۔
۵۳	ابر پر بیٹھنا یا ابر کا ہاتھ میں آنا	دولت و علم بیحساب ہو۔ حکومت و آرام میں بے شمار اضافہ ہو۔
۵۴	اولہ کھانا یا اسکا پانی پینا	دولت و فرحت حاصل ہو جسمانی امراض سے صحت ہو۔
۵۵	اولے آسمان سے گرتے دیکھنا	سختی و ملال کی علامت اور قہر خدا کی دلیل ہے۔
۵۶	اشنان کرنا یا دیکھنا	غم و غصہ کھائے اچانک بیمار ہو۔
۵۷	آنکھ سے خون جاری دیکھنا	فرزند کی طرف سے ملال ہو۔ کسی دوسری صورت سے مال ضائع ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۸	اندھے ہوتے اپنے کو دیکھنا	مرگ فرزند کا الم اٹھائے برادر سے چھٹنے کا غم ہو ملازمت سے معزولی ہو۔ تنگئ رزق کی طوالت ہو۔
۵۹	آنکھ باہر نکلتے دیکھنا	مکان یا باغ یا وطن یا فرزند یا برادر سے جدائی ہو دوسرے ملک یا شہر میں رسائی ہو۔
۶۰	آندھی چلتے دیکھنا	بلائے ناگہانی کی علامت ہے نقصان اور تنگدستی کا باعث ہے
۶۱	اژدہا دیکھنا	ظالم حاکم سے تکلیف پہنچے صدقہ مصیبت سے نجات کا باعث ہے
۶۲	انگلیاں کٹتی دیکھنا	اولاد یا عزیزوں سے جدائی ہو کسی بڑے کام کے سبب ذلت و رسوائی ہو۔
۶۳	اژدہا قابو میں لانا	مرد بزرگ پر قابو پائے دشمن پر کامیابی حاصل ہو۔
۶۴	انگلیاں متفرق دیکھنا	مال و دولت ہاتھ سے جائے مفلسی اور بدحالی کا سامنا ہو۔
۶۵	آنت اور اشیائے شکم دیکھنا	مال حلال ہاتھ آئے قوت و تونگری پائے۔
۶۶	آبریشم دیکھنا	سفر کو جائے دولت و نفع پائے۔
۶۷	آئینہ دیکھنا	کشادگیٔ رزق حاصل ہو مشکل کام سہل و آسان ہو اگر عورت دیکھے اولاد سے گود بھرے۔
۶۸	آبدست کرنا	مال یا خزانہ ہاتھ آئے عورت پارسا ملے۔
۶۹	استخواں (ہڈی) دیکھنا	سالم دیکھے قوت و دولت ملے، شکستہ دیکھے تو ہلاکت و مصیبت میں پڑے۔
۷۰	آگ کا شعلہ دیکھنا	مال کا نقصان ہو۔
۷۱	آگ کوزہ میں پڑے دیکھنا	جنس کی فراوانی ہو۔ نرخ میں ارزانی ہو۔

۷۲	آتش بغیر دھوئیں کے دیکھنا	حاکم کے ہاں رسائی ہو مراد پوری ہو۔
۷۳	آتشکدہ یا کافروں کا عبادت خانہ دیکھنا	خیر و برکت زیادہ ہو روزی کا دروازہ کھلے۔ عبادت کی توفیق حاصل ہو۔
۷۴	ابلیس کو دیکھنا	دشمن کے مکر و فریب سے خوف ہو لاحول پڑھے۔
۷۵	اُلّو کو پکڑنا	نحوست بیماری زیادہ ہو فاسق و فاجر اشخاص اور مفسدین سے دوستی ہو۔
۷۶	اُلّو اڑتے دیکھنا	بلا دور اور بیماری سے شفا ہو اعزا اور بیوی سے رنجش ہو
۷۷	آواز اذان و اقامت سننا	عزت و منفعت ملے شہرت ہو۔
۷۸	اونٹ پر سوار ہونا	سفر درپیش ہو۔
۷۹	اونٹ سے گرنا	بیماری کی دلیل ہے۔
۸۰	اونٹ کو دیکھنا یا ذبح کرنا	سرداری ملے دشمن ذلیل ہو۔
۸۱	اونٹ کا پیچھے چلنا یا گرد پھرنا	ہلاکت و بیماری اور رنج و غم کی علامت ہے۔
۸۲	انڈے اپنے پاس دیکھنا	اگر انڈا مرغی کا دیکھے تو کشادگیٔ رزق اور چڑیا کا منافع کی دلیل ہے
۸۳	آبادی دیکھنا	کام میں وسعت اور زیادہ منافع ملے۔ دنیا کی بہتری اور مقصد میں کامیابی ہو۔
۸۴	انگوٹھی پہننا	دولت و اقبال کی دلیل ہے۔
۸۵	انگوٹھی یا نگینہ گم ہونا	حکومت میں فتور ہو قدر و منزلت میں زوال آئے۔
۸۶	انگوٹھی سونے کی دیکھنا	عورت دیکھے تو خوب ہے مرد دیکھے تو برا ہے۔
۸۷	انگوٹھی چاندی کی دیکھنا یا پانا	تولد فرزند سے دل شاد ہو مال و مویشی کی کثرت ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۸۸	اندھیرا دیکھنا	ذلالت وگمراہی اور نحوست کی دلیل ہے ۔
۸۹	ازاربند دیکھنا	نیک عورت ملے ۔
۹۰	اژدہ دیکھنا	مرد دیکھے تو فرزند یا بھائی یا دولت پیدا ہو۔ عورت دیکھے تو سوکن کا غم اٹھائے ۔
۹۱	آسمان گیہوں کا برستے دیکھنا	رزق کشادہ ہو بلکہ شہر کیلئے منفعت کی دلیل ہے ۔
۹۲	انگیہ پاکیزہ دیکھنا	عورت دیکھے تو عزت اور مال مرتبہ مرد دیکھے تو تکلیف پائے ۔
۹۳	ابابیل دیکھنا یا پانا	مراد ملے غم دور ہو محبوب سے ملاقات ہو ۔
۹۴	ابابیل کا مارنا یا پھینکنا	اپنے محبوب سے جدائی ہو ۔
۹۵	آنکھ تاریک دیکھنا	آنکھ میں بینائی زیادہ ہو فرزند کی بیماری سے محزون ہو ۔
۹۶	آڑو دیکھنا	آڑو کا درخت خواب میں دیکھا جائے تو مال ملنے کی بشارت ہے ۔
۹۷	آنسو	سرد آنسو بہتے دیکھنا شادی یا خوشی کا موجب ہے اور اگر گرم آنسو دیکھے تو رنج والم کی نشانی ہے ۔
۹۸	آنکھ	آنکھ کو روشن دیکھنا کسی بزرگ سے فیض حاصل ہونیکے مترادف ہے
۹۹	آم	خواب میں آم دیکھنا یا ملنا فرزند ملنے کی علامت ہے اور کھانا روزگار ملنے کی علامت ہے ۔
۱۰۰	آواز	اگر خواب میں مرد کی آواز بلند سُنے تو بزرگی حاصل ہونیکی علامت ہے ۔
۱۰۱	آئینہ	خواب میں آئینہ دیکھنا مرتبہ ولایت حاصل ہونیکے مترادف ہے
۱۰۲	آذان	اذان کا سُننا پرہیزگاری کی علامت ہے ۔

۱۰۳	اخبار	خواب میں اخبار پڑھنا علم وعمل کی ترقی کا باعث ہے ۔
۱۰۴	اجوائن	رنج وغم میں مبتلا ہونیکا باعث ہے ۔
۱۰۵	اسبغول	رنج وغم میں مبتلا ہونیکی علامت ہے ۔
۱۰۶	استغفار کرنا	دلی مراد بر آنیکی دلیل ہے ۔
۱۰۷	افیون	غم واندیشہ درپیش آنیکی علامت ہے ۔
۱۰۸	السی	مال حلال کی منفعت کا باعث ہے ۔
۱۰۹	امامت کرنا	قوم کا سردار بننے کی علامت ہے ۔
۱۱۰	انجن دیکھنا	طاقتور ہونیکی دلیل ہے ۔
۱۱۱	انگیٹھی	انگیٹھی میں عود یا اگر جلانا غلام یا کنیز حاصل کرنیکی علامت ہے ۔
۱۱۲	اون	حلال جانور کی اون دیکھنا مال حلال جمع کرنیکی دلیل ہے ۔
۱۱۳		اور حرام جانور کی دیکھنا نقصان کا باعث ہے ۔
۱۱۴	ایلوا	اگر کھائے تو غم واندوہ میں مبتلا ہو نہ کھائے تو خوشی ہو ۔
۱۱۵	اینٹ	پانا یا جمع کرنا مال ودولت جمع کرنیکی نشانی ہے ۔

ب

۱	برہنہ اپنے کو دیکھنا	خیر وبرکت ظاہر ہو اندوہ وغم سے نجات ہو فاسق دیکھے ذلیل ہو
۲	برہنہ کرتے اپنے کو دیکھنا	اقرباء سے جدائی ہو تنہائی میں مبتلا ہو ۔
۳	برہنہ کسی کو دیکھنا	مرد صالح اور واقف اسرار ہو مال دنیا کی طلب ہو ۔
۴	بال بغل کے جلتے دیکھنا	محنت وکدورت سے چھٹکارا ملے لوگوں کی منت سے بے پروائی ہو ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵	بال داڑھی کے لمبے دیکھنا	مردوں کے سامنے عزت افزائی ہو۔ مصیبت و رنج سے نجات ہو۔
۶	بال لبوں کے چھلتے دیکھنا	قرض سے نجات پائے غم و اندوہ دور ہو۔
۷	بال پیشانی پر اگے دیکھنا	قرضداری کی دلیل ہے۔ باعث محنت و مشقت ہے۔
۸	بال سر کے کھینچ کر لمبے کرتے دیکھنا	رنج و غم اور مصیبت در پیش آئے۔ صدقہ دے۔
۹	بال سر کے منتشر یا لمبے دیکھنا	اگر سفید بال دیکھے تو فرحت و شادمانی ہو سیاہ دیکھے تو پریشانی۔
۱۰	بال سر کے موڑتے دیکھنا	خوشی حاصل ہو پریشانی دور ہو۔
۱۱	بال سر کے جھڑتے دیکھنا	تکلیف و بیماری دور ہو قرض کی ادائیگی ہو۔
۱۲	بال اپنے سر کے شوہر کو کاٹتے دیکھنا	شوہر طلاق دے یا گھر سے نکال دے۔
۱۳	بال اپنے سر کے عورت کا خود کاٹنا	عورت شوہر سے بیزار ہو بدکاری میں گرفتار ہو یا اپنا پردہ فاش کرے۔
۱۴	بال سر کے منڈوانا	رنج و مصیبت سے رہائی ہو امانت سے سبکدوش ہو قرض کی ادائیگی ہو۔ عورت دیکھے تو فرزند پیدا ہو فرحت و مسرت حاصل ہو۔
۱۵	بال سر کے کھل جاتے دیکھنا	شوہر سفر سے آئے یا کنواری کو شوہر ملے۔
۱۶	بجلی گرتے دیکھنا	مرگ ناگہانی کا خوف ہو بلا و قحط کی دلیل ہے۔
۱۷	بجلی چمکتے دیکھنا	دولتمند تونگری سے پریشان ہو۔ محتاج کو تونگری ملے۔

۱۸	برف گرتے دیکھنا	دولت کی نشانی ہے۔ غیر موسم میں نقصان اور پریشانی ہے۔
۱۹	برف دیکھنا یا کھانا	بیمار کو صحت ہو غمگین کو فرحت و خوشی ہو۔
۲۰	باغ کا میوہ کھانا	دولت میں ترقی غم سے چھٹکارا، عیال سے آرام ملے عمر دراز ہو
۲۱	بہشت میں جانا اور پھل کھانا	دولت سے مسرور ہو، رنج و غم دور ہو، میراث حلال پائے والدین کو آرام پہنچائے۔
۲۲	بازو اپنا کٹا دیکھنا	بھائی یا کوئی دوسرا عزیز مرجائے راحت و آرام میں خلل آئے۔
۲۳	بازو بند لوہے کا دیکھنا یا پانا	دلیل قوت و تونگری ہے موجب فتح و کامرانی ہے۔
۲۴	بازو بند سونے یا چاندی کا دیکھنا	مرد دیکھے تو خوبصورت عورت ملے۔ عورت دیکھے تو لڑکی ہو یا زیور بنائے۔
۲۵	بندہ یا بالیاں دیکھنا	مرد دیکھے تو مالدار خوبصورت عورت ملے۔ عورت دیکھے تو لڑکی ہو یا زیور بنائے۔
۲۶	بلغم منہ سے نکلتے دیکھنا	غم و اندوہ سے رہائی ملے عشرت کا سامنا ہو۔
۲۷	برس اپنے یا کسی کے دیکھنا	مال حرام ہاتھ لگے کھوٹا روپیہ ملے۔
۲۸	بالاخانہ یا بڑی عمارت دیکھنا	دولت پائے غم سے بیخوف ہو۔
۲۹	بادام دیکھنا	فساد میں مبتلا ہو نقصان پائے۔
۳۰	بیئر (بوزہ۔ شراب) دیکھنا یا پانا	مرد بخیل سے کچھ مال ہاتھ لگے۔ یا خود تونگر بخیل ہو جائے۔
۳۱	بالائی دیکھنا	نعمت کھانے میں آئے بے اندازہ دولت ہاتھ لگے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

٣٢	باجے خوشی کے دیکھنا	بلندی مرتبہ ونفع اور قوت ہے سرداری کی علامت ہے۔
٣٣	بانسری دیکھنا	اگر خود بجائے تو فکر و اندیشہ درپیش ہو اگر دوسرے کو دیکھے تو تقرب ہو۔
٣۴	بانسری بجاتے عورت کو دیکھنا	پسندیدہ محبوب قربان ہو یا کسی خوش آواز گانے والی پر فریفتہ ہو۔
٣۵	بگل وغیرہ دیکھنا	ہولناک خبر سننے میں آئے حاکم کا شکوہ زبان پر آئے۔
٣٦	بگل وغیرہ کی آواز سننا	فرحت وشادمانی اور ناموری وشہرت کی نشانی ہے۔
٣٧	بیڑی یا طوق آہنی دیکھنا	کفر وگمراہی کا موجب ہے اور شامت وتباہی ہے۔
٣٨	بستر نیا دیکھنا	بادشاہ کا مقرب ہو ناموری اور شہرت ہو۔
٣٩	باگ گھوڑے کی دیکھنا	دولت علم ہاتھ آئے اہل دانش سے فائدہ اٹھائے۔
۴٠	باگ ڈور کا دیکھنا	دولت زیادہ ہو تونگری سے دل شاد ہو۔
۴١	بکری خریدنا یا چرانا یا پکڑے دیکھنا	قوم کی سرداری ملے۔
۴٢	بکری کا کھو جانا	فرزند یا عزیز خلاف ہو جائے یا نوکر بھاگ جائے۔
۴٣	بھینس کو دیکھنا	مرد کو عزت ملے حاکم کی رفاقت ملے۔
۴۴	بھینس خریدنا	ایک بڑے گروہ کی سرداری ملے۔ دولتمند ہو۔
۴۵	بھیڑا دیکھنا	مالدار اور ذی وقار ہو۔
۴٦	بھیڑیا دیکھنا	سخت دشمن سے مقابلہ ہو یا ظالم حاکم کی ملازمت ملے۔
۴٧	بھیڑیوں سے لڑتے دیکھنا	اگر بھیڑیا زیر ہو تو [illegible] فتح ہو اگر بھیڑیا غالب [illegible] شکست کھائے

۴٨	بندر کو دیکھنا	کسی لاعلاج زخم سے اذیت اٹھائے بیماری یا دردسری میں مبتلا ہو۔
۴٩	بندر کو اپنے گھوڑے پر سوار دیکھنا	اپنی عورت کی بہت حفاظت کرے و فاسق مرد کے فساد کا اندیشہ لاحق ہو۔
۵٠	بندر یا بلی پر حملہ کرنا	بیماری ناامیدی اور سرگردانی کی دلیل ہے۔
۵١	بندر کو گھر میں آتے دیکھنا	اگر نر ہے تو مرد مکار کچھ فساد کرے اگر مادہ دیکھے تو جادوگرنی جادو کرے۔
۵٢	بلے یا بلی کو دیکھنا	رزق میں کشادگی ہو، مال ودولت میں ترقی ہو یا گھریلو چور سے نقصان ہو یا تھوڑے دنوں کے لیئے بیماری کا سامنا ہو۔
۵٣	بلی کا کوئی چیز چھین کر کھانا	رزق میں وسعت ہو غیب سے مال ملے دشمن پر کامیابی ہو۔
۵۴	بچھو دیکھنا	ظالم حاکم مہربان ہو۔
۵۵	بچھو کا ڈنک مارنا	کسی قرابتدار یا کسی بدطینت سے لڑائی ہو۔
۵٦	بچھو شلوار میں دیکھنا	دشمن اصلی عورت یا نوکرانی سے اتحاد کرے یا فساد کرے۔
۵٧	بچھو پکا کر یا تل کر کھانا	مخالف کا مال ہاتھ لگے یا بمقدار گوشت مال پائے۔
۵٨	بچھو سے بات کرنا	کوئی عورت زباندرازی کرے تو نوبت بہ فساد پہنچے۔
۵٩	بیل پر گھر میں غلہ لانا	روزی میں وسعت ہو مال میں نفع وبرکت ہو۔
٦٠	بیل پر سوار ہونا	مال ونعمت ملے۔
٦١	بیل کا سینگ مارنا	عہدہ سے معزول ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶۲	بیل کمزور دیکھنا	تنگدستی و قحط سالی ہو بیماری یا پریشانی ہو۔
۶۳	بیل موٹا یا میانہ دیکھنا	بارش زیادہ ہو چیزیں سستی ہوں، دولت و مال زیادہ ہو۔
۶۴	بیمار کو بے حال دیکھنا	صحت و فرحت اور راحت حاصل ہو۔
۶۵	بیماروں سے سختی کرتے دیکھنا۔	تمام کاموں میں وسعت ہو جس چیز کی امید نہ ہو ہاتھ لگے۔ راحت و صحت ہو۔
۶۶	بیمار اپنے آپ کو دیکھنا	عبادت میں سستی کاہل ہو یا دل مسافرت پر مائل ہو۔
۶۷	بیمار کو صبر و شکر کرتے دیکھنا	نعمت و دولت اور صحت و فرحت حاصل ہو۔
۶۸	بیمار کو روتے دیکھنا	پہلے قدرے نقصان بعد میں اسکا نعم البدل ہو۔
۶۹	برچھی دیکھنا	دشمن پر فتح اور تونگری ہو۔
۷۰	بزاز کو کپڑا بیچتے دیکھنا	خود بخود کوئی دشمن ظاہر ہو فکرمندی کا سامنا ہو۔
۷۱	بزاز کو دیکھنا	دولت و عظمت ملے تجارت میں نفع ہو۔
۷۲	بھونرا یا بھنگار دیکھنا	رنج و غم دور ہو فرحت و سرور ہو۔
۷۳	بھنبھیری یا بوٹ دیکھنا	پراگندگی سرگردانی ہو دل کو پریشانی ہو۔
۷۴	بچہ کو اپنے پاس دیکھنا	نوکر چوری کرے یا بچہ مالک کا مال چرائے۔
۷۵	بلبل دیکھنا	محبوب خوش آواز سے ملاپ ہو۔
۷۶	بازکے پاؤں میں گھنگرو دیکھنا	دختر نیک اختر تولد ہو۔ دل کو بیحد فرحت ملے۔
۷۷	باز کا دامن میں چھپنا	فرزند کے تولد کی خوشی ہو یا عہدہ ملے۔

۷۸	باز پکڑنا ہاتھ میں یا بلندی پر دیکھنا	سرداری یا نفع حاصل ہو۔
۷۹	باز شکاری یا شہری دیکھنا	جابر حاکم سے فائدہ اٹھائے۔ اپنی قوم میں سرداری ملے۔
۸۰	بطخ پکڑنا یا کھانا	کسی حاکم یا سردار سے مال و دولت ملے یا عورت سے میراث پائے۔
۸۱	بطخ دیکھنا	اگر سفید دیکھے تو بے اندازہ مال پائے اگر سیاہ دیکھے تو سیاہ لونڈی سے واسطہ پڑے۔
۸۲	بٹیر کا گوشت کھانا	حلال رزق یا عورت کا مال ملے۔
۸۳	بٹیر پکڑنا دیکھنا	دلفریب یا جنگجو عورت ملے صحت و عافیت کی بشارت ہے
۸۴	بتکدہ میں جانا	مکروہات دنیا میں مبتلا ہو برہمن کا ملازم ہندو آشنا ہو۔
۸۵	بت توڑنا	دین قائم و ثابت ہو بلندی مرتبہ ہو۔
۸۶	بت کی پرستش کرنا	راہِ باطل سے مانوس اور حسن آخرت سے مایوس ہو۔
۸۷	بھیک مانگنا	منفعت اور مرتبہ ملے عزت بڑھے فکر معیشت جائے۔
۸۸	بادشاہ کو دیکھنا	اگر خندہ رو دیکھے تو دولت و عزت پائے اگر افسردہ دیکھے نقصان پائے۔
۸۹	بادشاہ مردہ کو زندہ دیکھنا	پرانے آئین جاری ہوں ظالم و بدمعاش عاری ہوں دولت و نعمت پائے تکلیف و مفلسی دور ہو۔
۹۰	بادشاہ کو لڑتے دیکھنا	اجنبیں ارزاں اور غلہ کثرت سے ہو مال و قوت میں اضافہ ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹۱	بادشاہ کو شہر یا قبر میں دیکھنا	اس جگہ زنا یا فساد ہو اہلِ شہر کو مصیبت کا سامنا ہو۔
۹۲	بلور پانا یا بیچنا	کذاب عورت سے مال ملے یا اسکی دلّالی کرے۔
۹۳	بھائی آتے دیکھنا	دولت کی فراوانی اور چیزوں کی ارزانی ہو۔
۹۴	بینگن یا بھنڈی دیکھنا	مرد کو سرسبزی اور قوت کا اشارہ ہے عورت کو حاملہ ہونیکی بشارت ہے۔
۹۵	بھنڈی کھانا	تولد فرزند ہو۔
۹۶	بوسہ لیتے دیکھنا	دلیل مسرت و کامرانی ہے اور عشرت کی نشانی ہے۔
۹۷	برات دیکھنا	شادی کی بشارت ہے۔
۹۸	بارِ معصیت سر پر دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے صدقہ دے استغفار کرے۔
۹۹	بھونچال دیکھنا	غم و محنت میں مبتلا ہو صدموں سے دل تہ و بالا ہو۔
۱۰۰	بادبان کش دیکھنا	عمر دراز زوجہ حور رو ملے مال و نعمت اور خیر و برکت ہاتھ آئے
۱۰۱	بکری یا بھیڑ پہاڑی دیکھنا	اگر نر ہو تو مرد سے فائدہ اٹھائے اگر مادہ ہو تو عورت سے مسرت حاصل ہو۔
۱۰۲	بندوق دیکھنا	دشمن پر غالب آنے سے تمام ہو یا اچھی خبر سے خوش ہو۔
۱۰۳	بات کرنا	ہر ایک زبان میں بات کرنا یا سُننا خیر و شر میں مبتلا ہونے کے مترادف ہے۔
۱۰۴	باجرہ دیکھنا	باجرہ کی روٹی کھاتے دیکھنا دلی مراد بر آنے کی علامت ہے۔

۱۰۵	بادام	بادام کی گری دیکھنا موجب خیر و نعمت ہے۔
۱۰۶	بارہ برج	خواب میں کسی برج دیکھنے کی تعبیر اس برج کی خاصیت پر مبنی ہے
۱۰۷	باورچی	اگر خواب میں باورچی کام کرے تو خیر و برکت کا موجب ہے
۱۰۸	بام	بام پر دیکھنا بلند مرتبہ کی دلیل ہے۔
۱۰۹	بخار	اپنے آپکو بخار میں دیکھنا تندرستی اور درازی عمر کی دلیل ہے
۱۱۰	بخشش	اگر کوئی شخص بخوشی بہت سے لوگوں کو کوئی چیز بخشتا دیکھے تو خیر و برکت کا موجب ہے۔
۱۱۱	بدہضمی	اگر کوئی شخص خواب میں بدہضمی ہوتی دیکھے تو مال حرام کھانے اور فساد کرنیکی دلیل ہے۔
۱۱۲	بردہ فروشی	اگر خواب میں بردہ فروشوں میں اپنے آپ کو دیکھے تو مال حرام حاصل کرنے اور اسکے برباد ہونیکی دلیل ہے۔
۱۱۳	بڑھیا	اگر خواب میں بڑھیا کو دیکھے تو عمر طولانی ہونیکے مترادف ہے
۱۱۴	بگلہ	خواب میں بگلا دیکھنا اچھا ہے اگر بگلا پکڑتے دیکھے تو کسی عورت کے مال سے نفع پہنچنے کی دلیل ہے۔
۱۱۵	بلور	اگر خواب میں بلور دیکھے تو ایسی عورت سے شادی ہونیکی دلیل ہے جس سے نباہ نہ ہو سکے گا۔
۱۱۶	بنیاد	اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی مکان یا شہر یا قلعہ کی بنیاد رکھ رہا ہے تو دشمنوں سے امن میں رہنے کے مترادف ہے
۱۱۷	بہرہ پن	خواب میں بہرہ پن تہیدستی اور تنگی کا باعث ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۱۸	بھوک	خواب میں بھوک لگنا بہتر ہے۔
۱۱۹	بیلچہ	بیلچہ دیکھنا یا کام کرنا عزت و وقار کی دلیل ہے۔
۱۲۰	بیہوشی	اگر کوئی شخص اپنے آپکو خواب میں بیہوش دیکھے تو کسی کام میں حیرانی و پریشانی کا موجب ہے لیکن آخر کامیاب ہوگا۔
۱۲۱	بیلنا	کسی سے بیلنا مانگنا نفع اور کامیابی کی دلیل ہے۔
۱۲۲	بہی	خواب میں بہی کا دیکھنا فرزند ہونیکا باعث ہے۔
۱۲۳	بھینسا	خواب میں بھینسا دیکھنا کسی نوکر رکھنے یا غلام خریدنے کا موجب ہے۔
۱۲۴	بائیسکوپ	خواب میں بائیسکوپ کا تماشا دیکھنا غم سے نجات پانے کا موجب ہے۔
۱۲۵	بائیسکل پر سوار ہونا	بلندی مرتبہ اور عزت و احترام کی علامت ہے۔

پ

۱	پیغمبر خدا صلعم کو خوش دیکھنا	قرضہ کی ادائیگی، شفایابی، عز و شرف میں ترقی اور حاکم کے نزدیک تقرب حاصل ہو کافر دیکھے تو مسلمان ہو دنیا و آخرت میں سرخرو ہو۔
۲	پیغمبر خدا صلعم کو غضبناک دیکھنا	دولت کو زوال آئے قہر خدا کی نشانی ہے مورد فتنہ و فساد اور گھر کی تباہی ہے۔
۳	پیمانے سے پانی ناپتے دیکھنا	عہدہ دار بنے۔

۴	پیمانہ توڑنا یا جلانا	خوف مرگ اور حاکم عتاب کی دلیل ہے دیکھنے والے کے لیئے تباہی ہے۔
۵	پیمانہ دیکھنا	عدل و انصاف اور کامیابی کی دلیل ہے۔
۶	پیل تازہ پکی دیکھنا	بد اصل و جادوگر عورت ملے راحت و منفعت ملے
۷	پری دیکھنا	مراتب بلند اور درجات حاصل ہوں۔ رنج و غم اور صحت و مسرت حاصل ہو۔
۸	پسو کیڑے سے جدا کرنا یا دیکھنا	عیال کے مصرف سے نجات پائے خوشحالی و فارغ البالی حاصل ہو۔
۹	پروانہ دیکھنا	ہلاکت و سرگردانی میں مبتلا ہو کسی شمع شمائل سے اتحاد ہو۔
۱۰	پشمینہ دیکھنا	عزت و توقیر پائے مال و منفعت ملے
۱۱	پنجرا دیکھنا	اگر اپنے آپکو پنجرہ میں دیکھے قید ہو اگر دوسرے کو دیکھے تو وہ قید کا صدمہ اٹھائے۔
۱۲	پل گرتے دیکھنا	فکر و اندیشہ کی نشانی۔ حاکم کی تباہی و بربادی ہے۔
۱۳	پل صراط سے دوزخ میں گرنا	گناہ کبیرہ اور بدکاری میں مبتلا ہو حاکم جابر سے خوف اور مال و عیال کی تباہی ہو۔
۱۴	پل صراط سے گزرنا	کلفت و بلا سے نجات پائے زندگی بھر رنج و غم سے چھٹکارا ہو۔
۱۵	پل صراط کو دیکھنا	کام ضعیف تر ہو حاکم ظالم سے خطرہ لاحق ہو۔
۱۶	پستان دیکھنا	عورت سے گھر آباد و دولت و اولاد سے دل شاد ہو۔
۱۷	پاپوش نیا پہننا	دلہن باکرہ ملے عیش و عشرت نصیب ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۸	پاپوش گم ہونا	زوجہ کی جدائی ہو حقوق شرعیہ واجب الادا کو نہ بھولے
۱۹	پاپوش ٹوٹنا	زوجہ کو رنج و مصیبت کا سامنا ہو۔
۲۰	پنجہ کٹا دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو۔
۲۱	پنجہ ہاتھ کا خوشنما دیکھنا	شفیق بھائی خوبصورت زوجہ یا بہترین شریک کار ملے قوت بڑھے اور دوستوں کی امداد کرے۔
۲۲	پسلی دیکھنا	عورت نوجوان سے تعلق ہو فرحت و عیش بکثرت ہو۔
۲۳	پسلی میں سوراخ یا خون بہتے دیکھنا	فرزند دلبند سے ہمکنار ہو یا زوجہ کو صدمہ پہنچے۔
۲۴	پسلی ٹوٹی دیکھنا	اگر بائیں ہو تو زوجہ یا لڑکی مرے اگر داہنی ہو تو ماں یا باپ یا لڑکے کا غم اٹھائے۔
۲۵	پیشانی زخمی دیکھنا	عزیز و اقربا سے رنج اٹھائے قدرے نقصان مال ہو۔
۲۶	پیشانی پر ورم دیکھنا	مال و دولت اور رزق میں وسعت ہو عزّو شرف و ریاست میں اضافہ ہو۔
۲۷	پیشانی بلند دیکھنا	اقبال و مراد کو پہنچے تولد فرزند سے دل شاد ہو۔
۲۸	پا برہنہ اپنے کو دیکھنا	لوگوں کے احسان سے بے نیاز ہو دشمن یا زوجہ مرے۔
۲۹	پاؤں زمین پر مارنا	مدتوں مصیبت میں گرفتار رہے اگر گھنگھرو کی آواز ہو، بیہودہ گوئی سے راز فاش ہو۔
۳۰	پاؤں ٹوٹا دیکھنا	روزی تنگ ہو کوشش ناکارہ رہے۔
۳۱	پھیپھڑا حلال جانور کا دیکھنا	کشادگی رزق کی نشانی ہے۔

۳۲	پاؤں بلند جانب کعبہ یا آسمان کے دیکھنا	کسی بڑی مصیبت میں گرفتار ہو۔ صدقہ دفع بلیات ہے۔
۳۳	پیٹ دیکھنا	غیب سے مدد ملے فرحت و سرور کا سامان مہیا ہو۔
۳۴	پیٹ آنتوں سے خالی دیکھنا	اعزا سے جدائی ہو۔ حزن و ملال کا شدت سے سامنا ہو۔
۳۵	پیٹ شفاف دیکھنا	مال دنیا تلاش سے ملے زن و فرزند کی زینت بڑھے۔
۳۶	پیپ نکلتے دیکھنا	بیمار کو شفا محتاج تونگر، دولتمند کا مال تلف ہو۔
۳۷	پاخانہ مجمع عام میں کرنا	قہر الٰہی کا سزاوار ہو۔ صدقہ دفع بلیات ہے)
۳۸	پاخانہ کپڑوں میں کرنا	زوجہ یا نوکرانی وغیرہ پر غصّہ کرے آخر میں پشیمانی ہو۔
۳۹	پاخانہ کرنا	تحصیل علوم دینیہ سے باز رہے نیک کاموں سے دور رہے۔
۴۰	پاخانہ کھاتے دیکھنا	نجس یا حرام کھانا کھائے یا مال دنیا حاصل ہو دین کی دولت فراموش کرے۔
۴۱	پاخانہ میں آلودہ ہونا	زیادہ تنخواہ والا عہدہ ملے مال دنیا زیادہ ہاتھ لگے۔
۴۲	پیشاب سے دھواں سا اٹھنا	حد سے زیادہ غنی مالدار اور عہدیدار بنے۔
۴۳	پیشاب خون کا کرنا	عورت حاملہ دیکھے تو بچہ شکم میں مرجائے، اور مرد دیکھے تو بیماری اور تکلیف میں مبتلا ہو۔
۴۴	پیشاب محراب میں کرنا	راہ مستقیم سے گمراہ ہو اسکے فرزند کو حاکمیت ملے۔
۴۵	پیشاب اپنی جا پر کرنا	درویش تونگر ہو غلامی سے آزادی ملے بیماری و غم سے نجات پائے حاکم معزول اور سوداگر کو نقصان ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۶	پیشاب کرتے عورت کو دیکھنا	شہوت میں اضافہ ہو۔
۴۷	پیشاب کپڑوں میں کرتے دیکھنا	غمگین غم سے نجات پائے، آزادی ملے درویش کو تونگری ملے قیدی رہائی پائے۔
۴۸	پن چکی بیکار دیکھنا	رزق و زراعت کے دروازے بند ہوں ہر کام و کوشش میں رکاوٹ ہو۔
۴۹	پن چکی بغیر پانی چلتے دیکھنا	حاکم کے عتاب میں آئے سختی و عذاب میں آئے۔ یا کسی مہلک مرض میں پھنسے۔
۵۰	پن چکی چلتے دیکھنا	وسعتِ رزق ملے زندگی طولانی ہو۔
۵۱	پرنالہ جاری دیکھنا	تونگری کی علامت ہے۔
۵۲	پسینہ بدن سے نکلتے دیکھنا	حاجت جلدی برآئے مال و دولت خاطر خواہ ملے۔
۵۳	پاجامہ زرین پہننا یا دیکھنا	عیاش عورت سے واسطہ پڑے بیماری سے صحت ملے، دل خوش ہو۔
۵۴	پیراہن پہننا یا دیکھنا	بہت مال ملے عیش و خوشی نصیب ہو۔
۵۵	پٹکا بندھا دیکھنا	قوت و عزت پائے حلال میراث ملے۔
۵۶	پٹکا کھل جانا	آدھی عمر گزرے اور اگر پٹکا زمین پر گر پڑے تو عمر آخر کو پہنچے۔
۵۷	پوستین پانا پہننا	اگر بکری کا ہے تو عورت مالدار ملے اگر لومڑی کا ہے تو عورت فریب والی ملے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۸	پیاسا اپنے کو دیکھنا	امور دین میں فتور ہو دنیا کی کثرت ہو۔
۵۹	پانی ناک سے نکلتے دیکھنا	فرزند ملے قرضہ ادا ہو غم سے خلاصی ہو بیماری سے شفا ہو۔
۶۰	پانی دریا و چشمہ و تالاب سے پینا۔	حاکم سے انعام پائے لیکن قدرے مشقت کرنا پڑے سرداری حاصل ہو اور کا ملاً مستغنی ہو۔
۶۱	پانی نہر سے شہر میں آتے دیکھنا۔	خونِ ناحق کا ظہور ہو راحت و آرام میں فتور ہو۔
۶۲	پانی سے سیراب ہونا	کامل چھٹکارا اور حکومت حاصل ہو۔
۶۳	پانی صاف دیکھنا	عمر و دولت میں ترقی اور نفع و نعمت میں زیادتی ہو۔
۶۴	پانی کنویں سے کھینچنا پینا یا دیکھنا	علم و دولت میں نفع ملے جاہ و حشمت پائے۔
۶۵	کنویں کے پانی سے بدن دھونا	محنت سے نجات ہو۔ فرحت و خوشی پائے۔
۶۶	پانی کھارا دیکھنا	فکر و اندیشہ دامنگیر ہو دولت و عزت کو زوال آئے۔
۶۷	پانی گندا دیکھنا	بدخصلت عورت سے شادی ہو چند دن بعد خانہ بربادی ہو۔
۶۸	پانی جاری دیکھنا	عزبت دور ہو مال و دولت پائے۔
۶۹	پیالے دودھ یا شراب کے پانا	نیک عورت سے شادی ہو۔ کمال راحت و آرام نصیب ہو۔

٧٠	پیالہ خالی پانا	تنگدستی ہو راحت و آرام مفقود ہو۔
٧١	پیالہ بھرا ہوا دیکھنا	حاجت روائی ہو۔
٧٢	پیالہ سے شربت یا دودھ پینا	مباشرت میں خوشی ملے فرزند صالح نصیب ہو۔
٧٣	پیالہ دیکھنا	خادمہ سے راحت ملے۔
٧٤	پلاؤ کھانا یا دیکھنا	مال سے مستغنی ہو بیماری سے شفا ملے۔
٧٥	پیاز کھانا	مال حرام کی نشانی ہے کسی عیب یا پشیمانی کی دلیل ہے
٧٦	پنیر کھانا یا پانا	فکر و تردد میں پڑ جائے۔
٧٧	پستہ کھاتے یا ملتے دیکھنا	موجب مسرت و کامرانی اور نعمت و لذت کی نشانی ہے
٧٨	پالان دیکھنا	عورت سے شادی ہو اور مال دنیا ملے۔
٧٩	پتھر چقماق سے جھاڑنا	اگر آگ سینے میں لگے مال ملے اور اگر آگ نہ لگے کسی چیز کا وعدہ نہ پہنچے۔
٨٠	پتھر پھینکنا	اتہام و جھوٹ سے پریشان ہو، دولت سے دشمنی ظاہر ہو۔
٨١	پلیتہ سلگا ہوا دیکھنا	حاکم وقت کا دوست ہو عالی قدر اور صاحب فضائل بنے۔
٨٢	پان کھانا	سرسبزی و سرخروئی کی دلیل ہے۔
٨٣	پان خریدنا یا دیکھنا	عورت ملنے کی نشانی ہے موجب عیش ہے۔
٨٤	پتیلی پرانی قلعی دار خریدنا	مالدار عورت سے نکاح کرے راحت و آرام اور دولت ملے۔
٨٥	پتیلی نئی خریدنا	نیک سیرت عورت سے نکاح ہو مال و اسباب خوب ہاتھ لگے۔

٨٦	پیٹھ صحیح و سالم اور قوی دیکھنا	قوی و عقل مند فرزند ہو یا بھائی سے کچھ مال حاصل ہو۔
٨٧	پیٹھ دیوار کی جانب کرکے بیٹھنا	سفر کو جائے قدرے مال ہاتھ لگے۔
٨٨	پیٹھ دشمن کی دیکھنا	فتحمندی و کامرانی کی دلیل ہے۔ خوف سے امن و امان کی نشانی ہے۔
٨٩	پیٹھ شکستہ دیکھنا	بھائی مرے غم و غصہ کھائے (صدقہ) بلیات کو دور کرتا ہے
٩٠	پتنگ اڑتے دیکھنا	لہو و لعب اور تمسخر پسند آئے جھوٹ سے اعتبار جائے۔
٩١	پھول سرخ و سپید دیکھنا	راحت و آرام اور بہتری ہو یا تولد فرزند کی خوشی ہو۔
٩٢	پارہ زمین سے اٹھانا	مال بے مصرف یا بے حقیقت چیز ہاتھ لگے۔ مکر و فریب میں آرزو ضائع ہو جائے۔
٩٣	پارہ ہاتھ پر دیکھنا	وعدہ خلاف مشہور ہو طینت میں طمع و فتور ہو۔
٩٤	پالک کا ساگ کھانا یا دیکھنا	درد و غم کی نشانی ہے۔ نقصان مال اور پریشانی کی دلیل ہے۔
٩٥	پہاڑ سے گرنا یا اترنا	مدارج و تناسب کو زوال آئے دولت و اقبال میں کمی ہو۔
٩٦	پہاڑ پر چڑھنا	حاکم کے ہاں عزت پائے بلند مرتبہ ہو دشمن پر فتح پائے۔
٩٧	پادنا	بری بات کہنے اور بدنام ہونے کے مترادف ہے۔
٩٨	پازیب دیکھنا	عورت کے شوہر کرنے کی دلیل ہے۔
٩٩	پپیتا	پپیتا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۰۰	پتّے	درخت کے تازہ پتّے ملنے یا توڑنے مال و دولت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔
۱۰۱	پھٹے	جسم کے پھٹے دیکھنا اہل و عیال سے مترادف ہے
۱۰۲	پَر	اگر کوئی شخص اپنے بدن یا بازوؤں پر پَر دیکھے اور ان سے اڑتا ہوا دیکھے تو کامیاب سفر کرنے کی دلیل ہے۔
۱۰۳	پردہ	دروازوں پر پردہ کا دیکھنا غم و اندوہ میں مبتلا ہونیکی دلیل ہے۔
۱۰۴	پرانا کپڑا	خواب میں پرانا کپڑا پہننا غم اور رنج میں مبتلا ہونے کا باعث ہے۔
۱۰۵	پشم	اگر کوئی شخص پشم اپنے پاس دیکھے یا کسی سے حاصل کرنے یا خریدے اور گھر میں لائے ہر حالت میں مال و دولت حاصل ہونیکا سبب ہے۔
۱۰۶	پلکیں	خواب میں پلکوں کا حرکت کرتے دیکھنا بیماری و نقصان میں مبتلا ہونیکی دلیل ہے۔
۱۰۷	پلیگ	خواب میں پلیگ (طاعون) دیکھنا جنگ و جدل اور مصیبت کا باعث ہے۔
۱۰۸	پنجرہ	خواب میں پنجرہ دیکھنا قید خانہ تنگ جگہ اور بردہ فروشی سے تعبیر ہے۔
۱۰۹	پودینہ دیکھنا	غم و اندوہ میں مبتلا ہونے کے مترادف ہے۔

۱۱۰	پھرکی	چرخہ کی پھرکی دیکھنا عورت کی محبت کا باعث ہے۔
۱۱۱	پھنکی	خواب میں پھنکی یا سفوف کھانا رنج و غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
۱۱۲	پیاس	خواب میں پیاس لگنا دین میں فساد بڑھنے کا سبب ہے۔
۱۱۳	پیپ	خواب میں پیپ دیکھنا مال و منال کے مترادف ہے۔
۱۱۴	پھٹکری	خواب میں پھٹکری دیکھنا رنج و غم بیماری اور مصیبت میں مبتلا ہونیکا سبب ہے۔
۱۱۵	پھوڑا	جس قدر اپنے جسم پر پھوڑے دیکھے مال و دولت جمع کرنے کے مترادف ہے۔
۱۱۶	پھول	خواب میں پھول دیکھنا فرزند، دوست، کم ہمت مرد کنیز، غلام اور غائب کے خطرہ ہونیکے مترادف ہے۔
۱۱۷	پیکان (تیر)	اگر خواب میں دیکھے اور حاصل ہوں تو کام کی درستی کا باعث ہے۔
۱۱۸	پہلوان	اگر بادشاہ اپنے آپ کو پہلوان بنا دیکھے تو اس کی قوت و عظمت کا باعث ہے۔

ت

۱	تابوت اور تعزیہ دیکھنا	نہایت یمن و برکت ہے حج و زیارات مقدسہ پر مشرف ہونیکی دلیل ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲	تابوت اپنا دیکھنا	دشمن قوی پر کامیاب ہو عمر دراز اور کامیابی سے خوشی حاصل ہو
۳	تابوت نیا دیکھنا	عزت و مرتبہ ہو مرتبہ ملے زن باکرہ سے عقد ہو۔
۴	تابوت جلانا یا ضائع ہوتے دیکھنا	عزت و مرتبہ کم ہو یا عورت سے جدائی کا غم لاحق ہو۔
۵	تانبا دیکھنا	محنت سے کام سرانجام پائے صدمہ و مصیبت درپیش آئے۔
۶	تیر نشانہ پر پہنچانا	دشمن پر غالب آئے طولِ حیات ہو۔
۷	تیر ٹوٹے یا نشانہ پر نہ لگے	مال تلف ہو غم و غصہ درپیش ہو۔
۸	تنور دیکھنا	عورت مالدار عقد میں آئے اگر عورت دیکھے شوہر تونگر ہو۔
۹	تیمم کرنا	غم و کلفت دور ہو دوست سے آرام و خوشی ملے۔
۱۰	تعویذ نیا پانا	بیماری سے صحت و تندرستی ہو تکلیف و تنگدستی دور ہو۔
۱۱	تیتر دیکھنا	لہو و لعب میں مصروف ہو حیلہ و مکر میں مشغول ہو۔
۱۲	تیندوا دیکھنا	حاکم داد گر ہو خونخوار دشمن پر فتح پائے۔
۱۳	تربوز دیکھنا یا کھانا	نعمت و مال حاصل ہو عزت و توقیر میں اضافہ ہو۔
۱۴	ترنج تازہ دیکھنا	کثرت سے دیکھے تو دولتمند ہو دو چار دیکھے تو فرزند پیدا ہو۔
۱۵	توت کھانا یا دیکھنا	شیریں دیکھے تو نفع ملے ترش دیکھے تو مصیبت اٹھائے۔
۱۶	تل دیکھنا	مال سے نفع عیال سے آرام، روزی کا دروازہ کھلے۔
۱۷	تخم تال مکھانہ دیکھنا	قوت زیادہ ہو نیک فرزند پیدا ہو۔
۱۸	تاج سر پر دیکھنا یا پہننا	صاحب علم و فضل اور دولتمند ہو حاکم وقت بنے۔

۱۹	تاج مکمل عورت سر پر دیکھے	بے شوہر ہو تو مالدار شوہر ملے شوہر دار ہو تو شوہر دولت مند ہو جائے۔
۲۰	طنبورہ بجاتے یا بجتے دیکھنا	مزید قوت و عیش و عشرت ہو۔ عیاشی کی طرف راغب ہو۔
۲۱	تار کھینچنا یا دیکھنا	رشتہ روزی و حیات بڑھے عورت حسین اور پارسا ملے۔
۲۲	تو بڑا اپنا دیکھنا	اگر قبضہ میں آئے خیر و برکت ہے اگر ضائع ہو تو نحوست کی دلیل ہے۔
۲۳	ترازو میں اپنے اعمال تلتے دیکھنا	اگر نیک اعمال زیادہ ہوں تو کامیابی ہے اگر اعمالِ بد زیادہ ہوں تو جہنم کی نشانی ہے۔
۲۴	ترازو کے پلّے اوپر نیچے دیکھنا	قاضی و مفتی قیامت برپا کریں رعایا پر ظلم و بدعت بکثرت کریں۔
۲۵	ترازو کے پلّے برابر دیکھنا	شہری حکام عدل سے کام کریں منصفوں میں اپنا نام مشہور کریں۔
۲۶	ترازو کو دیکھنا	قاضی شہر یا عالم بنے ریاست کی سرداری پائے۔
۲۷	تصویر دیکھنا	مال و منفعت پائے مرتبہ بلند ہو۔
۲۸	تلوار ٹوٹنا یا گر جانا	نوکری سے برخاست ہو عورت کو طلاق دے یا مرگِ فرزند کا صدمہ ہو۔
۲۹	تلوار پانا	حاکم بنے یا فوج کا افسر ہو عورت حسین اور فرزند خوش سیرت ہو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۳۰	تلوار حمائل دیکھنا	عورت حسین ملے سرداری پائے۔
۳۱	توپ دیکھنا	دشمن پر غلبہ پانے سے نام ہو یا اچھی خبر سے خوشی ہو۔
۳۲	تکیہ روئی کا دیکھنا	مرتبہ بلند اور دولت مند ہو۔
۳۳	تکیہ ابابیل کے پر کا دیکھنا	سربلند اور حق پسند ہو۔ دشمن اس کا دردمند ہو۔
۳۴	تخت پر سوتے دیکھنا	ثروت و حکومت حاصل ہو عدل و انصاف سے غافل ہو
۳۵	تخت مرصع دیکھنا	مالدار اور جمیل عورت ملے حکومت کا لطف اٹھائے۔
۳۶	تخت رواں پر بیٹھ کر آسمان پر جانا	جامِ حیات بھر جائے جلد پیغامِ اجل آئے یا مرتبہ بلند ہو۔
۳۷	تخت پر بیٹھنا	رئیس قوم بنے دولت وجاہ خاطر خواہ ہو۔
۳۸	تورات پڑھنا	صاحب حشمت سے قوت پائے خیر و برکت زیادہ ہو۔
۳۹	تکبیر کہتے دیکھنا	دشمن سے بے خوف ہونے کا دروازہ کھلے کشائش رزق میں برکت ہو۔
۴۰	تسبیح و تہلیل میں اپنے کو دیکھنا	نعمت و مال و مرتبہ پائے۔ غم سے نجات ہو عابد بنے۔
۴۱	تخم اپنی زمین پر بونا	فرزند پیدا ہو مال میں خیر و برکت ظاہر ہو۔
۴۲	تیل یا تنبا کو دیکھنا	نحوست دفلاکت ہے د عمل نیک کی ضرورت ہے)
۴۳	تازیانہ	اگر کوئی شخص خواب میں تازیانہ دیکھے یا کسی کے بدن پر پڑتا دیکھے تو نوکر کے فرار ہونیکی دلیل ہے۔

۴۴	تالاب	خواب میں دیکھنا اور اس میں نہانا اہل و عیال کی مصیبت کا باعث ہے۔
۴۵	تانبا پانا	مال و منال حاصل ہونے کے مترادف ہے۔
۴۶	تاریکی دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
۴۷	تبر (کلہاڑی) دیکھنا	یا چلتے چلاتے دیکھنا عزیز و اقارب سے جدا ہونیکا سبب ہے۔
۴۸	تاڑی پانا	مال حرام حاصل ہونے نکاح کرنے اور دنیا کی نعمتوں سے مستفیض ہونے کا سبب ہے۔
۴۹	تاڑ کا درخت دیکھنا	اگر کوئی شخص خواب میں تاڑ کا درخت دیکھے تو غم و تردد میں پڑنے کا باعث ہے۔
۵۰	تصویر پانا	عورت پانے کی علامت ہے۔
۵۱	ترش	ترش چیز یا میوہ خود کھاتا دیکھے تو مال میں کمی اور کاروبار میں نقصان ہونے کا سبب ہے۔
۵۲	تکلا دیکھنا	لڑکی سے تعبیر ہے۔
۵۳	تلی دیکھنا	انسان یا جانور کی تلی دیکھنا مال سے تعبیر ہے۔
۵۴	توا دیکھنا	گھر کے خادم یا منتظم سے تعبیر ہے۔
۵۵	توڑنا	خواب میں کسی چیز کا توڑنا غم و الم میں گرنے اور اور پھول کا توڑنا اولاد حاصل کرنے کے مترادف ہے
۵۶	توشک	توشک فراخ بچھی ہوئی دیکھنا فراخی رزق سے تعبیر ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

٥٧	تولنا	خواب میں صحیح تولنا نیکی راستی، حکومت اور انصاف سے تعبیر ہے۔
٥٨	تھوک	خواب میں گرم تھوکنا طوالتِ عمر کی دلیل ہے۔
٥٩	تیرنا	خواب میں صاف پانی میں تیرنا مال و دنیا سے مترادف ہے۔

ٹ

۱	ٹڈی دیکھنا	قوم کا سردار ہو یا عہدہ بلند ہو۔
۲	ٹاٹ کا فرش دیکھنا	دولت مند اور آسودہ حال ہو۔
۳	ٹوپی اپنے سر پر دیکھنا	دولت بے اندازہ پائے۔
۴	ٹاٹ کا لبادہ اوڑھنا	پرہیزگار عورت سے نفع ملے راحت اٹھائے۔
۵	ٹوپی اپنے سر پر کسی کو رکھتے دیکھنا	مرتبہ بلند ہو مردم پسند ہو، دولت سے خوش ہو۔
٦	ٹہلتا دیکھنا	حسین دلہن پائے خدام سے راحت ملے امید بر آئے
۷	ٹکسال میں صرافی دیکھنا	سخت گیروں کو نرمی کے ساتھ زیر دست کرے قوت بازو سے دولت پائے۔
۸	ٹانگا	خواب میں اگر کوئی شخص اپنے آپ کو ٹانگے پر دیکھے تو کسی سفر کے درپیش آنیکی علامت ہے۔

۹	ٹٹو	اگر کوئی شخص ٹٹو خواب میں دیکھے یا اپنے آپ کو سوار دیکھے تو محنت اور مشقت سے رزق حاصل ہونیکا سبب ہے۔
۱۰	ٹخنہ	خواب میں ٹخنے کو مختلف حالت میں دیکھنے کی مختلف تعبیر ہے۔ اگر ٹخنے سے کھیلتا دیکھے تو جھگڑا اور لڑائی پیدا ہونے کا سبب ہے۔
۱۱	ٹڈی دل	ٹڈی دل دیکھنا لشکر یا فوج سے تعبیر ہے۔
۱۲	ٹرام	اگر خواب میں خود سوار ہو تو عزت و توقیر بڑھے اور مرتبہ بلند ہو۔
۱۳	ٹکٹ	خواب میں ریل کا ٹکٹ خریدنا ریلوے سفر کی نشانی ہے اور جہاز کا ٹکٹ خریدنا جہاز کے سفر کی۔
۱۴	ٹمٹم	اگر خواب میں ٹمٹم پر سوار دیکھے تو گمشدہ دوست اور عزیز کے ملنے کی علامت ہے۔
۱۵	ٹوٹنا	اگر خواب میں کسی چیز کو ٹوٹتا دیکھے تو مال و جان کے نقصان کا باعث ہے۔
۱٦	ٹھپّہ	اگر خواب میں کسی قسم کا ٹھپّہ یا مہر اپنے پاس دیکھے تو ثواب کا باعث ہے۔
۱۷	ٹھوڑی	ٹھوڑی دیکھنا عقلمندی اور سرداری سے تعبیر ہے۔
۱۸	ٹہنی	ٹہنیوں کا دیکھنا بھائیوں بیٹوں اور عزیزوں سے تعبیر ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۹	ٹھیلہ	خواب میں ٹھیلا دیکھے تو نوکر سے راحت ملے اور شادی ہونے کا سبب ہے ۔

ث

۱	ثروت مند ہونا	عورت حسین ملے سرداری یا مال و دولت ملے ۔
۲	ثریا دیکھنا	مرتبہ بلند ہو عزت پائے فارغ البال اور خوش ہو ۔
۳	ثور برج دیکھنا	کام بلندی پکڑے اہل و عیال سے راحت ملے ۔
۴	ثرید (روٹی شوربا ملا ہوا) کھانا	وسعت رزق اور راحت ہو ۔ فکر و تنگی سے راحت پائے ۔
۵	ثمر	خواب میں میٹھے اور خوش ذائقہ ثمر دیکھنا اولاد سے تعبیر ہے ۔

ج

۱	جرجیسؑ کو دیکھنا	حاکم کی زوجہ سے تکلیف اٹھائے آخر کو خاتمہ بالخیر ہو حاجت بر آئے ۔
۲	جبرئیلؑ کو دیکھنا	مزید علم و عقل اور توقیر ہو بزرگ مرتبہ یا حاکم کے ہاں عہدہ پائے ۔
۳	جماع بادشاہ سے کرنا	مشیر و محرم حاکم ہو سب تکلیفیں اور برباد یا دور ہوں ۔

۴	جماع بدکار عورت سے کرنا	دانائی اور پرہیزگاری بڑھے ۔ مالِ دُنیا ہاتھ لگے ۔
۵	جماع مرغ یا چوپایہ سے کرنا	جس سے معاملہ درپیش ہے فتح پائے یا حسین اور کمسن عورت عقد میں آئے ۔
۶	جماع خچر سے کرنا	سختی سے نجات پائے دشمن پر فتح مند ہو ۔
۷	جماع شوہر دار عورت سے کرنا	عزت برباد ہو عمر کم ہو غم میں مبتلا ہو اور اگر فقط گلے ملے تو عمر بڑھے خوشی پائے ۔
۸	جماع کراتے دیکھنا	ریاست و دولت پائے دولت دنیا سے مالا مال ہو ۔
۹	جماع یہودیہ سے کرنا	راحت ملے دل کی مراد پائے دنیا کی نعمتوں سے لذّت پائے ۔
۱۰	جماع زوجہ سے کرنا	سرخروئی اور عزت پائے خیر و برکت اور دولت ملے ۔
۱۱	جماع مرد سے کرنا	فاعل کو نفع مفعول کا نقصان ہو اور عزت ملے ۔
۱۲	جماع باکرہ سے کرنا	پارسا عورت سے شادی ہو مقصد بر آئے ۔
۱۳	جدی برج کو دیکھنا	بادشاہ وزیر کا عاقل ہو ہر طرح راحت و آرام ملے
۱۴	جوزہ برج کو دیکھنا	حاکم وقت کا خزانچی ہو یا مدفون خزانہ پائے ۔ مالِ دُنیا سے غنی ہو ۔
۱۵	جھنڈا سرخ کپڑے کا دیکھنا	ہمسروں میں محترم ہو، دولت بڑھے، خوشحال ہو ۔
۱۶	جھنڈا سبز دیکھنا	سخت سفر کا سامنا ہو مگر سلامت لوٹے فائدہ تھوڑا ہو ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۷	جھنڈا اسفید دیکھنا	حاکم جوانمرد یا عالم باتوقیر ہو عورت دولتمند ہمراز و مشیر ہو۔
۱۸	جھنڈا نیلا دیکھنا	ترقی رزق و دولت ہو درازی عمر ہو اہل ثروت بنے۔
۱۹	جھنڈا آسمانی دیکھنا	صاحب رفعت و جاہ ہو بزرگ مرتبہ راستگاہ ہو۔
۲۰	جھنڈا سیاہ دیکھنا	غیر قوم کا سردار ہو جنگلی وحشیوں سے پریشان ہو۔
۲۱	جنازہ کو ایک گروہ کے ساتھ دیکھنا	رئیس و بزرگِ ملّت ہو۔ طول راحت صحتِ نفس و حیات ہو۔
۲۲	جہاز پر سوار ہونا	غم سے نجات پائے محنت سے نڈر ہو جائے۔
۲۳	جہاج بنانا اور سُننا	خوشخبری سننے میں آئے مال بیجا مصرف میں آئے۔
۲۴	جھولا دیکھنا یا خود جھولنا	ہوا و ہوس میں عمر گزرے۔ عشرت روز بروز بہتر ہو۔
۲۵	جادوگر کو دیکھنا	غم و اندوہ ہو جعل سازی میں پڑے۔ فتنہ اور شعبدہ بازی میں پھنسے۔
۲۶	جال میں درندہ دیکھنا	کاروبار بند ہو کر فکر و حیلہ میں پریشان ہو۔
۲۷	جراب پاؤں سے نکالنا	تکلیف و مصیبت دور ہو غم و غصہ سے نجات ملے۔
۲۸	جراب؎ جانور دیکھنا	حج و زیارات مقدسہ کی بشارت ہے خیر و برکت پائے۔
۲۹	جلاب پینا یا دیکھنا	مال حلال ہاتھ لگے صحت و راحت نفس نصیب ہو۔
۳۰	جراح کو دیکھنا	ترقی مال ہو نفع پائے تولد فرزند سے خوشی ہو۔

؎ اونٹ کی طرح ایک حیوان ہے مگر سینہ چوڑا گردن دراز اور بلند ہوتی ہے زمین پر جھک کر نہیں چل سکتا۔

۳۱	جھنڈا زرد دیکھنا	بیماری و تکلیف کی نشانی ہے پریشانی و سرگردانی ہے۔
۳۲	جوارش معجون کھانا	خیر و برکت ہاتھ لگے صحت و تندرستی پائے۔
۳۳	جوانمرد کو دیکھنا	دولت سے بے نیاز ہو کر مکار و حیلہ ساز ہو۔
۳۴	جوان عورت کو دیکھنا	دولت سے گھر بھر جائے مسرت و خوبی دنیا حاصل ہو۔
۳۵	جنات کو دیکھنا	فتنہ و فساد کی نشانی ہے باعثِ تکلیف و پریشانی ہے۔
۳۶	جبہ (لبادہ) بدن پر پاکیزہ دیکھنا	عقلمند و خوبصورت عورت ملے، دولت و خوشی و قوت ملے۔
۳۷	جبہ بوسیدہ اور میلا دیکھنا	بدمزاج و بدشکل عورت سے واسطہ پڑے حد سے زیادہ تکلیف اٹھائے۔
۳۸	جھاڑو اپنے گھر میں دینا	مال تلف و برباد ہو پریشانی میں اضافہ ہو۔
۳۹	جھاڑو ہر جگہ دینا یا دیکھنا	حاکم رعیت پرور اور راحت رساں ہو مال و دولت اور خیر و برکت بکثرت ہو۔
۴۰	جگر بھیڑ وغیرہ کا دیکھنا	فرزند پیدا ہو مدفون خزانہ یا مال و دولت ہاتھ لگے۔
۴۱	جنب میں اپنے آپکو دیکھنا	کسی جانب سفر کرے اہل و عیال سے جُدائی ہو۔
۴۲	جھرلی کا پانی دیکھنا	مرد دیکھے تو مال و متاع پائے کمسن عورت عقد میں آئے عورت دیکھے تو کسی مالدار سے عقد کرے۔
۴۳	جوں یا جونک دیکھنا	نہایت نحوست و فلاکت اور حقارت کی دلیل ہے۔
۴۴	جونک کو مار ڈالنا	دشمن پر فتح و نصرت پائے مفلسی دور ہو۔
۴۵	جان بدن سے نکلتے دیکھنا	فرزند یا عیال کا غم ہو یا مال ضائع ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۶	جگنو چمکتے دیکھنا	نیک سیرت زوجہ یا خوشرو محبوب ملے قدرے جواہر یا مال ہاتھ لگے ۔
۴۷	جلیبی دیکھنا یا کھانا	کوشش بلیغ سے مال و نعمت پائے بہتری و فرحت پائے ۔

چ

۱	چاندی کھوٹی پانا	بد خصلت عورت سے رنجیدہ ہو یا تھوڑے مال سے ضائع ہونیکا اندیشہ ہو ۔
۲	چاندی کا برتن یا زیور دیکھنا	عورت سے مال پائے تکلیف اور مفلسی دور ہو ۔
۳	چاندی پانا یا دیکھنا	دولت سے گھر بھرے شہر میں فضول خرچ مشہور ہو ۔
۴	چاندی کو کان یا مٹی سے نکالنا	کسی عورت کو دھوکہ سے کام میں لائے اس کی بدولت ہر طرح آرام پائے ۔
۵	چاندی پنگھلتے دیکھنا	اندیشہ ناک اور مضطرب حال ہو دشمن کے عناد سے قیل و قال میں مبتلا ہو ۔
۶	چاندی زمین پر دیکھنا	حاکم یا بادشاہ سے فائدہ ملے شہر کے باشندوں سے خورسند ہو ۔
۷	چاند گہن دیکھنا	تنگدستی و افلاس میں مبتلا ہو حمل ساقط ہو یا درد و غم میں مبتلا ہو
۸	چاند کو گویا ہاتھ میں سجدہ کرتے دیکھنا	بادشاہی یا سرداری ملے یا عورت حسین ملے ۔ فرزند تولد ہو ۔ خوشی نصیب ہو ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹	چاول دیکھنا یا کھانا	عرق ریزی سے نفع اٹھائے یا کافر سے دولت ہاتھ آئے
۱۰	چتر شاہی دیکھنا	مرتبہ بلند ہو ۔
۱۱	چرخ پکڑنا یا دیکھنا	اگر وحشی دیکھے لڑکا مجنون ہو اگر گھریلو دیکھے تو فرزند سعید مالدار ہو ۔
۱۲	چیتا رام کرنا یا دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے کوئی نفع ہو یا رئیس شہر انعام دے ۔
۱۳	چیتا حملہ آور دیکھنا	سخت دشمن غالب آجائے ہوئے دوستی نہ پائے ۔
۱۴	چنڈول پکڑنا یا دیکھنا	اگر مادہ دیکھے تو لونڈی یا دختر نیک انجام پائے اگر نر دیکھے تو فرزند نرینہ ہاتھ آئے ۔
۱۵	چیونٹیوں کا باہر سے گھر میں آنا	چور رات کو گھر میں آئے اور مال و دولت لے جائے ۔
۱۶	چیونٹیوں کا گھر سے نکلنا	دولت و اقبال کو زوال آئے ۔
۱۷	چیل کا ہاتھ سے اڑنا	رنج و بلا کا صدمہ ہو اگر عورت حاملہ ہو تو فرزند مردہ پیدا ہو ۔
۱۸	چیل کو تابعدار کرنا	مقرب سردار عالی جاہ ہو یا عورت سے خاطر خواہ فائدہ ہو ۔
۱۹	چیل کو دیکھنا	بیماری کو طول ہو غم میں مبتلا ہو ۔
۲۰	چمگاڈر دیکھنا	دشمن سے اذیت پہنچے ۔
۲۱	چرخ پکڑنا یا کھانا	فرزند ارجمند پیدا ہو رئیس قوم سے کچھ فائدہ ملے ۔
۲۲	چوہے کا بچہ دیکھنا	عورت بدزبان کے ساتھ گرفتار ہو شر و فساد سے زندگی دشوار ہو ۔

۲۳	چوہا پکڑتے دیکھنا	زن فاحشہ گھر میں آئے اسکے سبب خواہ مخواہ نقصان اٹھائے
۲۴	چوہا کچھ کاٹتے یا کھاتے دیکھنا	مال کا نقصان اور دوست بدخواہ بیماری سے پریشان اور عمر کوتاہ ہو۔
۲۵	چوہوں کا غول دیکھنا	طول حیات اور ترقی درجات ہو۔
۲۶	چکور کو پکڑتے دیکھنا	عورت حسین ملے مقصد دلی اور مال ملے۔
۲۷	چکور کو مرتے یا اڑتے دیکھنا	زوجہ کو طلاق دے یا اہلیہ مرجائے عورت کی جانب سے قید کا صدمہ اٹھائے۔
۲۸	چولھا دیکھنا	بدزبان عورت کا سامنا ہو جھگڑا فساد میں مبتلا ہو۔
۲۹	چولھا بھڑکتا دیکھنا	محبوب خوش جمال پائے دولت و اقبال ہاتھ آئے
۳۰	چولھا گرم ٹھنڈا دیکھنا	دولت کا زوال ہو رنج و مصیبت زیادہ ہو یا زن و شوہر میں ملاپ ہو۔
۳۱	چنگاریاں برستے دیکھنا	فتنہ و فساد اور خونریزی کی علامت ہے بلا کا سامنا اور خوف عتاب الٰہی ہے۔
۳۲	چراغ روشن دیکھنا	عمر بڑھے اولاد سے نام روشن ہو اگر جھلملاتے دیکھے تو عمر کا جام لبریز ہو۔
۳۳	چراغ دان دیکھنا	عورت بدصورت ہاتھ آئے نحوست و تکلیف میں مبتلا ہو۔
۳۴	چولھا ٹوٹ جاتے دیکھنا	عورت دیکھے تو شوہر مرجائے مرد دیکھے تو مرگ زوجہ کا رنج اٹھائے۔
۳۵	چولھا کسی سے پانا یا لینا	پاکیزہ عورت گھر میں آئے راحت و آرام جان پائے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۳۶	چشم تاریک دیکھنا	کاروبار میں خلل آئے فرزند و زن کی بیماری کا غم درپیش ہے۔
۳۷	چشم معیوب دیکھنا	فرزند کی بدکاری نافرمانی رنج و غم میں مبتلا کرے یا بد اطوار عورت سے تکلیف اٹھائے۔
۳۸	چشمہ پانی کا جاری دیکھنا	ترقی مدارج و نعمات ہو مزید مال ملے اور صحت و تندرستی پائے۔
۳۹	چشمہ محل یا گھر میں ظاہر دیکھنا	یمن و برکت اور دولت کی نشانی ہے باعث نفع مال و دفع پریشانی ہے۔
۴۰	چاہ کا پانی اُبلتے دیکھنا	علم سے بہرہ ور ہو دولت بے اندازہ پائے۔ آب رحمت سے تمام کلفت و تکلیف دور ہو جائے۔
۴۱	چاہ دیکھنا	بیمار کو شفا ہو دوست راحت رساں ہو دلی آرزو بر آئے۔ عیال کی راحت پائے۔
۴۲	چوبہ دیکھنا	عورت حسین و مالدار ملے ہر دلعزیز ہو دولت ملے۔
۴۳	چکّی چلتی دیکھنا	سفر دراز ہم چشموں میں امتیاز ہو منفعت پائے روزی سے بے نیاز ہو۔
۴۴	چکّی بے دانہ چلتے دیکھنا	لاف زنی اس کا شعار ہو۔ بیہودہ گوئی سے سروکار ہو۔
۴۵	چینا کھانا یا انبار دیکھنا	مال و اسباب ہاتھ آئے روزی سختی سے پائے۔
۴۶	چھال درخت کے پتّے کھانا	افلاس دامن گیر ہو بیکار ہر تدبیر ہو۔

۴۷	چقندر کھانا	روزی میں برکت، ترقی دولت جس کام میں مشغول ہو نیک اس کا تمام ہو۔
۴۸	چلیپا قبضے میں لاکر توڑنا	اہل اسلام کی بھلائی ہے قوم حضرت عیسیٰ کے لیئے بھلائی ہے۔
۴۹	چقندر دیکھنا	عورت سے فائدہ پہنچے دل کو راحت ملے۔
۵۰	چلیپا کی حرمت اور تعظیم کرنا۔	ضعفِ اسلام قوت نصاریٰ ہو۔ سارا عیسائی دور ہو۔
۵۱	چھت ملون دیکھنا	آرائش دنیا میں مشغول ہو دولت وحشمت حاصل ہو۔
۵۲	چھت بلند دیکھنا	مرتبہ ہم چشموں میں بلند ہو حاکم یا بادشاہ سے مستفید ہو۔
۵۳	چھت سے سانپ یا بچھو گرتے دیکھنا	رنج ومصیبت میں مبتلا ہو۔ سختی اور غم کا سامنا ہو۔
۵۴	چوکھٹ چومنا یا سر پہ رکھنا	عشق سے محبوب کی سرگردانی ہو چندے سے وصل سے دلشاد ہو رفع پریشانی ہو۔
۵۵	چوکھٹ پرانی دور کرنا اور نئی بنانا	بیوی کو طلاق دے۔ دوسری عورت سے عقد کرے۔
۵۶	چادر دیکھنا	عورت عفیفہ سے عقد کرے نیک کاموں میں مصروف رہے۔
۵۷	چلتا دیکھنا یا پہننا	مال غنیمت ملے لوٹ اور چوری سے بچے دشمن مغلوب ہو رنج و بلا سے مامن ہو۔
۵۸	چار آئینہ دیکھنا	بادشاہ کو قوت اور دشمنوں کو ہزیمت ہو۔

۵۹	چرواہا دیکھنا	بادشاہ یا حاکم ہو اور رئیس قوم ومعلم ہو۔
۶۰	چھینکتے دیکھنا	بغیر جستجو مطلب بر آئے جس کام میں شک ہو پورا ہو
۶۱	چھلنی دیکھنا	عورت بیکار وفضول ہاتھ آئے لیکن مرد صالح سے منفعت پائے۔
۶۲	چھلنی نئی خریدنا	عورت صالح سے عقد کرے یا لونڈی خوش سیرت مول لے
۶۳	چونا دیکھنا	خبر بدسخن ناخوش سننے میں آئے تعمیر عمارت اور سختی ہر کام میں پائے۔
۶۴	چونہ سے بدن کے بال دور کرنا	قرض کی ادائی، اندوہ سے رہائی۔ مال بہت سا پائے۔ اقبال کی رسائی ہو۔
۶۵	چٹائی کو دیکھنا	کوئی عورت نکاح میں لائے۔ نفع ہو اور مالامال ہو جائے۔
۶۶	چھپکلی کو پکڑنا یا مار ڈالنا	کسی سردار کو قابو میں لائے یا مرد مفسد خود بخود رام ہو جائے۔
۶۷	چور کو پکڑ کر باہر لیجانا	فضل خدا سے مالدار ہو دشمن ذلیل وخوار ہو۔
۶۸	چاقو دیکھنا	دشمن سے تعبیر ہے۔
۶۹	چبوترہ دیکھنا	والدین سے تعبیر ہے۔
۷۰	چٹنی دیکھنا	چٹنی اگر خوش ذائقہ اور شیریں کھاتے دیکھے تو خیر و برکت کا باعث ہے۔
۷۱	چیٹھی (خط)	پانا یا ملنا کسی خوشخبری کے ملنے کا باعث ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۷۲	چوری	خواب میں کسی کا مال چرانا یا کسی گھر میں چوری کرنا گرفتاری سے تعبیر ہے۔
۷۳	چوغہ	خواب میں چوغہ عورت سے مشابہ ہے اگر خوبصورت اور پاکیزہ چوغہ ملے یا پہنے دیکھے تو پاک اور نیک سیرت عورت ملنے کی دلیل ہے۔
۷۴	چونچ	خواب میں چونچ دیکھنا عورت سے تعبیر ہے لہٰذا خواب میں چونچ دیکھنا عورت سے شادی کرنے کے مترادف ہے۔
۷۵	چھال	خواب میں کسی درخت کی چھال دیکھنا گم شدہ چیز ملنے سے تعبیر ہے۔
۷۶	چھاؤں	خواب میں چھاؤں کے نیچے بیٹھنا بزرگی ہیبت منافع اور موت کا سبب ہے۔
۷۷	چھتری	خواب میں چھتری کا دیکھنا عزت، حکومت، مرتبہ، رفعت اور بزرگی پانے کے مترادف ہے۔
۷۸	چھری دیکھنا	فرزند سے تعبیر ہے۔
۷۹	چھینک آنا	خواب میں اگر چھینک آئے تو الحمد للہ کہے تو اگر وہ بیمار ہے تو اسے طبیب کی ضرورت ہوگی اور تندرست ہے تو دلی مراد پوری ہوگی۔
۸۰	چیتا دیکھنا	قوی دشمن کے مترادف ہے۔

۸۱	چربی دیکھنا یا کھانا	نعمت، ترقی رزق، زیادتی مال اور کامیابی کی علامت ہے۔
۸۲	چڑیا دیکھنا	قدر و منزلت بڑھنے کا موجب ہے اگر کسی چڑیا کو پکڑتا دیکھے تو کسی عورت پر کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔
۸۳	چشم دیکھنا	صاحب نظر مرد سے تعبیر ہے۔
۸۴	چشمہ دیکھنا	ترقی رزق اور سرداری سے تعبیر ہے۔
۸۵	چمچہ دیکھنا	خونخوار مرد سے اور اس کی ڈنڈی طوالت اطاعت سے تعبیر ہے۔
۸۶	چمڑا دیکھنا	تمام چوپاؤں کا چمڑا دیکھنا مال کے مترادف ہے اور اونٹ کا چمڑا دیکھنا وراثتِ مال، بکری کا چمڑا ترقی رزق کا باعث ہے۔
۸۷	چنا دیکھنا	تر و خشک دیکھنا رنج و غم کے مترادف ہے۔
۸۸	چنبیلی دیکھنا	گلدستہ دیکھے تو اس شخص سے مفارقت ہونے کا اندیشہ ہے جسکے پاس گلدستہ ہے۔
۸۹	چوپائے دیکھنا	جو اپنا تابع چوپایہ دیکھے تو اسے کسی جنگل سے فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔
۹۰	چوزہ دیکھنا	اپنوں میں سے کسی سے منفعت ہونے کی دلیل ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹۱	چینی	خواب میں کوئی چینی کا برتن دیکھنا خادمہ عورت سے تعبیر ہے اگر خواب میں اپنے پاس چینی کا برتن پائے تو خادمہ عورت کو گھر میں لائے ۔

ح

۱	حوّا علیہا السلام کو دیکھنا	درازی عمر دولت و اقبال، عیش و نعمت اور مرفع الحال ہو ۔
۲	حورالعین کو دیکھنا	مال و عزّو شرف پائے حق تعالیٰ گناہ عفو فرمائے۔
۳	حور سے صحبت کرنا	عالی خاندان عورت سے نکاح ہو دولت و برکت و فلاح ہو ۔
۴	عورت برج کو دیکھنا	بادشاہ کا مقرب و مصاحب ہو امین و معتمد والا مناقب ہو ۔
۵	حاملان عرش کو دیکھنا	بادشاہ کے دربار میں رسائی ہو مراد بر آئے عیش کا سامان ہو ۔
۶	حج کرنا	بادشاہ حاکم وقت مہربان ہو۔ مراد دلی بر آئے ۔
۷	حرم محرم میں داخل ہونا	مرتبہ بزرگ پائے ۔ دو جہان کی نیک بختی پائے۔
۸	حجامت	مرد کے واسطے عزّت و شادمانی عورت کو معصیت اور خجالت کی نشانی ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹	حلوہ یا حریرہ کھانا	عمر دراز و عشرت و مساز ہو مال دنیا سے بے نیاز ہو۔
۱۰	حمام میں جانا	قرض میں مبتلا ہو، خالی دیکھے تو مفلسی سوار ہو ۔
۱۱	حمام میں غسل کرنا	ادائے قرض ہو دل کو چین ہو گرم پانی دیکھے تو غم اور رنج میں مبتلا ہو، اور سرد پانی دیکھے تو مفلسی اور تنگی سے رہائی ہو ۔
۱۲	حمام جدید دیکھنا	اس قریہ کی عورت عقد میں آئے بہت مال و دولت ساتھ لائے ۔
۱۳	حمام کی بنیاد ڈالنا	دلی مراد بر لائے عورت حاملہ ہو یا مال پائے۔
۱۴	حائض عورت کا اپنے کو دیکھنا	گناہ عظیم میں مبتلا ہو رنج و غم کا سامنا ہو۔
۱۵	حیض سے مرد کا آپ کو دیکھنا	عورت فاحشہ سے اتحاد کرے یا عورت اس کا ننگ و ناموس برباد کرے ۔
۱۶	حیض بند ہوتے دیکھنا	کامیابی و فروزی ہو فرزند حسین کی لبشارت ہو۔
۱۷	حیض کا غسل کرنا	بیمار کو صحت اور گنہگار کی مغفرت ہو۔
۱۸	حائض اپنی عورت کو دیکھنا	دُنیا کے کاموں میں تنگی اور اگر غسل حیض کا کرتے دیکھے کشادگی پائے ۔
۱۹	حقّہ پینا	کسی محبوب یا رئیس سے ہمکلام ہو مرض سے صحت ملے آرام ہو ۔
۲۰	حقہ کرتے دیکھنا	اگر حقہ سے تکلیف ہو تو بد حالی دلیل ہے اور جو راحت پہنچے خیر و منفعت کی سبیل ہے ۔

۲۱	حجر الاسود کو بوسہ دینا	دین کی خوبی اور بہتری سوا ہو عالموں سے اتحاد پیدا ہو۔
۲۲	علاج کو دیکھنا	مرد بزرگ وکریم سے صحبت ہو وسعت رزق ہو
۲۳	حوض کوثر کو دیکھنا یا پانی پینا	علم دینی سے کامیابی مال سے منفعت ہو۔
۲۴	حوض کا پانی دیکھنا یا اس میں نہانا	کلفت ومصیبت ڈھل جائے عہدۂ جلیل ونعمت پائے اگر پانی سے ڈرے بیماری دور ہو۔
۲۵	حرم کعبہ دیکھنا	دینوی رنج والم دُور ہونے اور مسرّت حاصل ہونے کے مترادف ہے۔
۲۶	حرام کھانا	حرام جانور کا گوشت کھاتے دیکھنا رنج والم میں مبتلا ہونیکی علامت ہے۔
۲۷	حساب کرنا	خواب میں حساب کرنا فکر واندوہ میں مبتلا ہونیکی نشانی ہے۔
۲۸	حسنین علیہم السلام کی زیارت کرنا	امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی زیارت کرنا خیر و برکت حاصل ہونے اور لوگوں میں برکت پانے کی دلیل ہے۔
۲۹	حکم	خواب میں حکم چلانا اپنے عہدہ پر بحال رہنے کی تعبیر ہے اور لوگوں سے کام لینے کے مترادف ہے۔
۳۰	حکومت کرنا	سرکشی اور آزادی کی نشانی ہے اگر کوئی

		شخص خواب میں حاکم بنے یا حکومت کرتا دیکھے تو خلق میں نیک نام ہونیکی علامت ہے۔
۳۱	حکیم	خواب میں حکیم کو بیمار کا علاج کرتے دیکھنا گناہوں سے تائب ہونیکی علامت ہے۔ اگر کوئی شخص لوگوں کو علاج کرتا دیکھے تو ان کو نصیحت وہدایت اور علم سکھانے کے مترادف ہے۔
۳۲	حلال	خواب میں حلال مال کھانا خیر وبرکت کا موجب ہے اگر کسی حلال جانور کو حلال کرتا دیکھے تو حاکم وقت سے نفع پہنچنے کا سبب ہے۔

خ

۱	خضر کو دیکھنا	طولانی زندگی پائے باب رحمت کھل جائے۔
۲	خطیب کو دیکھنا	جھڑکیاں کھائے فضیحت اٹھائے وہ کام کرے جس میں جگ ہنسائی ہو۔
۳	خطیب غیر نسل کو دیکھنا	رنج وغم پہنچنا طبیعت کو پریشانی ہو نیک کاموں سے نفرت پشیمانی ہو۔
۴	خطیب سے ملنا	رفیق مردم حق شناس وآبرو دار ہو کوئی حاکم حامی ومددگار ہو۔
	خطبہ خطیب کا پڑھنا	بزرگی وفضیلت پائے صاحب ریاست وامارت ہو جائے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶	خطبہ عورتوں کو سر منبر پڑھتے دیکھنا	مرد اس کا رسوا ہو جائے ہم چشموں کے آگے فضیحت پائے۔
۷	خطبہ بادشاہ کو پڑھتے دیکھنا	اگر بادشاہ نیک اعمال ہے عدل و انصاف کرے اگر مفسد ہے توبہ کرے۔
۸	خطبہ کے ساتھ صیغہ نکاح پڑھنا	خیر و احسان میں شہرت پائے منفعت اور بہتری دو جہان میں پائے۔
۹	خطبہ کافر کو پڑھتے دیکھنا	دلیل ہے کہ وہ شخص اسلام لائے فضل حق سے دولت ایمان پائے۔
۱۰	خطبہ غیر خطیب کا پڑھنا	وہ شخص سفر کو جائے دیر تک رہے خطرہ پائے۔
۱۱	خانہ باغ میں جانا	دولت سے آرام پائے۔
۱۲	خانہ تاریک میں جانا	موت نزدیک پہنچے عمر کا جام لبریز ہو۔
۱۳	خانہ تاریک سے نکلنا	بیماری سے صحت ہو جائے یا ذلت کے بعد عزت پائے۔
۱۴	خوشۂ درخت سے نکلنا	اگر شمار جانتا ہے تو نہال ہو اور بیشمار دیکھے تو مالا مال ہو۔
۱۵	خوشہ سبز خرمن یا پھل دیکھنا	مالِ دنیا سے تونگر ہو۔ تولد فرزند نیک اختر ہو
۱۶	خرمہ کھاتا یا دیکھنا	مالِ حلال کھانے میں آئے۔ علم دینیہ سے فائدہ پائے۔

۱۷	خرما کا درخت یا تخم دیکھنا	سفر کو جائے مشقت سے فائدہ اٹھائے اور اگر خرمہ چیر کر نکالے تو فرزند تولد ہو۔ عورت گھر میں لائے۔
۱۸	خرما چننا یا کھانا	روزی حلال پائے۔ بیوی نیک کردار ملے۔
۱۹	خرما تازہ درخت سے توڑنا	فصل میں دیکھے تو حاکم ہو جائے اور غیر موسم میں دیکھے تو بیمار پڑے رنج اٹھائے۔
۲۰	خوبانی کھانا یا پانا	کچھ دن رنجور رہے۔ عشرت سے دور رہے۔
۲۱	خربوزہ دیکھنا	رنج کے بعد راحت ترقی مال و دولت ہو۔
۲۲	خربوزہ کا کھیت دیکھنا	دولت بے اندازہ ہو، دل کو راحت ملے بزرگ ہمت ہو اولاد کی کثرت ہو۔
۲۳	خربوزہ سبز و شاداب دیکھنا یا پانا	عورت ملے یا فرزند کی ولادت ہو۔ ترقی منفعت اور جاہ و حشمت ہو۔
۲۴	خیار کھانا یا پانا	عورت دیکھے تو لڑکی پیدا ہو مرد دیکھے تو بیمار ہو۔
۲۵	خوشبویات سونگھنا یا دیکھنا	اہل دنیا سے اکثر نفع ہو دماغ بوئے علم و فضل سے معطر ہو۔
۲۶	خوان پر طعام کھانا	ترقی درجات فراغی منعمات، وسعتِ رزق مزید خیر و برکت ہو۔
۲۷	خچر اپنے پر سوار ہونا	طول حیات ترقی درجات ہو اگر پالان بندھا دیکھے عورت فربہ یا کنیز ملے۔
۲۸	خچر بیگانہ پر سوار ہونا	صاحب خچر کی عورت تصرف میں آئے یا امانتیں خیانت کرے خجالت اٹھائے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۹	خچر پر کسی کو سوار دیکھنا	مرد اجنبی اس کی جورو سے خیانت کرے ننگ و ناموس کھولے بے حرمت کرے۔
۳۰	خچر پر برہنہ پیٹھ بیٹھنا	سفر کا اتفاق پڑے اگر مادہ ہو عمر دراز ہو شادی کرے۔
۳۱	خرگوش دیکھنا	عورت سست بنیاد ملے ظاہر یگانہ دل میں بیگانہ رہے
۳۲	خشخاش دیکھنا	دولت وحشمت سے سرور ہو طبیعت میں فسق و فجور رہو۔
۳۳	خشتِ خام دیکھنا	ہر خشت کے عوض ہزار درہم پائے بے تردد مال ہاتھ آئے۔
۳۴	خشت پختہ دیکھنا	عمر کا پیمانہ لبریز ہو یا سخت بیماری سے ناکام ہو۔
۳۵	خصیہ بڑا دیکھنا	قوت باہ رسوا ہو دختر پیدا ہو جورو سے خفا ہو۔
۳۶	خط پڑھنا یا لکھنا	خبر اچھی ملے مال ارث کا پائے غم گھٹے راحت و آرام بڑھ جائے۔
۳۷	خط پڑھ کر معنی سمجھنا	کوئی ایسا کام سپرد ہو جو مشکل سے سرانجام ہو۔
۳۸	خط مہری پڑھنا	رازدار ورفیق سلطانی ہو۔ سپرد رعیت کی حفاظت ونگرانی ہو۔
۳۹	خط کھلا دیکھنا	کشادگی رزق ہو راز مخفی کھلے دشمن پر فتح ہو۔
۴۰	خلع عورت سے کرتے دیکھنا	تونگری کی دلیل ہے فارغ البالی کی دلیل ہے۔
۴۱	خلال کرنا	کام بیہودہ سے شرمندہ ہو عزیز واقربا سے چھوٹ جائے۔
۴۲	خرقہ بدن سے دور کرنا	غم واندوہ سے رہائی ہو فقر وفاقہ سے بھی جدائی ہو۔

۴۳	خمیر کرنا کرتے دیکھنا یا کھانا	اگر خمیر گیہوں کے آٹے کا ہے بقدر اس کے مال تجارت پائے اور اگر چنے یا باجرہ کا ہے ڈیوڑھا نفع ہاتھ آئے۔
۴۴	خنجر ہاتھ میں دیکھنا	دلیل قوت وشجاعت ہے نشان فتح ونصرت ہے۔
۴۵	خنجر کا ٹوٹنا یا ضائع کرنا	رفع خصومت کی دلیل ہے۔ صلح کی دلیل ہے۔
۴۶	خود یعنی کلاہ آہنی ملنا	آفات وبلیات سے محفوظ رہے خیر وسعادت ملحوظ رہے۔
۴۷	خلعت پانا	سبز یا سفید رنگ سے دین میں عزت افزائی ہو اور ریشمی ہو تو دنیا میں حرمت اور بھلائی ہو۔
۴۸	خون جاری دیکھنا	افسری کچھ برائے نام ملے یا بہت سا مال حرام ملے۔
۴۹	خون آلودہ ہونا	موجب مال ودولت ہے باعث نفع وراحت ہے۔
۵۰	خون کسی کا کھانا	مال حرام کھائے یا دشمن کو ضرر پہنچائے۔
۵۱	خیمہ وخرگاہ دیکھنا	عورت جمیلہ یا لونڈی باکرہ پائے۔ بادشاہ داد گر یا فوج کا افسر ہو جائے۔
۵۲	خشک اناج کھائے	مفلسی کا سامنا ہو رنج وغم میں مبتلا ہو۔
۵۳	خاک برستے دیکھنا	کدورت آجائے خفت ونکبت ہاتھ آئے۔
۵۴	خاگینہ یعنی انڈا تلا ہوا کھانا	عورت سے فائدہ اٹھائے۔ مفت کا مال ہاتھ لگے۔
۵۵	خاک دیکھنا	دام اور درم کی علامت ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۶	ختنہ	متابعت سنت، فرزند، نیکی، آرام اور اطمینان حاصل ہونے اور فرزند وزن سے جدائی کا باعث ہے۔
۵۷	خربوزہ	موسم پر خربوزہ دیکھنا بیماری، عورت غلام، منفعت اور عیش و مسرّت کی دلیل ہے۔
۵۸	خچّر	خچر پر سوار ہونا دنیا میں بدنام و ذلیل ہونے کی دلیل ہے۔
۵۹	خرگوش	خرگوش کا ملنا یا پکڑنا بدکار عورت یا بد اخلاق کنیز خریدنے کے مترادف ہے۔
۶۰	خرید و فروخت کرنا	نیک علامت ہے۔
۶۱	خزانہ	خزانہ دیکھنا یا پانا بیمار ہونے اور رنج و غم میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔
۶۲	خشخاص دیکھنا	خواب میں خشخاش دیکھنا بیماری اور غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
۶۳	خشک لکڑی	اگر کوئی شخص خواب میں خشک لکڑی دیکھے تو کسی نامعلوم شخص سے فائدہ حاصل ہونے اور مال دُنیا ملنے کی دلیل ہے۔
۶۴	خط پڑھنا	مدد گار کی ضرورت سے مشابہ ہے۔
۶۵	خضاب	خضاب لگانا عیبوں کو چھپانیکی تعبیر ہے۔

۶۶	خطبہ سننا یا پڑھنا	نیکی اور خوشی اور فرزند پیدا ہونیکی علامت ہے۔
۶۷	خطمی (دوا)	خواب میں خطمی کا دیکھنا فائدہ مند ہے لیکن بغیر موسم وضرورت دیکھنا غم و اندوہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
۶۸	خطیب	خواب میں خطیب سے ملنا خوش قسمتی اور کسی ملاقاتی سے فیض حاصل ہونیکا موجب ہے۔
۶۹	خلال	خواب میں دانتوں میں خلال کرتے دیکھنا اپنے خویشوں سے صحبت و الفت بڑھنے اور بیگانوں سے دشمنی پیدا ہونے کا موجب ہے۔
۷۰	خلعت	خواب میں خلعت حاصل کرنا عزت و مرتبہ کی بلندی سے تعبیر ہے۔
۷۱	خوانچہ یا خوان	خواب میں آراستہ خوان یا خوانچہ دیکھنا اور اس میں سے کھانا درازی عمر و مال و نعمت کے حاصل ہونے کا باعث ہے۔
۷۲	خوشبو	اگر خواب میں خوشبو سونگھے تو لوگوں میں اس کی تعریف ہونیکا موجب ہے۔
۷۳	خوشہ (بالی)	خواب میں خوشہ یعنی بالی دیکھنا دولت و مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

د

۱	داؤدؑ کو دیکھنا	دولت و قوت و بزرگی پائے قوم کا سردار ہو زہد و تقویٰ بڑھ جائے۔
۲	دانیالؑ کو دیکھنا	علم مطبوع جہاں میں طلق ہو عزیز اہل علم شہرۂ آفاق ہو۔
۳	دلو کا برج دیکھنا	محنت و مشقت میں پڑے جو کچھ دستیاب ہو اوروں کو دے۔
۴	دروازہ کھلا یا کھلتے دیکھنا	باب مقصد و روزی سے کشادہ ہو، تولّد فرزند سے دل شاد ہو۔
۵	دروازہ بند دیکھنا	نکبت و تنگدستی کا نزول ہو باب رزق خیر مسدود ہو۔
۶	دروازہ کا حلقہ دیکھنا	بادشاہ یا سردار کا سفیر ہو یا فضول گوئی سے چشم مردم میں حقیر ہو۔
۷	دروازہ گھر سے دور دیکھنا	عورت فاحشہ سے اتحاد ہو شغل فسق و فجور زیادہ ہو۔
۸	دروازہ بزرگ دیکھنا	بادشاہ سے ربط و اتحاد کامل ہو مملکت کا انتظام حاصل ہو۔
۹	دروازہ سرا کا کھلتے دیکھنا	بادشاہ سے مال ملے عیال پر اس کو صرف کرے۔
۱۰	دروازہ میں درندہ یا چوپایہ دیکھنا	بیوی یا کنیز بدکاری کرے غیر مردوں سے ملّت داری کرے۔
۱۱	دروازہ کا قفل کھولنا	عورت باکرہ سے شادی کرے۔
۱۲	دروازہ بے کواڑ دیکھنا	عورت بیوہ پر رغبت کرے۔

۱۳	دف بجانا مرد جوان کا	دوستوں سے دشمنی کا خیال ہے باعث صد مرد ملال ہے
۱۴	دف بجاتی عورت یا مرد متوسط کو دیکھنا	باعث شادی و سرور ہو۔ رنج و کلفت دور ہو۔
۱۵	دوشالہ یا پشمینہ پانا	بادشاہ کا مصاحب ہو عالی قدر والامناقب ہو۔
۱۶	دوا کھانا یا پینا	صحت نفس کی نشانی ہے۔
۱۷	دودھ عورت کا پینا	وہ عورت بہت الفت کرے مثل خدمتگار خدمت کرے۔
۱۸	دودھ اونٹنی کا پینا یا دوہنا	عورت کی بدولت مالدار ہو توانا اور فربہ جسم راز ہو۔
۱۹	دودھ بھیڑ کا پینا	سستی اندام ہو مبتلائے صد مرد آلام ہو۔
۲۰	دودھ گائے کا پینا	مال و نعمت کی نشانی ہے باعث کامرانی ہے۔
۲۱	دودھ مادۂ گرگ کا پینا	اندوہ و غم کی تیزی ہو ہم چشموں میں آبروریزی ہو۔
۲۲	دودھ سورنی کا پینا	رنج و مصیبت میں مبتلا ہو خجالت اور ذلت کا سامنا ہو۔
۲۳	دودھ بجّو کا پینا	بیوی یا لونڈی حرمت گنوائے بدکاری و خیانت ضائع ہو جائے۔
۲۴	دودھ گدھی کا پینا	دافع امراض کی علامت اور کامیابی کی بشارت ہے۔
۲۵	دودھ خچری کا پینا	دانش و عقل میں فتور آئے۔ شدت و خفقان ہو جائے۔
۲۶	درخت کے پتّے جھڑتے دیکھنا	دولت و حرمت و توانائی ہے مثل آئینہ قلب کی صفائی ہے۔
۲۷	دودھ ہرنی کا دوہنا	مرد دیکھے تو بادشاہی کا منشی یا مصاحب ہو عورت

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		دیکھے تو طفل سلطان کی دایہ والا مصاحب ہو۔
۲۸	درخت بونا	بیوی یا کنیز یار ور ہو دولت و مال سے تونگر ہو۔
۲۹	درخت پھولا پھلا دیکھنا	مال سے نفع پہنچے رئیسوں کی صحبت ہو لونڈی سے راحت ملے اولاد کی کثرت ہو۔
۳۰	درخت ناریل کا دیکھنا	تقریب شادی پیش ہو۔
۳۱	درخت لیموں کا دیکھنا	عورت بدمزاج وخود پسند ملے منجم و جادوگر صحبت اختیار کرے
۳۲	درخت آس کا دیکھنا	آدمی سخت طبیعت سے صحبت بڑھے فکر معیشت کی مشقت بڑھے۔
۳۳	درخت نے کا دیکھنا	عورت بدمزاج و بدسیرت ملے بات میں نکتہ چینی کرے۔
۳۴	درخت اخروٹ کا دیکھنا	مرد جواں مرد شریف سے صحبت ہو یا اہل عجم سے کچھ منفعت ہو۔
۳۵	درخت ام ثمرور دیکھنا	اولاد کی کثرت ہو بلند مرتبت اور منفعت ہو۔
۳۶	درخت املی کا دیکھنا	بدمزاج و ترش رو عورت ملے یا لڑکی تولد ہو۔
۳۷	درخت سے میوہ توڑنا۔	نسل میں زیادتی اور برکت ہو اولاد کی بدولت راحت و منفعت ہو۔
۳۸	درخت کے پتے جمع کرنا	پتوں کے بہ قدر درہم پائے کلفت دور ہو مالدار ہو جائے۔
۳۹	درختوں کی ڈالیاں	بھائی اور قرابتدار سب اطاعت کریں تعظیم و

	سرنگوں دیکھنا	تواضع میں کمر بستہ رہیں۔
۴۰	درخت کے پتے گنجان دیکھنا	حاکم وقت کا سامنا ہو فائدہ حد سے سوا ہو۔
۴۱	درخت زمین سے اکھاڑنا	نوکری سے معزول ہو بیماری کی سختی اٹھائے یا بیوی چھوٹے یا کسی کے مرنے کا صدمہ پائے۔
۴۲	درخت کو باتیں کرتے دیکھنا	کشف وکرامت میں شہرۂ آفاق ہو مہربان سلطان خوش اخلاق ہو۔
۴۳	درخت کے سایہ میں بیٹھنا	کسی حاکم یا بادشاہ کا دوست ہو شکوہ و دبدبہ اور راحت نصیب ہو۔
۴۴	درخت بادشاہ کے گھر میں دیکھنا	بادشاہ کا مصاحب یا خدمتگار ہو یا کسی عورت خاندان شاہی سے گرفتار ہو۔
۴۵	درخت گھر میں بنانا	بیٹی کی شادی ہو۔ فکر و تردد سے چھوٹے آرام پائے۔
۴۶	درخت سرو و صنوبر دیکھنا	محبوب بھی قدر استعداد ہاتھ آئے فرزند تولد ہو راحت اٹھائے۔
۴۷	درخت بے ثمر خار دار دیکھنا۔	کسی مرض میں مبتلا ہو رنج و مصیبت کا سامنا ہو۔
۴۸	درخت ثمر دار دیکھنا	عورت حاملہ ہو مراد حاصل ہو راحت کو پہنچے۔
۴۹	درخت کاٹتے یا توڑتے یا کھودتے دیکھنا	غم و مصیبت بیشمار ہو کلفت و فلاکت میں گرفتار ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۰	درخت پر چڑھنا	مرتبہ بلند، دشمن کا خوف دل سے جائے کلفت سے چھوٹے ۔
۵۱	درخت خشک دیکھنا	تنگدستی سے مصیبت میں گرفتار ہو نہایت مفلس ہو۔
۵۲	دام ضائع کرنا	کسی مردِ جاہل کو نصیحت کرے وہ کج فہمی سے جہالت کرے
۵۳	درخت گلدار یا پھولدار دیکھنا	روزی قلیل پر قناعت کرے ۔ سوال و شکایت معیوب سمجھے ۔
۵۴	درخت پھلدار دیکھنا	عالم کامل یا طبیب، حاذق ہو نفع رساں بندگان خالق ہو دنیا میں عزّت و توقیر پائے اگر بیمار ہو تو شفا پائے ۔
۵۵	درخت کنجد دیکھنا	مردِ عجم سے نفع و فلاح ہو یا عورت ولایتی سے نکاح ہو
۵۶	درخت خرمہ دیکھنا	علم سے نفع بیشمار ملے یا محجوب ملے ۔
۵۷	درخت انجیر دیکھنا	نوکری یا تجارت سے مال ملے عیش میں صرف کرے۔
۵۸	درخت شفتالو دیکھنا۔	مال کثیر محنت و مشقت سے پائے عورت کے جور و ظلم سہے جوانی میں مر جائے ۔
۵۹	درخت سیب کا دیکھنا	بچھڑے ہوئے دوست سے دوچار ہو مومن متقی و پرہیزگار ہو ۔
۶۰	درخت آبنوس دیکھنا	مطلب دل کا بر آئے عورت کالی یا لونڈی حبشن پائے ۔
۶۱	درخت آلو بخارا دیکھنا	طبیب حاذق ہو لوگوں کو نفع پہنچائے ۔
۶۲	درخت بادام دیکھنا	عورت شیریں گفتار خوبصورت ملے دولت و حلاوت ملے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶۳	درخت پستہ دیکھنا	مردِ بخیل و تونگر سے منفعت پائے یا خود بخیل و تونگر ہو جائے
۶۴	درخت کشمش دیکھنا	عجمی عورت سے صحبت بڑھے مال اولاد کی کثرت ہو ۔
۶۵	درخت انار دیکھنا۔	شیریں دیکھے تو مال و دولت ملے اگر ترش دیکھے بد مزاج عورت کا شوہر ہو ۔
۶۶	درخت پیپل دیکھنا	مرد بزرگ و شریف سے فائدہ پہنچے یا کوئی مشرک مددگاری و پرستاری کرے ۔
۶۷	درخت اندرائن دیکھنا	درویشوں سے ملاقات کرے دن رات بے فائدہ کام کرے ۔
۶۸	درخت سیب دیکھنا	عمر دراز ہو بیماری سے صحت پائے اصلاح کار ہو فساد رفع ہو جائے ۔
۶۹	درخت زرد آلو دیکھنا	کسی مردِ بزرگ سے منفعت پائے یا بیماری طول کھینچے ۔
۷۰	درخت زیتون دیکھنا	مرد عالی خاندان سے منفعت ہو روز افزوں قدر و منزلت ہو ۔
۷۱	درخت عود دیکھنا	عورت کو مرد خوشخو سے قرابت ہو، مرد کو خوش مزاج اور خوبصورت عورت سے صحبت ہو۔
۷۲	درخت پھول کا دیکھنا	کسی امیر خوش مزاج کا نوکر ہو جائے یا خوش جمال اور خوش طبع عورت پائے ۔
۷۳	درخت گلاب دیکھنا	محبوب نازک اندام و خوش خلق پائے ۔ اس کی

		بدولت زردار اور تونگر ہو جائے ۔
۷۴	درخت چنبیلی دیکھنا	عورت تونگر اور بدخصلت ملے سفلہ مزاجی سے اس کے ہاتھ سے راحت نہ ملے ۔
۷۵	درخت فندق دیکھنا	لہو ولعب یا تماشہ پر مائل ہو یا سفر کی سختی و صعوبت حاصل ہو ۔
۷۶	دل میں درد ہونا اور ہاتھوں سے پکڑنا	دل کی مراد اور حاجتیں حاصل ہوں ۔ مال و دولت میں نفع بڑھ جائے ۔
۷۷	دیوار چونہ پتھر کی دیکھنا	دنیا پر فریفتہ ہو آخرت کو بھول جائے ۔
۷۸	دیوار پختہ دیکھنا	دلیل نکبت (مصیبت) و پریشانی ہے ۔
۷۹	دیوار گھر کی گرتے دیکھنا	ماں یا باپ کی جانب سے غم کھائے یا کوئی بزرگوں میں مرجائے ۔
۸۰	دیوار محیط بلند دیکھنا	صاحب ثروت ہو حکومت ہو پشت پناہ رعیت ہو ۔
۸۱	دو منزلہ کرنا	عالی قدر و منزلت پائے رہنمائی حاجت روائی پسند آئے ۔
۸۲	دمدمہ یا دھس بنانا	بہادروں میں بلند ہمت ہو، ترقی جاہ و جلال ہو ۔
۸۳	دلدل دیکھنا	مکروہات دنیا میں غلطاں رہے فکر معیشت میں پریشان رہے
۸۴	درس دیتے دیکھنا	اگر علم دین ہو تو بزرگی و عزت ملے اور علم دنیا ہو تو دولتمند ہو تصرف بیجا کرے ۔
۸۵	دبلا دیکھنا اپنے آپ کو	تھوڑی تنگدستی اٹھائے ۔ بیوی نیک ملے ۔ مال و دولت پائے ۔

۸۶	دانت اپنا گرتے دیکھنا	اُوپر کا ہو تو باپ یا قرابتدار پدر کوئی مرجائے نیچے کا ہو تو ماں یا عزیز مادری وفات پائے ۔
۸۷	دانت کا ہاتھ میں آجانا	کوئی مرض لاحق ہو، مال اقربا صدقہ دے تاکہ بلا دُور ہو ۔
۸۸	دانت اپنا اکھاڑنا	قطع رحم کی نشانی ہے درد و غم یا پریشانی ہے ۔
۸۹	دانت اپنا سونے کا دیکھنا	کمال تنگدستی و نحوست ہے علامت بیماری و ندامت ہے ۔
۹۰	دانت چاندی یا رانگ کے دیکھنا	دوست سے فساد ہو مال و زر برباد ہو تکلیف اٹھائے رنج و غم کھائے ۔
۹۱	دانت سیاہ لکڑی چوب یا موم کے دیکھنا	وہ شخص جلد مرجائے یا بیمار ہو ہر ایک اس کی حرکات باہمی سے بیزار ہو ۔
۹۲	دانتوں میں مسی ملنا	مال و دولت سے فائدہ پائے عزیز و اقربا کی دولت بڑھ جائے ۔
۹۳	دانتوں میں مسواک کرنا	عزیز و مسکین پر رحم کھائے زن و فرزند کو راحت پہنچائے ۔
۹۴	درندوں سے باتیں کرنا	بادشاہ ہو یا بادشاہ کا وزیر بن جائے یا زبان دراز عورت گھر میں آئے ۔
۹۵	درندوں کو مارنا	دشمن پر فتح و ظفر پائے بہادروں میں نامور ہو جائے ۔
۹۶	درندوں کو بیل یا گدھا بن جاتے دیکھنا ۔	روزی کے کشادہ ہونے سے مسرور ہو لیکن تھوڑا سا نقصان ضرور ہو ۔
۹۷	دار چینی	خواب میں بلا وجہ دار چینی کھانا غم و اندوہ میں ترقی کا موجب ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		بدولت زردار اور تونگر ہو جائے ۔
۷۴	درخت چنبیلی دیکھنا	عورت تونگر اور بدخصلت ملے سفلہ مزاجی سے اس کے ہاتھ سے راحت نہ ملے ۔
۷۵	درخت فندق دیکھنا	لہو ولعب یا تماشہ پر مائل ہو یا سفر کی سختی و صعوبت حاصل ہو ۔
۷۶	دل میں درد ہونا اور ہاتھوں سے پکڑنا	دل کی مراد اور حاجتیں حاصل ہوں ۔ مال و دولت میں نفع بڑھ جائے ۔
۷۷	دیوار چونہ پتھر کی دیکھنا	دنیا پر فریفتہ ہو آخرت کو بھول جائے ۔
۷۸	دیوار پختہ دیکھنا	دلیل نکبت (مصیبت) و پریشانی ہے ۔
۷۹	دیوار گھر کی گرتے دیکھنا	ماں یا باپ کی جانب سے غم کھائے یا کوئی بزرگوں میں مرجائے ۔
۸۰	دیوار محیط بلند دیکھنا	صاحب ثروت ہو حکومت ہو پشت پناہ رعیت ہو ۔
۸۱	دو منزلہ کرنا	عالی قدر و منزلت پائے رہنمائی حاجت روائی پسند آئے ۔
۸۲	دمدمہ یا دھمس بنانا	بہادروں میں بلند ہمت ہو، ترقی جاہ و جلال ہو ۔
۸۳	دلدل دیکھنا	مکروہات دُنیا میں غلطاں رہے فکر معیشت میں پریشان رہے
۸۴	درس دینے دیکھنا	اگر علم دین ہو تو بزرگی و عزت ملے اور علم دنیا ہو تو دولتمند ہو تصرف بیجا کرے ۔
۸۵	دبلا دیکھنا اپنے آپ کو	تھوڑی تنگدستی اٹھائے ۔ بیوی نیک ملے ۔ مال و دولت پائے ۔

۸۶	دانت اپنا گرتے دیکھنا	اُوپر کا ہو تو باپ یا قرابتدار پدر کوئی مرجائے نیچے کا ہو تو ماں یا عزیز مادری وفات پائے ۔
۸۷	دانت کا ہاتھ میں آجانا	کوئی مرض لاحق ہو، مال اقربا صدقہ دے تاکہ بلا دُور ہو۔
۸۸	دانت اپنا اکھاڑنا	قطع رحم کی نشانی ہے درد و غم یا پریشانی ہے ۔
۸۹	دانت اپنا سونے کا دیکھنا	کمال تنگدستی و نحوست ہے علامت بیماری و ندامت ہے ۔
۹۰	دانت چاندی یا رانگ کے دیکھنا	دوست سے فساد ہو مال و زر برباد ہو تکلیف اٹھائے رنج و غم کھائے ۔
۹۱	دانت سیاہ لکڑی چوب یا موم کے دیکھنا	وہ شخص جلد مرجائے یا بیمار ہو ہر ایک اس کی حرکات باہمی سے بیزار ہو ۔
۹۲	دانتوں میں مسی ملنا	مال و دولت سے فائدہ پائے عزیز و اقربا کی دولت بڑھ جائے ۔
۹۳	دانتوں میں مسواک کرنا	عزیز و مسکین پر رحم کھائے زن و فرزند کو راحت پہنچائے ۔
۹۴	درندوں سے باتیں کرنا	بادشاہ ہو یا بادشاہ کا وزیر بن جائے یا زبان دراز عورت گھر میں آئے ۔
۹۵	درندوں کو مارنا	دشمن پر فتح و ظفر پائے بہادروں میں نامور ہو جائے ۔
۹۶	درندوں کو بیل یا گدھا بن جاتے دیکھنا ۔	روزی کے کشادہ ہونے سے مسرور ہو لیکن تھوڑا سا نقصان ضرور ہو ۔
۹۷	دار چینی	خواب میں بلا وجہ دار چینی کھانا غم واندوہ میں ترقی کا موجب ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹۸	داڑھی دیکھنا	مال و عزّت و زینت سے تعبیر ہے ۔
۹۹	داغ	خواب میں داغ لگانا خیرات کرنا بادشاہ کی قربت حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۱۰۰	دال	ہر قسم کی دال دیکھنی یا کھانی جدوجہد میں مصروف ہونے اور اس میں کامیابی حاصل کرنیکے مترادف ہے ۔
۱۰۱	دانہ یا دانے	دانہ ہائے خام یا پختہ دیکھے تو رنج و الم میں مبتلا ہونے کا باعث ہے ۔
۱۰۲	دختر	دختر دیکھنا یا دختر پیدا ہوتے دیکھنا مرد کیلئے مال و دولت حاصل ہونے اور عورت کے لئے اولاد پیدا ہونے کا موجب ہے ۔
۱۰۳	درانتی دیکھنا	اگر اپنے ہاتھ میں دیکھے تو ایسے آلہ سے تعبیر ہے جس سے مال و دولت حاصل ہو ۔
۱۰۴	دربانی	خواب میں دربانی کرنا دلی مراد بر آنے کے مترادف ہے ۔
۱۰۵	درود شریف پڑھنا یا سُننا	خواب میں درود شریف پڑھنا یا سننا دین کی ترقی اور حضور پُرنور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت ہونیکی دلیل ہے ۔
۱۰۶	دستانے	خواب میں جس قسم کے ہاتھ میں دستانے دیکھے اسی قسم کی قوت حاصل ہونیکا سبب ہے ۔
۱۰۷	دشمن	اگر خواب میں دشمن پر غالب ہوتا دیکھے تو دلی مراد بر آنیکا موجب ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۰۸	دعا کرنا	دلی مراد بر آنیکا سبب ہے ۔
۱۰۹	دق ہونا	خواب میں کسی سے دق ہونا یا دق کرنا دنیوی جدوجہد میں مبتلا ہونیکا باعث ہے ۔
۱۱۰	دکانداری	دکانداری کرنا عزّت و مرتبہ کی ترقی کا باعث ہے ۔
۱۱۱	دِل	خواب میں کسی انسان کا دل دیکھنا دلاوری اور عقل مندی سے تعبیر ہے ۔
۱۱۲	دلالی کرنا	لوگوں کے درمیان صلح کرانے سیدھا راستہ بتانے نیک کام کرنے سے تعبیر ہے ۔
۱۱۳	دلدل دیکھنا	مصیبت کے پیش خیمہ سے تعبیر ہے ۔
۱۱۴	دام نثار کرنا	کسی کا کہانہ مانے نیک بات کو بد جانے مال و دولت کی تلاش رہے فکر و حشمت میں دل فراش رہے ۔
۱۱۵	درہم کثیر دیکھنا	عزت و توقیر و دولت پائے ہر درہم کے عوض ہزار مل جائے ۔
۱۱۶	دینار کثرت سے دیکھنا	عورت یا لونڈی ملے یا فرزند پیدا ہو دولت و مال و منفعت سے غنی ہو ۔
۱۱۷	دینار کسی کو دینا	فرزندوں کے سبب مصیبت پہنچے یا بیوی سے کچھ جھگڑا پڑے ۔
۱۱۸	داغ حیوان کو کرنا	زکوٰۃ نہ دینے کی دلیل ہے بادشاہی کام میں مصروف ہونیکی سبیل ہے ۔
۱۱۹	درزی کو دیکھنا	پریشان اسباب پونجی پائے مال جمع کرے خاطر جمع ہو جائے
۱۲۰	دم حیوان ماکول کی دیکھنا	راحت کی نشانی ہے موجب مال و کامرانی ہے ۔

۱۲۱	دُم گیدڑ اور جانور غیر ماکول کی دیکھنا	مال مردار اور حرام کا کھائے لوگ ملامت کریں اور بدنام ہو جائے ۔
۱۲۲	دیوانہ کو دیکھنا	دولت مند مستغنی المال ہو تصرف بیجا کرنا پسند خاطر ہو ۔
۱۲۳	دیوانہ آپ کو دیکھنا	حرام کا مال ملنے کی دلیل ہے سود یا رشوت کھانے کی سبیل ہے یا لہو و لعب میں تضیع اوقات کرے ۔
۱۲۴	دوشاب سفید پاکیزہ پینا	فرزند حسین پیدا ہو خیر و برکت ہو پیدا ہو ۔
۱۲۵	دشمن سے بھاگنا	ذلت و قضا کا سامنا ہو اور بخوف دشمنی بھاگے تو حاجت روا ہو
۱۲۶	درویش کو مناقب یا کچھ پڑھتے دیکھنا	خوش خبری کسی عزیز کی آئے منفعت مژدۂ فرحت پائے ۔
۱۲۷	درویش مسلمانوں کو خیرات دینا	رنج و غم سے نجات ہو۔ دین و دُنیا میں عالی درجات ہو ۔
۱۲۸	دختر پیدا ہوتے دیکھنا	مرد دیکھے دولت پائے۔ عورت دیکھے تو بچہ پیدا ہو ۔
۱۲۹	دوزخ سے آپ کو نکلتے دیکھنا	سفر سے پھرے دوستوں سے ملے رنج و بلا دُور ہو۔ عشرت کا سامنا ہو ۔
۱۳۰	دوزخ کے عذاب میں دیکھنا	جستجو میں مال و زر کی آپ سرگرداں رہے یا عیال کی دوری سے پریشانی رہے ۔
۱۳۱	دوزخ میں خود کو دیکھنا	مکروہات دنیا میں پھنسے صعوبات سفر یا رنج و بلا دیکھے ۔

۱۳۲	دریا دیکھنا	حاکم دریا ہو اور دولت سے آسودگی ہو ۔
۱۳۳	دریا میں تیرنا	حاکم پر غالب آئے ساری کلفت دور ہو جائے ۔
۱۳۴	دریا سے پار ہونا	کلفت سے چھوٹے تحصیل علوم و فنون پر ٹوٹے ۔
۱۳۵	دریا میں غرق ہونا	بابت محاسبہ سرکاری عتاب ہو مورد سختی و رنجش و عذاب ہو ۔
۱۳۶	دریا سے پھل یا جواہر پانا	دلیل دولت و عزت ہے۔ غسل کرے تو تنگ دستی و ہلاکت دور ہو جائے ۔
۱۳۷	دریا سے سرد پانی پینا	دولت ملے ، عزت و ثروت حاصل ہو ۔
۱۳۸	دریا سے پانی تلخ یا شور پینا	درد و الم دور ہو۔ سردار ہو یا حاکم ۔ بدمزاج کا مانوس ہو ۔ غم خوار ہو ۔
۱۳۹	دریا سے بوتیار پکڑنا	روزی حلال کھائے ۔ در عشرت وا ہو جائے ۔
۱۴۰	دریا کو خشک دیکھنا	دشمن مرے لشکر ہلاک ہو رعیت تباہ ہو ۔
۱۴۱	دریا سے مگرمچھ پکڑنا	بادشاہ کے دشمن پر غالب آئے عوض میں خلعت و جاگیر پائے
۱۴۲	دریا سے مٹکی یا گھڑا بھرنا	بقدر پانی سلطان سے منفعت پائے دولت و زر سے مالا مال ہو جائے ۔
۱۴۳	دولت دیکھنا	عورت کی بدولت تونگر ہو ۔
۱۴۴	داشتہ دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے کنیز پائے ۔ دولت و منزلت بڑھ جائے
۱۴۵	دلہن دیکھنا	عورت باکرہ سے شادی ہو۔ دولت ملے ۔
۱۴۶	دلہن خود کو بنے ہوئے دیکھنا	نیک بخت کی شادی و آبادی ہو۔ بیوہ دیکھے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		تو بربادی و خرابی ہو ۔
۱۴۷	دولھا بنا ہوا اپنے آپ کو دیکھنا	نئی دلہن بننے کی بشارت ہے تونگری و فلاح کی نشانی ہے ۔
۱۴۸	دہی کھانا یا دیکھنا	مال میں خیر و برکت اور نفع و نعمت تجوبی پائے ۔
۱۴۹	دھواں دیکھنا	عزیزوں میں غبار و عناد اور مخالفت ہو دوستوں میں باہم فتنہ و فساد ہو ۔
۱۵۰	دیو خوبصورت دیکھنا	بزرگ مرتبہ ہو علم و حقیقت پائے بلا سے رہائی مرض سے شفا ہو ۔
۱۵۱	دیو بدشکل دیکھنا	رنج و غم کا سامنا ہو آفت میں مبتلا ہو ۔
۱۵۲	دنبہ ذبح کرنا	بزرگی و دولت حاصل ہو اولاد سے راحت ہو ۔
۱۵۳	دنبہ بکری کے پاس دیکھنا	فرزند صاحب اقبال پیدا ہو روز بروز عزت و وقار حاصل ہو یا اشرفیوں کی تھیلی پائے روزی کشادہ ہو ۔
۱۵۴	دو ٹکڑے کرتے آپ کو دیکھنا	عورت کی بدخلاقی سے خجلان و پریشانی میں پڑ جائے نہ طلاق دے سکے نہ رکھ سکے ۔
۱۵۵	دستک دینا	نیک کاموں سے رغبت ہو برے کاموں سے نفرت ہو
۱۵۶	دادگر کو جھوٹ بولتے دیکھنا	رعیت اسکی بدگوئی کرے ۔ ابرو اور عزت جاتی رہے ۔
۱۵۷	دجال کو دیکھنا	فتنہ و فساد برپا ہو جھوٹے لوگوں کا سامنا ہو ۔
۱۵۸	دنبل یا پھوڑا دیکھنا	مال اس کا زیادہ ہو بقدر دنبل نفع پائے ۔

۱۵۹	دنبل سے پیپ اور خون نکلتے دیکھنا	مال حرام پائے یا کچھ گرہ سے نقصان اٹھائے ۔
۱۶۰	دوات	خواب میں دیکھنا یا پانا اپنے خاندان میں جھگڑا ہونے کا باعث ہے ۔
۱۶۱	دوربین	خواب میں دیکھنا یا استعمال کرنا یا پانا کسی دور دراز سفر کرنیکا سبب ہے ۔
۱۶۲	دوڑنا	خواب میں ہر ایک کام کے متعلق دوڑنا کام میں دیر ہونے کا سبب ہے ۔
۱۶۳	دہلیز دیکھنا	خادم سے تعبیر ہے ۔
۱۶۴	دھنیا دیکھنا	یاد کھانا غم و اندوہ کا باعث ہے ۔
۱۶۵	دُھنیا (رُوئی بجنے والا)	دھنیا کو روئی دھنتے دیکھنا پریشان ہونے کا باعث ہے ۔
۱۶۶	دھونی	خواب میں خوشبودار دھونی دینی یا لینی ترقی کسب و نفع سے تعبیر ہے ۔
۱۶۷	دھوبی	خواب میں دھوبی کو دیکھنا کسی بزرگ باعمل کی زیارت کے مترادف ہے ۔
۱۶۸	دھونا	خواب میں اپنے آپ کو یا اپنے کپڑوں کو صاف اور رواں پانی میں دھونا غم و اندوہ میں مبتلا ہونیکا باعث ہے ۔
۱۶۹	دہی پانا	سفر میں مال حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۷۰	دیگ	خواب میں نئی دیگ دیکھنا عورت سے تعبیر ہے۔

ڈ

۱	ڈنکا بجتے دیکھنا	قوم کا سردار ہو صاحب اقبال ہو تونگر ہو۔
۲	ڈبہ ٹوٹنا یا ضائع ہوتے دیکھنا	بیوی چھوٹے یا مرجائے یا لونڈی فروخت کرکے غم کھائے۔
۳	ڈبہ یا ڈبیہ پانا	عورت عفیفہ مالدار اور خوش سیرت پائے اور جو ڈبہ میں کچھ رہے عورت حاملہ ہو جائے۔
۴	ڈول دیکھنا	اگر خالی ہے تو رنج و غم کی علامت ہے اور بھرا ہوا دلیل کامرانی ہے۔
۵	ڈور کا گولا دیکھنا	عورت کمسن عقد میں آئے یا بیوی منکوحہ بار آور ہو۔
۶	ڈلی دیکھنا	دانتوں کی استواری ہو رفع کلفت اور بیماری ہو۔
۷	ڈھول بجاتے یا بجتے دیکھنا	ہر ایک کی تمنائے دلی بر آئے۔ نوکری پیش مواجب ہو۔
۸	ڈرنا دشمن یا بہائم سے	مخالف فتحمند اور منصور ہو خوف و خطر ضرور ہو
۹	داڑھی سفید یا دراز دیکھنا	ترقی دولت اور نعمت کی ہو۔ بلندی عزت و حرمت کی ہو۔
۱۰	داڑھی دراز زیر ناف دیکھنا	قرضداری میں مبتلا ہو۔ موردِ کلفت و بلا ہو۔

۱۱	ڈاڑھی مونڈنا یا کترنا	نعمت و عیش کو زوال آئے۔ نقد حرمت ہاتھ سے دے کر ندامت پائے۔
۱۲	ڈاڑھی گھنی دیکھنا	تونگر کو زیادہ دولت و جاہ و جلال ہو۔ مفلسی قرضداری اور فلاکت سے تباہ ہو۔
۱۳	ڈاڑھی کے بال جھڑتے دیکھنا	بیوی چھٹے یا فرزند کا غم ہو۔ فکر و خجالت سے نہایت ضیق میں دم ہو۔
۱۴	ڈاڑھی اپنی اکھاڑنا	مال لہو لعب میں کھوئے صرف بیجا سے خود پشیمان ہو۔
۱۵	ڈاڑھی میں خضاب کرنا	لباس فاخرہ پہننے میں آئے اگر غیر معین ہو تو کر بڑی تنگی اٹھائے
۱۶	ڈاڑھی اپنی عورت کو دکھانا	بے شوہر ہو تو شوہر پائے۔ شوہر دار کا شوہر سفر سے آئے یا فرزند نرینہ پیدا ہو شادی و فرحت ہو۔
۱۷	ڈاڑھی لڑکے کے منہ پر دیکھنا	بالغ ہو تو شادی ہو جائے نابالغ ہو تو موت کا پیغام لائے۔
۱۸	ڈاکو	خواب میں ڈاکو دیکھنا جھگڑالو اور لڑاکا آدمی سے تعبیر ہے۔
۱۹	ڈبا	خواب میں روغن سے بھرا ہوا ڈبا دیکھنا امانت دار شخص کے مترادف ہے۔
۲۰	ڈوبنا	خواب میں دریا میں ڈوبنا اور ہلاک ہوجانا بادشاہ کے ہاتھوں ہلاک ہو جانے کا باعث ہے۔
۲۱	ڈولی	خواب میں ڈولی دیکھنا یا اس میں بیٹھنا بیماری و رنج میں مبتلا ہونے کا سبب ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۲	ڈوئی دیکھنا	گھر کی خادمہ یا ملکہ سے تعبیر ہے ۔
۲۳	ڈھال دیکھنا	حفاظت اور کسی دوست سے فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے ۔
۲۴	ڈھیر	خواب میں غلہ کا ڈھیر دیکھنا یا خریدنا یا پانا عورت گھر میں لانے کے مترادف ہے ۔

ذ

۱	ذبح کرنا حیوان ماکول کا	بادشاہ یا حاکم سے فائدہ پہنچے فکر معاش و رنج وغم سے چھوٹے ۔
۲	ذکر یعنی آلت دراز دیکھنا	شہوت زیادہ، کثرت اولاد مباشرت سے محفوظ عورت ہو مزید عزت و توقیر ہو ۔
۳	ذکر اور اندام نہانی ساتھ دیکھنا	پارسا عورت سے شادی ہو رنج وغم سے دل کو آزادی ہو ۔
۴	ذکر کو فرج ہوتے دیکھنا	مرد دیکھے تو معشوق عاشق ہو جائے عورت دیکھے تو خوش جمال بیٹا پائے ۔
۵	ذکر سے گوہر اور جواہر نکلتے دیکھنا	فرزند سعادت مند پیدا ہو ۔ خیر و برکت ہو پیدا ہو ۔
۶	ذکر سے مچھلی نکلتے دیکھنا	تولد دختر پاکیزہ گوہر ہو ۔ اقبال و دولت و بخت یاور ہو ۔

۷	ذکر سے آگ نکل کر مشرق یا مغرب کی طرف جائے	فرزند تولد ہو ۔ صاحب اقبال ہو ۔ فضل حق سے مشرق و مغرب کا سلطان ہو ۔
۸	ذکر بریدہ یا جدا دیکھنا	مال اس کا تلف ہو جائے یا مرگ پسر کا داغ اٹھائے ۔
۹	ذکر سے سانپ بچھو نکلتے دیکھنا	فرزند بدکردار پیدا ہو ۔ دشمنی ماں باپ کی اس سے ہو پیدا ہو ۔
۱۰	ذاکر دیکھنا	(حسینؑ کا ذکر کرنیوالا) نیک ہے اور ذکر حسینؑ کو سننا موجب خیر و برکت ہے ۔
۱۱	ذائقہ	خواب میں کسی چیز کا ذائقہ چکھنا تلاش روزگار کے مترادف ہے
۱۲	ذبیحہ دیکھنا	ذبح کیا ہوا جانور دیکھنے کی تعبیر یہی ہے اگر حلال جانور کا ذبیحہ دیکھے تو حلال مال اور حرام جانور کا ذبیحہ دیکھے تو حرام مال ملنے کے مترادف ہے ۔
۱۳	ذخیرہ	اگر کسی پھل یا پھول یا اناج یا کسی حلال چیز کا ذخیرہ دیکھے تو انعام حاصل کرنے یا غائب سے دولت حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۱۴	ذکر	خواب میں کسی کا ذکر کرنا یا سننا دنیاوی حرام مال کی تمنا رکھنے اور حرام کھانے کے مترادف ہے ۔
۱۵	ذوق و شوق	اگر خواب میں کسی چیز کا ذوق و شوق دیکھے اس کام کی انجام دہی کی نشانی ہے ۔
۱۶	ذیلدار	خواب میں اپنے آپ کو ذیلدار دیکھے تو حاکم وقت

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		سے عزت پانے اور حکومت سے نفع حاصل کرنے کی علامت ہے

ر

۱	رضوان سے گوہر و یاقوت پانا	فرزند نیک انجام علم و ہنر مشہور اس کا نام ہو ۔
۲	رضوان کو دیکھنا	بادشاہ کے خزانچی سے اتحاد ہو خرم و مسرور و آباد ہو
۳	روزینہ مقرر ہونا	بادشاہ یا حاکم کی مہربانی آسائش و بہبودی و کامرانی ہو
۴	راہ راست دیکھنا	پابند راہ شریعت ہو۔ پرہیزگاروں کی صحبت رہے۔
۵	راہ کج یا ناہموار دیکھنا	دین کے کاموں میں خلل پڑ جائے سختی و رنج و الم بیحد پائے۔
۶	راہ میں غبار دیکھنا	سفر کی مسافت سے مکدر ہو تمنا بر آئے رحمت وا در ہو۔
۷	ریت یا راکھ کو دیکھنا	مفت کا مال پائے عزیزوں میں ذلیل و حقیر ہو جائے
۸	راہزن کو دیکھنا	عورت فاحشہ سے آشنائی ہو مکار سے سابقہ پڑے و دولت کی صفائی ہو ۔
۹	رخسار دیکھنا	اگر حسین ہو تو قدر و منزلت زیادہ ہو اور اگر زشت ہو برعکس ہو ۔
۱۰	ران کو دیکھنا	عورت شیریں گفتار سے دل شاد ہو سسرال والوں سے ربط و اتحاد ہو۔
۱۱	رانگاہ کو دیکھنا	بادشاہ یا رئیس سرفراز کرے مال دنیا سے بے نیاز کرے ۔

۱۲	راب یا رس دیکھنا	مال میں ترقی ہو دولت ملے اولاد میں کثرت و راحت ملے
۱۳	رساول کھانا	نعمت ملے یا عورت شیریں گفتار ملے ۔
۱۴	رباب دیکھنا	عورت حسین و غنی پائے۔ مال و دولت میں نفع ہاتھ آئے ۔
۱۵	ریسمان دیکھنا	قوت و بزرگی میں ترقی ہو۔ شہر کی سرداری ملے یا قوم کی بہتری ملے ۔
۱۶	رسی کو بل دینا	غصہ میں گھر سے نکل جائے ہزاروں رنج غربت میں پائے
۱۷	رسی ٹٹنا	غائب سفر سے مراد دلی بر آئے
۱۸	رسی لپٹنا یا آپ کو باندھنا	گھر سے سفر میں جائے غربت میں ریاست و حکومت پائے ۔
۱۹	رسی کسی کے گلے میں باندھنا	کسی عورت سے اتحاد بڑھے ۔ روٹی کپڑا اسے پہنچائے ۔
۲۰	روغن خوشبو مثل بیلا و بنفشہ دیکھنا	آرائش دنیا رونق دین کی پائے خوش اخلاق عورت ملے ۔
۲۱	روزہ ماہ صیام رکھنا	قرض سے چھٹکارہ کی علامت ہے بڑھائی بزرگی کی نشانی ہے ۔
۲۲	روزہ عاشور محرم کا رکھے دیکھنا	مصیبت و غم و اندوہ کی نشانی ہے ذلیل حسرت و افسوس جاودانی ہے ۔
۲۳	رعد کی آواز یا راں	ادائے قرض ہو بیمار کو شفا ہو جائے ۔ قید سے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

	بیں سننا	خلاصی رنج سے راحت پائے ۔
۲۴	رگ چوڑائی سے چیرنا	کوئی عزیز بیمار مرجائے یا خود سفر کی تکلیف اٹھائے ۔
۲۵	رگ لمبائی سے چیرنا	کوئی خبر غم پہنچے جس کے سبب صدمہ ہو ۔
۲۶	روٹی کھانا یا پکانا	نعمت سے دوچار ہو رنج و صدمہ زیادہ ہو ۔
۲۷	روشنی بے آگ دیکھنا	غیب سے دولت و نعمت پائے یا کسی ملک کا رئیس ہو جائے
۲۸	روغنی غذا دیکھنا	مال و دولت کو استواری ہو صحت نفس و دفع بیماری ہو
۲۹	روتے ہوئے آپ کو دیکھنا	کلفت و رنج دل دور ہو ۔ شادی و فرحت و سرور ہو ۔
۳۰	روتے مردہ دیکھنا	خرم و مسرور رہے ہر طرح عیش کا سامان رہے
۳۱	روزن دیکھنا	سوداگری میں نفع پائے یا حکومت سے نفع ملے فتنہ مٹے
۳۲	رفوگر دیکھنا	مصلح کار سلطان یا وزیر ہو دولت و عزت و توقیر ہو
۳۳	رفو کرتے دیکھنا	رئیس یا حاکم کی عیب پوشی ملے صلہ میں نعمت و دولت ملے ۔
۳۴	ریچھ کو دیکھنا	طاقت دشمن سے خوف کھائے فکر و معیشت میں مبتلا ہو جائے ۔
۳۵	ریچھ پر غالب ہونا	سخت دشمن پر فتح و نصرت پائے کلفت و بلا رد ہو عیش ملے
۳۶	ریچھ مادہ کو پکڑنا یا دیکھنا	کمینی اور احمق عورت سے صحبت کرے ۔ بدخصلت مزاج سے پالا پڑے ۔

۳۷	رال کو دیکھنا	مال و نعمت غیب سے پائے صرف اہل و عیال میں لائے ۔
۳۸	رال کو کھانا	مال حرام کھانے میں آئے غم و غصہ عیال سے پائے
۳۹	رائی کو دیکھنا	مکار عورت سے گرفتار ہو یا جادو ٹونے میں پھنسے بیوی سے بیزار ہو ۔
۴۰	رشوت لینا	کسی بد کام یا حرام میں پھنس جائے بے حرمت ہو ۔
۴۱	رکابی دیکھنا	لونڈی یا خادمہ سلیقہ شعار ملے ۔ رنج و مصیبت دور ہو آرام بے شمار ملے ۔
۴۲	رنجک اڑتے دیکھنا	دلی مراد پوری ہو فوج کی افسری ملے ۔
۴۳	روشنائی دیکھنا	دولت و نعمت پائے ریاست و مملکت ہاتھ آئے
۴۴	ریشمی جبہ یا ریشم دیکھنا	عزت و خیر و برکت ہو، دولت و حشمت و ریاست پائے ۔
۴۵	رنگریز کو دیکھنا	مکروہات رنگا رنگ میں پھنس جائے یا کسی رئیس متلون طبع سے فائدہ پائے ۔
۴۶	رنگریز کو سبز جامہ رنگتے دیکھنا	دنیا و دین میں بہتری ہو مال و دولت ملے ۔
۴۷	رنگ	خواب میں کپڑوں پہ سفید رنگ دیکھنا دین کی پاکیزگی کی علامت ہے
[illegible]	روانی یا رود	رود یا سیل بڑے دشمن اور ظالم سے تعبیر ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۹	روح	خواب میں روح کا دیکھنا فرزند و مال سے تعبیر ہے
۵۰	رومال	رومال ہاتھ میں دیکھنا صفائی قلب سے تعبیر ہے۔
۵۱	ربٹ	خواب میں ربٹ خزانہ سے تعبیر ہے۔
۵۲	ریل	خواب میں ریل دیکھنا سفر کا پیش خیمہ ہے۔
۵۳	ریتی	خواب میں ریتی دیکھنا اور اس کو صاف کرنا مشکلات سے نجات پانے کا سبب ہے۔
۵۴	ریوند دیکھنا	غم واندوہ کے مترادف ہے۔
۵۵	رکابدار دیکھنا	سرداروں میں قدر و منزلت پائے طعام خوش ذائقہ پائے
۵۶	رکاب سنہری دیکھنا	فرزند مہر طلعت پیدا ہو غرور و تمکنت پیدا ہو۔
۵۷	رکاب مع زین دیکھنا	فرزند دیانتدار ہو۔
۵۸	ریحان کو سرسبز دیکھنا	عورت یا لونڈی گھر میں لائے۔ فرزند پیدا ہو، نیک کاموں کی توفیق ہو۔
۵۹	ریحان کے پھول چننا	کسی نازنین سے صحبت ہو اولاد کی کثرت روزی کی وسعت ہو۔
۶۰	ریحان کو زمین سے اکھاڑنا	فرزند چھوٹے یا بیوی مرجائے یا املاک کی طرف سے صدمہ اٹھائے۔
۶۱	روپیہ دیکھنا	وجہ دولت و عدل کا رانی ہے۔
۶۲	راجہ	خواب میں راجہ دیکھنا ترقی رزق کا باعث ہے اور راجہ سے ملاقات کرنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

۶۳	رات	خواب میں رات دیکھنی غم واندوہ سے تعبیر ہے۔
۶۴	راستہ	زندگی کا صحیح طریق عمل اور دین سے تعبیر ہے۔
۶۵	راکھ	جھوٹا اور ایسا مال تعبیر ہے جو ضائع ہو کے رہتا ہے۔
۶۶	ران	خواب میں ران دیکھنا اپنے متعلقین سے تعبیر ہے۔
۶۷	رحل دیکھنا	دین سے تعبیر ہے۔
۶۸	رُخ	اگر کوئی خواب میں کسی کا رخ دیکھے تو کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔
۶۹	رس	خواب میں میٹھا رس مال و نعمت سے تعبیر ہے
۷۰	رسوت	رسوت اور رسوت کا پودا دیکھنا کمینی خادمہ سے تعبیر ہے۔
۷۱	رشوت	خواب میں رشوت لینا اور دینا برا ہے۔

ز

۱	زکریاؑ کو دیکھنا	دعا مستجاب ہو حق کی رحمت ہو۔ فرزند نیک سیرت ہو۔
۲		عورت جمیلہ و مطربہ ہاتھ آئے مال بہت سا اور راحت و مسرت پائے۔
۳	زعفران کو دیکھنا	بیماری کی علامت ہے مگر طعام میں دلیل نفع ہے۔
۴	زیتون کو دیکھنا	راحت آرام و شادی ہو فکر روزی سے آزاد ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵	زربفت کو دیکھنا	مال و دولت بے حساب پائے طاقت ور دشمن پر حملہ کامیاب ہو۔
۶	زمرد و زبرجد دیکھنا	مراد کو پہنچے عزت پائے مال حلال خزانۂ غیب سے ملے۔
۷	زمرد کا گر جانا	کسی عورت یا لونڈی سے بدکاری کرے۔ خجالت پائے بے حرمتی ہو۔
۸	زقوم (تھوہر) کو دیکھنا	علم باطل کی طرف مصروف ہو جائے یا کسی مشرک کی بدولت مال پائے۔
۹	زاہد یا عالم کو دیکھنا	خوش کردار اور پرہیزگار ہو۔
۱۰	زراعت کو دیکھنا	عورت پارسا عقد میں لائے۔
۱۱	زراعت کرنا	صحت و منفعت کی صورت ہو معتقد کوئی نیک عورت ہو۔
۱۲	زراعت کاٹ کر خرمن رکھنا	مال و دولت غیب سے پائے۔ نفع خاطر خواہ ہو تکلیف ہو جائے۔
۱۳	زخمی بدن اپنا یا دوسرے کا دیکھنا	بادشاہ سے دولت یا منفعت ہو قوت و تونگری بڑھ جائے دولت و مال بیشمار پائے۔
۱۴	زخم سے خون بہتے دیکھنا	دولت و مال بیشمار پائے یا دفینہ پائے روزگار ملے۔
۱۵	زانو دیکھنا	اگر طاقتور دیکھے روزی میں وسعت ہو ضعیف دیکھے تو تنگی روزی ہو۔
۱۶	زبان دراز کو دیکھنا	چرب زبانی سے اپنا کام کرے۔ دشمن کو باتوں میں رام کرے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۷	زبان کو منہ سے باہر دیکھنا	کوئی دشمن نفاق پر آمادہ ہو۔ عیب جو اس کا محرم راز ہو۔
۱۸	زبان سے کوئی چیز گرتی دیکھنا	طلب رزق میں پریشانی ہو۔ یا مرض کے طول سے نالاں ہو۔
۱۹	زبان اپنی بند دیکھنا	کسی کام کے ہرج ہونے کا ملال کرے یا جلد ہی جہاں سے انتقال کرے۔
۲۰	زبان کے پاس دوسری زبان دیکھنا	علم و دانش میں نہایت طاق ہو فضول گوئی میں شہرۂ آفاق ہو۔
۲۱	زرشک کھانا یا دیکھنا	عورت ترش رو گھر میں لائے رات دن غم و غصہ کھائے
۲۲	زنگار کھانا یا دیکھنا	مال حرام کھانے میں آئے۔
۲۳	زکام دیکھنا	تھوڑی بیماری کے بعد صحت ہو غم و غصہ کھا کے راحت ہو
۲۴	زنبیل دیکھنا	مال و دولت کی سبیل ہے۔
۲۵	زرد آلو دیکھنا	دوست دشمن ہو جائے یا بیماری سے تکلیف پائے۔
۲۶	زکوٰۃ دیکھنا	تجارت سے نفع پائے یا قرض سے سبک ہو جائے دنیا میں نیک نام ہو۔
۲۷	زمین مستطیع دیکھنا	مال غنیمت جمع کرکے کھانا کھا نہ سکے اگر زمین پر چلے تو آفت میں پھنسے۔
۲۸	زمین ناہموار ہو	کسی بدصورت عورت سے واسطہ پڑے رات دن فساد برپا رہے۔

۲۹	زمین پر عمارت بنانا	کسی عورت سے عقد کرے فرزند صالح پیدا ہو۔
۳۰	زمین کھود کر مٹی کھانا	مال حرام سے جستجو پائے حیل و مکر کا جال بچھائے۔
۳۱	زمین کھود کر پانی نکالنا	محنت سے فائدہ پہنچے مالِ حلال خداداد ملے
۳۲	زمین کھود کر اپنے آپ کو گاڑتے دیکھنا	گھر سے پردیس میں نکل جائے۔ یا اجل پردہ پوشی کو آئے۔
۳۳	زبور کو پڑھا یا لکھنا	نیک کاموں پر رغبت کرے دین و دُنیا میں نفع ہے
۳۴	زمزم کا پانی دیکھنا	علم پڑھے نفع حاصل ہو مرض سے شفاء کامل ہو۔
۳۵	زنجیر ہاتھ میں پہننا	کسی بُرے کام میں گرفتار ہو حاکم کا مجرم و گنہگار رہو۔
۳۶	زنجیر گردن میں دیکھنا	بُری عورت سے اتحاد بڑھے بدبختی سے فساد بڑھے
۳۷	زنجیر پاؤں میں دیکھنا	کثرت علائق میں گرفتار ہو کاروبار کثرت سے ہو
۳۸	زنار دیکھنا	کسی مشرک کا روزگار ملے یا کوئی کافر دستگیری کرے
۳۹	زنبور دیکھنا	عورت متلون مزاج ہاتھ آئے۔ رنج و غم سے تکلیف اٹھائے۔
۴۰	زنبور گھر میں دیکھنا	دشمن کا گھر میں گزر ہو عورت سے خیانت کرے
۴۱	زنبور انگبین دیکھنا	اپنے دل کی مراد کو پہنچے دشمن پر فتح ہو۔ بیوی سے محبت کرے۔
۴۲	زندہ کو مردہ دیکھنا	مزید صحت ہو نفع یا ترقی درجات ہو۔
۴۳	زندہ کو قبر میں رکھتے دیکھنا	تھوڑی سی نحوست زمانہ دکھلائے، رنج کے بعد کچھ راحت پائے۔

۴۴	زہر کھانا یا کھلانا	دُنیا میں پچھتائے بُرے کام کرنے سے بدنام ہو۔
۴۵	زر سکہ دار دیکھنا	عورت فاحشہ چست و چالاک ملے۔ معاشرت میں خفیف ہو۔
۴۶	زینتِ انگشت دیکھنا	فرزند ملے یا وصل دلستاں ہو جائے۔ جھگڑے مٹیں۔ صلح ہو۔
۴۷	زین زرین دیکھنا	حسین محبوب ملے راحت و حشمت ملے۔
۴۸	زین کا ضائع یا شکستہ دیکھنا	عورت اس کی بیماری میں مبتلا ہو یا جلد مر جائے۔
۴۹	زین خریدنا یا ملنا	لونڈی مول لے یا عورت عقد میں لائے مال یا میراث ملے
۵۰	زین ساز کو دیکھنا	عورتوں کی دلالی کرے مکر و حیلہ سے روزی ملے
۵۱	زینہ دیکھنا	بزرگ عورت مل جائے دل راحت اور زندگی پائے۔
۵۲	زلزلہ زمین کو دیکھنا	صدمہ و رنج کی دلیل ہے یا کوئی شہر میں آفت آنے والی ہے
۵۳	زیرہ کا انبار دیکھنا	دو جہان میں نفع پائے خیر و برکت زیادہ ہو جائے
۵۴	ذرہ کو دیکھنا	فتح و نصرت کی دلیل اور قوت و نگہبانی ہے موجب بہتری و منفعت کامرانی ہے۔
۵۵	زحل ستارہ کو دیکھنا	نحوست اور ترشی کی نشانی ہے۔ پریشانی و سرگردانی کی دلیل ہے۔
۵۶	زلف بناتے دیکھنا	کسی حسین کے عشق میں مبتلا غم فرقت ملے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۷	زاغ (کوا)	خواب میں زاغ دیکھنا فاسق و کاذب اور مفتری سے تعبیر ہے۔
۵۸	زبرجد (پتھر)	خواب میں دیکھنا خیر و برکت کا باعث ہے۔
۵۹	زرد آلو	خواب میں زرد آلو دیکھنا درہم و دینار سے تعبیر ہے
۶۰	زرد رنگ	خواب میں زرد رنگ کی اشیاء دیکھنا بیماری کی علامت ہے
۶۱	زندان	خواب میں اپنے کو زندان میں دیکھنا کسی مقدمہ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

ژ

۱	ژند یا ژند (آتش پرستوں کی کتاب) دیکھنا	عورت منکرہ سے گرفتار ہو یا کوئی کافر معین و مددگار ہو۔
۲	ژدبین کو دیکھنا	فتح و نصرت کی دلیل ہے تولد فرزند کی علامت ہے
۳	ژفت رومی کو کھانا یا دیکھنا	غم و اندیشہ عیال ملے یا بہ مشقت مال ہاتھ آئے۔
۴	ژدسیدہ کو دیکھنا	کسی امیر عاشق تن سے نفع ہو مال منفعت ملے دل کی اُلجھن دور ہو۔
۵	ژند پوش کو دیکھنا	مکر و فریب سے روزی ملے حریفوں پر فیروزی ملے۔

س

۱	سلیمانؑ کو دیکھنا	سلطنت کی نشانی ہے کامیابی کی دلیل ہے۔

۲	سنبلہ برج دیکھنا	صاحب حشمت و تونگر ہو سردار قوم یا فوج کا افسر ہو۔
۳	سرطان برج دیکھنا	بادشاہ یا حاکم کا مصاحب ہو والیقدر و الامرتبت ہو۔
۴	سبو سیارہ کو دیکھنا	خوبصورت عورت ملے اولاد کی کثرت ہو تھوڑی مصیبت سہے بعد میں راحت ہو۔
۵	ستاروں کو گود میں دیکھنا	بادشاہ کا خزانچی یا شہر کا وزیر یا زمیندار کا مختار یا کارندہ ہو۔
۶	ستارہ روشن دیکھنا	بادشاہ کا مصاحب یا سفیر با توقیر یا مسافر دوست یا خویش و اقربا سے بغل گیر ہو۔
۷	ستاروں کا گچھا روشن دیکھنا	بادشاہ کا مدار المہام ہو منتظم مشہور ہو جہاں میں روشن نام ہو۔
۸	ستارہ گرتے یا کھاتے دیکھنا	اولاد کی طرف سے الم ہو تلف ہونیکا غم ہو یا شاہی عتاب ہو۔
۹	سلبیل کو دیکھنا	مال و منصب کو زوال ہو جائے صدقہ دے تو امن و برکت ہو۔
۱۰	سورج یا چاند ستاروں کو سجدہ کرتے دیکھنا	سلطنت یا ریاست ملے بلا تکلیف کے راحت سرور ہو۔
۱۱	سورج کو دیکھنا	باعث نعمت ہے زن و فرزند کے ملنے کی بشارت ہے۔
۱۲	سورج کی روشنی اچھی دیکھنا	دولت و مال بے اندازہ ملے آزادی و آرام میں رونق تازہ ملے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۳	سورج کو گود میں دیکھنا	مقرب سلطان ہو۔ محبوب خوش جمال یا فرزند ہم آغوش ہو۔
۱۴	سورج کو گرم دیکھنا	رنج وغم پہنچے یا بادشاہ رعیت پر ظلم کرے۔
۱۵	سورج کی طرح اپنا چہرہ تابناک دیکھنا	دلیل توانائی وحکمرانی ہے۔ صحت نفس کی نشانی ہے۔
۱۶	سنبوسہ پانا دیکھنا	عورت حسین مال ودولت پائے یا لونڈی غلام ملے۔
۱۷	سورج کو بے نور دیکھنا	ملازمت چھوٹے رنج وغم پائے کوئی عزیز جدا ہو یا مرجائے۔
۱۸	ساق قوی یا دراز دیکھنا	محنت ومشقت کرے مال ونعمت روز بروز پائے۔
۱۹	ساق سے خون جاری دیکھنا	وسعت رزق وروزی کی علامت ہے۔ لمبی زندگی کی دلیل ہے۔
۲۰	سانپ کو دیکھنا	اگر کالا دیکھے عورت سے دل شاد ہو، گورا دیکھے اولاد ہو
۲۱	سانپ کو پاؤں میں لپٹے دیکھنا	فاتحہ عورتوں کا دلوائے مصیبت سے جلد خلاصی پائے۔
۲۲	سانپ کو صندوق میں بند دیکھنا	بادشاہت یا خزانہ دیکھے۔ مال دنیا سے سارا گھر بھر جائے۔
۲۳	سانپ کو چھت سے گرتے دیکھنا	ولی نعمت سے رنجش ہو جائے یا زمین سے کھود کر خزانہ ملے۔
۲۴	سانپ بہت سے گرد دیکھنا	سردار قوم یا امیر لشکر ہو حکومت پائے۔ دولت سے تونگر ہو۔

۲۵	سانپ کا اپنے اوپر کھڑا دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے صدمہ پہنچے یا کسی دشمن سے روز بد دیکھے۔
۲۶	سانپ کا متکلم ہونا	شیریں کلامی سے دیکھنا کسی دشمن سے صلح ہو۔
۲۷	سانپ سے لڑنا	غالب دشمن پر فتح پائے مغلوب دشمن سے شکست کھائے۔
۲۸	سانپ گود میں دیکھنا	فرزند مردم آزار پیدا ہو دشمن کے مال سے تونگری ہو۔
۲۹	سانپ کو آستین میں دیکھنا	داماد بدمزاج دولتمند پائے یا دفینہ مشرک ظالم کا ہاتھ آئے۔
۳۰	ساگ یا برگ درخت کھانا	عورت بدقوم مباشرت سے خفیف ہو کچھ رنج پہنچے تکلیف ہو۔
۳۱	سر آدمی کا خوش قطع دیکھنا	سرداری وحکومت ملے۔ سرکشان شہر کی سرکوبی کرے۔
۳۲	سر اپنا جدا ہونے دیکھنا	عزیز واقارب سے جدائی مگر دربار شاہی میں رسائی ہو۔
۳۳	سر اپنا چھوٹا دیکھنا	روزگار سے برطرف بیماری بھگتے مال تلف ہو۔
۳۴	سر جانور کا کھانا	کسی حاکم سلیم النفس سے فائدہ پائے۔ عزت وتوقیر ہاتھ آئے۔
۳۵	سر اپنا چرند یا پرند کی مانند دیکھنا	جس حیوان کے سر سے مشابہت ہو اسی کی مانند قوت وجرأت ہو۔
۳۶	سر اپنا کٹا ہاتھ پر دیکھنا	مسبب الاسباب ایسا سبب بنائے کہ ہزار روپیہ یا اشرفی ہاتھ آئے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۳۷	سر میں تیل ڈالنا	اگر بمقدار دیکھے زیب و زینت کا سامان ہو اور جو بلا اندازہ دیکھے پریشان ہو ۔
۳۸	سر اپنا بڑا دیکھنا	سردار حشمت و اقبال ہو روز بروز دولت میسّر ہو ۔
۳۹	سر برہنہ آپ کو دیکھنا	عورت دیکھے تو عزت میں خلل آئے ۔ مرد دیکھے تو نقصان مال کا ہو ۔
۴۰	سینہ کشادہ دیکھنا	بہادر و محترم ہو دشمن پر مظفر و منصور ہو ۔
۴۱	سینہ تنگ دیکھنا	خست و تردد بے انداز ہو تنگدستی سے متفکر ہو ۔
۴۲	سینہ باز کا دیکھنا	عورت نیک ہاتھ آئے ۔
۴۳	سوق آباد دیکھنا	فراخ روزی و نفع کلفت ہو کافر سے دولت حاصل ہو ۔
۴۴	سیندور مانگ یا پیشانی میں لگانا	عورت کو اولاد بڑھنے کی شادمانی ہے مرد کو شرک و بدعت کی نشانی ہے ۔
۴۵	سوئی دیکھنا	آلۂ کسب و ہنر عمدہ تر ہاتھ آئے ۔ اگر بہت سوئیاں دیکھے رنج اٹھائے ۔
۴۶	سار (پرندہ)	خواب میں دیکھنا چالاک مسافر سے تعبیر ہے ۔
۴۷	سان	خواب میں سان پر چاقو چھری قینچی وغیرہ لگانا گناہوں سے تائب ہونیکے مترادف ہے ۔
۴۸	سائبان دیکھنا	ظالم اور کمینہ سے تعبیر ہے ۔
۴۹	سایہ	اگر خواب میں کسی سایہ کے نیچے بیٹھے تو موت کی قربت کا سبب ہے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۰	سبز رنگ دیکھنا	دین کی متابعت کرنے کے مترادف ہے ۔
۵۱	سبزی دیکھنا	بدمزہ اور کڑوی سبزی دیکھنا غم و اندوہ میں مبتلا ہونے اور نقصان اٹھانے کی دلیل ہے ۔
۵۲	سبزہ دیکھنا	اپنی زمین کو سرسبز و شاداب دیکھنا دین کی اطاعت و ترقی کی علامت ہے ۔
۵۳	ستّو دیکھنا	یا کھانا رنج و غم کی دلیل ہے ۔
۵۴	سجادہ (جانماز)	اگر خواب میں سجادہ جل جائے یا گم ہو جائے تو عبادت الٰہی میں فتور پڑنے کا سبب ہے ۔
۵۵	سراب (دھوکہ)	کسی دھوکہ میں مبتلا ہونیکا سبب ہے ۔
۵۶	سرمہ فروشی	خواب میں سرمہ فروخت کرنا لوگوں کی رہبری کرنیکے مترادف ہے
۵۷	شریش دیکھنا	غم و اندوہ سے تعبیر ہے ۔
۵۸	سزا دینا	خواب میں سزا دینا یا حد مقرر کرنا عورتوں کے کام پورے کرنے پر مبنی ہے ۔
۵۹	سفر کرنا	اگر کوئی خواب میں سفر کرے اور اس مقام کو پہلے مقام سے بہتر دیکھے تو اس کی تعبیر نیک ہے ۔
۶۰	سنگی لگانا	اگر خواب میں کسی نامعلوم شخص یا کسی نامعلوم جگہ پر سنگی لگاتا دیکھے تو کسی کی امانت کا بوجھ اٹھانیکے مترادف ہے ۔
۶۱	سمندر دیکھنا	بہت بڑے شہنشاہ سے مترادف ہے ۔
۶۲	سنبہ دیکھنا	فرزند سے تعبیر ہے ۔

۶۳	سوار ہونا	خواب میں سواری کرنا شاہی ہتھیار اور انعام حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۶۴	سوراخ دیکھنا	اگر سوراخ کے اندر گھستا دیکھے تو راز شاہی سے آگاہ ہونے کے مترادف ہے ۔
۶۵	سوزن (سوئی)	اگر سوئی سے کوئی کپڑا سیتے دیکھے تو متفرق کاموں کے نیک انجام پانیکا سبب ہے ۔
۶۶	سوسمار (گوہ)	دشمن سے مترادف ہے ۔
۶۷	سوسن	سوسن کا پھول اس کے موسم میں دیکھنا کچھ حاصل ہونے کے مترادف ہے ۔
۶۸	سونٹھ دیکھنا	غم واندوہ سے تعبیر ہے ۔
۶۹	سیپ دیکھنا	منفعت کا سبب ہے ۔
۷۰	سیسہ دیکھنا	اگر کوئی خواب میں سیسہ دیکھے تو دُنیا کا خسیس مال جمع کرنے کے مترادف ہے ۔
۷۱	سینگ دیکھنا	کسی بزرگ سے خیر و برکت حاصل کرنے کا سبب ہے ۔
۷۲	سیم کے پھول دیکھنا	ترقی رزق اور مال و دولت حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۷۳	سال کو دیکھنا	عورتوں کو چرب زبانی سے دام میں لائے ۔ ہمچشموں میں عزت و توقیر بڑھ جائے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۷۴	سیار کو گھر میں دیکھنا	چوری ہو مال و اسباب ضائع ہو جائے ۔
۷۵	سمندر کو آگ سے باہر دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو یا کسی دلسوز سے جُدا ہو ۔
۷۶	سوروں کو دیکھنا	مردم بدکردار کا سردار ہو بخل اور خست میں گرفتار ہو ۔
۷۷	سوروں سے لڑنا	اگر غالب آئے فائدہ دیکھے مغلوب ہو ضرر پہنچے ۔
۷۸	سور کو مار ڈالنا	دشمن پر منصور ہو ۔
۷۹	سیمرغ ہاتھ سے اڑجانا	بیوی کو طلاق دے رنج و پشیمانی میں پڑے ۔
۸۰	سور کا بچہ دیکھنا	دولت و ریاست ہاتھ آئے اولاد سے راحت و نفع ہو
۸۱	سیاہی دیکھنا	خصومت میں پڑے خار غم دل میں چبھے ۔
۸۲	سیاہی کو مارنا	دشمن پر فتحمند ہو ہم جنس میں رتبہ بلند ہو ۔
۸۳	سیمرغ کو دیکھنا	دولت بے اندازہ پائے ۔
۸۴	سیمرغ کو پکڑنا	حکومت یا ریاست ہاتھ آئے یا کسی رئیس یا بادشاہ کا مقرب ہو جائے ۔
۸۵	سیمرغ کے استخواں پانا	اگر پر گوشت دیکھے تو غنی ہو خالی ہڈی دیکھے تو باعثِ زیاں ہے ۔
۸۶	سُرخاب کو دیکھنا	رئیس قوم یا بادشاہ ہو صاحب دولت و مال ہو ۔
۸۷	سلاخ باندھے دیکھنا	حکومت پرگنہ کی پائے یا گاؤں کا کارندہ ہو جائے ۔
۸۸	سنان کو دیکھنا	شجاعت اور جرأت میں مشہور ہو عمر دراز دشمن پر منصور ہو
۸۹	سونا دیکھنا	کسی عورت کو نکاح میں لائے فکر و اندیشہ غم پائے ۔
۹۰	سونے کا ٹکڑا دیکھنا	دولت و قوت و دلبری پائے حسین عورت تصرف میں آئے ۔

۹۱	سونا گلانا	کوئی عورت رفاقت میں آئے فکر و ہلاکت سے جان بچ جائے
۹۲	سونا بہت سا پانا	عورت مالدار ملے خیر و برکت پائے ۔
۹۳	سونا امانت رکھنا	امین خائن ہو خیانتدار کو مال ملے عورت امانتدار کو ملال ہو۔
۹۴	سونا نثار کرنا	کوئی مکروہ بات سننے میں آئے مال تلف ہو معشوق چھن جائے
۹۵	سوجن بدن میں دیکھنا	منصب جاہ و ریاست پائے لیکن جسم میں کچھ نقصان پہنچے۔
۹۶	سوجن اعضا میں پانا	عورت مالدار شیدا ہو فرزند نرینہ پیدا ہو غم سے رہائی اور حاجت روائی ہو ۔
۹۷	سیاہ جامہ دیکھنا	تعزیت یا بزرگی کی نشانی ہے نیک کاموں میں کامیابی کی دلیل ہے ۔
۹۸	سُرخ جامہ دیکھنا	مصیبت کا سامنا ہو اندیشہ و غم میں مبتلا ہو۔
۹۹	سفید جامہ دیکھنا	پارسا اور پرہیزگار ہو نیک خصلت نیک اطوار ہو۔
۱۰۰	سیب دیکھنا	فرزند ارجمند و روزی ملے فرحت و فیروزی ہو۔
۱۰۱	سبز جامہ دیکھنا	صاحب تقوی و پرہیزگاری ہو نیک کاموں میں استواری ہو۔
۱۰۲	سینچنا درخت یا زراعت کا	دولت سے نفع یا عورت حسین ملے ۔
۱۰۳	سبزہ رنگا تے دیکھنا	مال حرام کی کوشش مدام رہے یا اوباش سے صحبت رہے۔
۱۰۴	سورۂ قرآنی پڑھتے دیکھنا	تعبیر موافق مضمون آیات ہے۔ اگر نیک ہے تو مومن کی صفات [illegible] ہے تو کافر کی حکایت ۔
۱۰۵	سبیل دیکھنا	کسی سردار [illegible] مصاحب ہو [illegible] رزق پائے ۔

۱۰۶	سقہ کو مشک بھرتے یا پانی پلاتے دیکھنا	دولت و حشمت سے مالا مال ہو ہمچشموں میں آبرو کمال ہو ۔
۱۰۷	سیڑھی دیکھنا	عورت موافق یار صادق ملے رتبہ بلند یا عہدۂ بزرگ پائے
۱۰۸	سنکھ پھونکتے دیکھنا	مرد منافق سے راہ ہو یا کافرِ اس شہر کا بادشاہ ہو۔
۱۰۹	سراپردہ و خیمہ دیکھنا	شاہی یا فوج کی افسری ہو ہر طرح تونگری ہو۔
۱۱۰	ستون خیمہ دیکھنا	سردار گروہ پر شکوہ ہو بزرگ مملک و صاحب مروّت ہو
۱۱۱	سرائے کشادہ دیکھنا	شامل حال فضل داور ہو۔ دولت سے تونگر ہو۔
۱۱۲	سرائے تنگ یا تاریک دیکھنا	کلفت و مفلسی سے مضطر ہو تنگدستی سے حال ابتر ہو۔
۱۱۳	سمور دیکھنا	مال مسافر یا غنیمت پائے مراد دلی خاطر خواہ ہو
۱۱۴	سنجاب دیکھنا	مرد مسافر غنی سے صحبت ہو ترقی مال کی فکر سے فراغت ہو
۱۱۵	سنجاب کا گلا گھونٹنا اور خون بہتے دیکھنا	کنواری عورت سے عقد کرے جبر سے مکر اس کا دور کرے ۔
۱۱۶	سرگین چارپایہ کی دیکھنا	دولت و فرزند کی بشارت ہے اگر کپڑے یا جسم میں لگے فکر جاہ و حشمت ہو۔
۱۱۷	سرگین فیل کی دیکھنا	اپنے عہدہ سے معزول ہو دوسرے کام میں مشغول ہو۔
۱۱۸	سرمہ دیکھنا	فتح و دانش سے مال ہاتھ آئے فرزند پیدا ہو نیکی خبر پائے
۱۱۹	سرمہ کی سلائی دیکھنا	فرزند تولد ہو یا دختر پیدا ہو۔
۱۲۰	سرمہ دانی دیکھنا [illegible]	عورت حسین ہو حمل رہ جائے۔ پیدا صبیہ نیک سیرت ہو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۲۱	سرمہ ہاتھ میں دیکھنا	مال و دولت ہاتھ آئے اولاد سے راحت و آرام پائے
۱۲۲	سرمہ آنکھوں میں کھینچنا	دنیا میں ہر دلعزیز رہے دین کے کاموں کی تمیز رہے۔
۱۲۳	سرد پانی پینا یا نہانا	فرط و عیش و کامرانی ہو صحت ہمیشہ دافع پریشانی ہو۔
۱۲۴	سونف کھانا یا دیکھنا	نقصانِ مال بیشمار ہو غم و فکر میں گرفتار ہو ۔
۱۲۵	سرسوں دیکھنا	روزی حلال ہاتھ آئے تجارت سے نفع پائے۔
۱۲۶	سیم دیکھنا	تخم و ثمر دیکھے تو نفع پائے درخت دیکھے ظلم و جور اٹھائے۔
۱۲۷	سرکہ دیکھنا	عزیز پیدا ہو خیر و برکت ہو دولت و حشمت بڑھے۔
۱۲۸	سقف خانہ دیکھنا	کسی سردار سے فیضیاب ہو دولتمند ہو جاہ و حشم ہو۔
۱۲۹	سقف بلند و منقش دیکھنا	بزرگ قوم ہو توانا ہو عشرت کا سامنا ہو ۔
۱۳۰	سقف گر کے دب جانا	کوئی بزرگ سفر سے آئے یا وصل محبوب میں زیرباری اٹھائے
۱۳۱	سانچہ دیکھنا	مرتبہ برتر ہو دولتِ علم سے مالدار ہو ۔
۱۳۲	سکنجبین شیریں پینا یا دیکھنا	مال حلال بہ آسانی ہاتھ آئے ۔ مریض ہو تو جلد شفا پائے ۔
۱۳۳	سکنجبین ترش پینا یا دیکھنا	بیماری کو بے انتہا طول ہو غم و مصیبت میں مبتلا ہو۔
۱۳۴	سنبل تازہ دیکھنا یا کھانا	نعمت و مال ملنے کی دلیل ہے زوالِ پریشانی ہے۔
۱۳۵	سنگموزہ کو پکڑنا یا گوشت کھانا	کسی سخت کام میں پڑے ۔ مشکل سے روزی ملے ۔
۱۳۶	سنگموزہ [illegible] تے دیکھ[illegible]	سختی سے نجات حاصل ہو۔ آسان اس کی مشکل ہو ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

ش

۱	حضرت شیثؑ کو دیکھنا	عمر دراز علم و حکمت زیادہ ہو زہد اور کثرتِ اولاد ہو۔
۲	حضرت شعیبؑ کو دیکھنا	کسی اہلِ جوار سے اتفاق معاملہ ہو جائے ۔ نقصان مایہ شماتتِ ہمسایہ ہو ۔
۳	شامیانہ زریں دیکھنا	کسی سردار سے فائدہ پہنچے یا عورت حسین و مالدار ملے
۴	شامیانہ لمبا چوڑا دیکھنا	ترقی عمر ہو مرتبہ بڑھے، عزت و بزرگی پائے ۔
۵	شامیانہ کہنہ دیکھنا	عمر تھوڑی کم ہو جائے ہر طرح غم و رنج پائے۔
۶	شراب پینا	مال حرام پائے مغرور ہو عزت گنوائے۔
۷	شربت پینا	عمر دراز ہو بیمار شفا پائے ۔ وصل محبوب ہو۔
۸	شیرہ دیکھنا	دولت و مال سے حلاوت ہو۔ بیماری سے صحت ہو۔
۹	شیرہ کی مشک دیکھنا	مال حد سے زیادہ ہاتھ آئے راحت و نفع پائے ۔
۱۰	شیرہ خورش دیکھنا	مال حرام پائے عیش و عشرت بڑھ جائے ۔
۱۱	شیرہ مرد صالح سے پڑنا	دولت و نعمت و عیش و کامرانی ہو۔ دن بدن لطفِ زندگانی ہو ۔
۱۲	شیشہ روغن بنفشہ کا دیکھنا	عورت دیندار تونگر ملے ۔ دل کو چین اور راحت ملے ۔
۱۳	شیشہ آبگینہ سفید تازہ کا دیکھنا	عورت خوش مزاج اور پرہیزگار ملے یا لونڈی باوفا خوش اطوار ملے ۔

۱۴	شیشہ ٹوٹنا یا زائل ہونا	عورت اسکی ہلاک ہو یا طلاق اسکو دیکر غم کھائے ۔
۱۵	شیشہ شربت وغیرہ سے بھرا دیکھنا	عورت خوش مزاج عقد میں آئے وصل سے اس کے زندگی کا لطف پائے ۔
۱۶	شلوار	خواب میں شلوار پہننا یا لینا کنیز یا کم مرتبہ عورت سے تعبیر ہے ۔
۱۷	شمار کرنا	اگر خواب میں شمار کرتا دیکھے تو محنت اور مشقت میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے ۔
۱۸	شمشیر	تلوار اگر نیام میں ہو تو عورت، اگر ننگی ہو تو مال اور حکومت سے تعبیر ہے ۔
۱۹	شمعدان	خواب میں شمعدان گھر کی منتظمہ اور بیوی سے تعبیر ہے
۲۰	شملہ (دستار)	خواب میں پگڑی کا شملہ رکھنا یا چھوڑنا نام و ناموس سے تعبیر ہے ۔
۲۱	شہادت	خواب میں شہادت پانا دُنیاوی غم واندوہ سے نجات پانے سے تعبیر ہے ۔
۲۲	شہد کی مکھی	خواب میں شہد کی مکھی دیکھنی ترقی رزق اور محنتی عورت سے تعبیر ہے ۔
۲۳	شیشہ میں شراب انگور یا سیب کی اُتارنا	زن اوباش حسین ملے ۔ ملک سے اس کی اس کو لال ملے ۔
۲۴	شہد کھانا	مال حلال پر رغبت ہو منفعت اور صحت ہو
۲۵	شلجم کھانا	کنواری عورت یا غمگین سے مباشرت ہو بے لطفی یا نفرت ہو ۔

۲۶	شکر و شیرینی دیکھنا	مال حلال ملے، حسین عورت ملے، فرزند کی ولادت ہو ۔
۲۷	شفتالو دیکھنا	تنگدستی سے دوچار ہو کوفت اٹھائے ۔
۲۸	شیر ببر کو دیکھنا	بادشاہ یا ریاست کا سرانجام ہو۔ شجاعت اور قوم میں نام ہو ۔
۲۹	شیر سے جنگ کرنا	اگر شیر پر غالب آئے دشمن پر منصور ہو اور اگر مغلوب ہو دشمن سے عاجز ہو ۔
۳۰	شیر کا فصد وغیرہ دیکھنا	دوست و منفعت کی دلیل ہے فرحت و عیش کی سبیل ہے ۔
۳۱	شطرنج کھیلنا	برے کاموں میں بدنام ہو اگر بازی جیتے منصور و شادکام ہو
۳۲	شمع و چراغ دیکھنا	عورت حسین ملے فرزند پیدا ہو قدر و منزلت بڑھے مرتبہ ملے ۔
۳۳	شمع گل ہوتے دیکھنا	عمر عزیز انجام کو پہنچے گناہوں سے توبہ کرے ۔
۳۴	شمع روشن ہاتھ میں آنا	کار بستہ کشادہ تر ہو فرزند عزیز پیدا ہو ۔
۳۵	شملہ زریں سر پر دیکھنا	عہدہ جلیل ہاتھ آئے قدر و منزلت بڑھ جائے
۳۶	شکار کرنا یا شکار کرتے دوسرے کو دیکھنا	عورت باکرہ سے شادی ہو بادشاہ کی مہربانی سے حاجت روائی ہو ۔
۳۷	شہریوں کو باہم لڑتے دیکھنا	اس شہر میں کال پڑے یا بادشاہ جابر سے ضرر پہنچے ۔
۳۸	شہاب کو دیکھنا	منافق مرد سے ضرر پہنچے یا بدظنی سے پیچ و تاب کھائے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۳۹	شیطان پر فریفتہ ہونا	بیوی بدخواہ مال و دولت تباہ ہو۔
۴۰	شیطان کو مطیع دیکھنا	مال و دولت ملے علوم دینیہ کی روزی ہو رنج و غم دور دشمنوں پر فیروزی ہو۔
۴۱	شیطان کا مقہور دیکھنا	فرحت و راحت بیشمار ہو دشمن ذلیل و خوار ہو۔
۴۲	شوربہ پینا یا کھانا	نعمت و دولت بڑھے صحت کی خوشی ہو۔
۴۳	شعلہ آتش دیکھنا	دیندار دیکھے تو عورت مالدار ملے گمراہ پر مصیبت پڑے مال لٹ جائے۔
۴۴	شکنجہ دیکھنا	شکنجہ عذاب و نحوست کی نشانی ہے۔ شکنجہ کتاب خیر و برکت اور کامیابی ہے۔
۴۵	شاعر مومن دیکھنا	دانشور و سخندان زمانہ ہو جہاں میں عزت و توقیر ہو دل یگانہ ہو۔
۴۶	شیرازہ کتاب باندھنا	بیوی سے محبت بڑھے دشمن سے صلح ہو جائے۔ اگر شیرازہ کھلے ظہور رہو جائے۔
۴۷	شعبدہ بازی دیکھنا	کاروبار سست و ضعیف ہو ہر طرح سے تکلیف ہو۔
۴۸	شاعر غیر مومن کو دیکھنا	فکر معیشت میں سرگرداں پھرے جھوٹا اور بے اعتبار مشہور ہو۔
۴۹	شتر بے مہار دیکھنا	عورت ناسزا ملے فرزند خود رائے پیدا ہو اندیشہ غم ہر روز ہو۔
۵۰	شتر مرغ نر کو دیکھنا	مرد بزرگ اصل و نسل سے سابقہ پڑے بے وفائی

		اور مکاری سے پیش آئے۔
۵۱	شتر مرغ مادہ کو دیکھنا	عورت پارسا عالی خاندان سے ملے۔ کج خلقی اور نافہمی سے نفرت ہو۔
۵۲	شتر مرغ سے لڑنا	اگر شتر مرغ پر غالب آئے تو دشمن پر فتح پائے۔ اور اگر مغلوب ہو دشمن سے شکست کھائے۔
۵۳	شنگرف سے آیت یا دعا دیکھنا	دین و دنیا میں منفعت پائے۔ پرہیزگاروں میں مشہور ہو جائے۔
۵۴	شنگرف کھانا	کسی سخت بیماری سے طول ہو یا مروست فقر و فاقہ حصول ہو۔
۵۵	شنگرف سے تصویر دیکھنا	محبوب وصل پائے دنیا کے لہو و لعب میں پڑ جائے
۵۶	شاخیں	خواب میں شاخیں دیکھنا فرزندوں اور بھائیوں سے تعبیر ہے
۵۷	شادی	خواب میں شادی ہونا اور دلہن کا نہ دیکھنا اور اسے بیاہ کے گھر میں نہ لانا موت کی علامت ہے۔
۵۸	شانہ (کنگھی)	خواب میں کنگھی کرتے دیکھنا کسی شفیق ہمدرد دوست اور کنواری عورت کے مترادف ہے۔
۵۹	شاہین دیکھنا	قدر و منزلت، عزت، فرزند و مال، نعمت و حکومت سے مترادف ہے۔
۶۰	شرم	خواب میں شرم ایمان سے تعبیر ہے۔
۶۱	شرم گاہ	شرم گاہ دیکھنا راز سے تعبیر ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶۲	شعر و شاعری	خواب میں شعر و شاعری میں مشغول ہونا بیہودگی اور گمراہی کی تعبیر ہے
۶۳	شفق آسمان	آسمان پر شفق دیکھنا موسمی غلہ کی فراوانی کا سبب ہے
۶۴	شکرا	شکرا دیکھنا مکار اور ظالم شخص سے تعبیر ہے۔
۶۵	شکر قند دیکھنا	اولاد سے تعبیر ہے۔
۶۶	شگوفہ دیکھنا	موسمی شگوفہ دیکھے یا پائے خیر و برکت حاصل ہونے کا سبب ہے۔

ص

۱	حضرت صالح کو دیکھنا	کسی ظالم سے فتنہ و بلا میں پڑے آخر کو فتح پائے دشمن کو ہلاک کرے۔
۲	صندل دیکھنا	عزت و توقیر و حشمت پائے عالم میں نیکنام ہو جائے۔
۳	صراحی خرید کرنا	عورت عیاش تصرف میں آئے یا لونڈی خیر خواہ سے راحت پائے۔
۴	صندوق دیکھنا	بیوی تابعداری کرے دشمن دوست بن جائے۔
۵	صدف سے موتی نکالنا	فرزند پیدا ہو۔ دولت مند ہو۔ آسودگی حاصل ہو۔
۶	صدف دیکھنا	دولت سے مالا مال ہو فائدہ پائے رفع ملال ہو
۷	صیاد کو دیکھنا	جعلسازی سے اوقات بسر کرے جستجو میں مال و زر کی دربدر پھرے۔

۸	صابون دیکھنا	بیماری سے صحت، کدورت سے دل صاف ہو، خلیق بامروت و انصاف ہو۔
۹	صحنک کھانا یا دیکھنا	عورت کی پارسائی بڑھے مال حلال کھائے، مرد کو نعمت و دولت بڑھے۔
۱۰	صیقل کرنا	عبادت و ریاضت سے منفعت پائے۔ زنگ عصیاں دور ہو جائے۔
۱۱	صدقہ دینا یا لینا	اگر صدقہ دے نور دیتا ہو، اگر لے تو فقر و فاقہ میں مبتلا ہو۔
۱۲	صراف کو دیکھنا	کام تحصیل کا ہاتھ آئے کھوٹے کھرے کا حال کھل جائے۔
۱۳	صیغہ نکاح پڑھنا	مسلمانوں سے نیکی اور احسان کرنا منفعت دین و دنیا کی ملے
۱۴	صحرا کو دیکھنا	مقرب بادشاہ ذیقدر ہو۔ فائدہ ہر صورت سے پہنچے ہر مشکل آسان ہو۔
۱۵	صبح	خواب میں صبح صادق دیکھنا امن و کامرانی سے تعبیر ہے۔
۱۶	صحبت	خواب میں اپنی عورت سے صحبت کرنا عورت کے تابع رہنا اور اسکے مخفی راز ظاہر ہونے کے مترادف ہے۔
۱۷	صراقی کرنا	لوگوں کی غیبت اور خیانت میں مشغول ہونے کے مترادف ہے۔
۱۸	صفا و مروہ	خواب میں صفا اور مروہ کا دیکھنا نیکی اور پرہیزگاری اختیار

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		کرنے کا باعث ہے۔
۱۹	صمغ عربی (گوند)	خواب میں صمغ عربی بیچے کچھ کھانے سے مترادف ہے
۲۰	صلیب	خواب میں صلیب کا دیکھنا، پانا، خریدنا دین میں خلل پڑنے کا سبب ہے۔

ض

۱	ضمانت دینا یا ضامن ہونا	کسی کو منفعت یا فیض پہنچائے دوسری صورت میں خود کسی سے فائدہ اٹھائے۔
۲	ضیافت کھانا یا کھلانا	نعمت و منفعت کا حصول ہو صاحبِ جود و کرم ہو ہر دعا قبول ہو۔
۳	ضعیف آپ کو دیکھنا	مرتبہ کم ہو زوال حشمت و جلال ہو یا شدّتِ امراض ہو ناتوانی سے جی نڈھال ہو۔
۴	ضحاکہ عورت سے صحبت کرنا	کسی کی لونڈی سے بدکاری میں گرفتار ہو فرزند غاصب و بداطوار ہو۔
۵	ضائع ہونا	خواب میں دنیا کا مال ضائع ہونا دین کی ترقی کا باعث ہے
۶	ضبط کرنا	مصیبت میں صبر و ضبط کرنا غم و اندوہ سے نجات پانے کی دلیل ہے۔
۷	ضد کرنا	خواب میں کسی بات میں ضد کرنا نام و نمود اور دُنیاوی شہرت کی خواہش کی دلیل ہے۔

۸	ضرب لگانا	خواب میں ضرب لگانا اپنا فخر ظاہر کرنے کے مترادف ہے۔
۹	ضرورت پڑنا	خواب میں کسی چیز کی ضرورت کا ہونا حرص و طمع سے تعبیر ہے۔
۱۰	ضریح (تعزیہ) دیکھنا	فکر و عافیت سے تعبیر ہے۔
۱۱	ضعف پڑنا	عزّت و مرتبے کی کمی ہونے کے مترادف ہے۔
۱۲	ضعیف دیکھنا	خود کو ضعیف دیکھنا دنیاوی کمزوری کا سبب ہے۔

ط

۱	طیلسان کو دیکھنا	دین میں ترقی پائے لیکن کرامت شامل ہو جائے۔
۲	طبیب کو دیکھنا	واقع امراض و صحت کی علامت ہے مزید مال و راحت کی بشارت ہے۔
۳	طشت و طاؤس و طنبور وغیرہ دیکھنا	دولت و نعمت فراوان ملے لونڈی خوبصورت یا غلام تابع فرمان ملے
۴	طاق دیکھنا	بیوی مالدار یا خزانہ ہاتھ آئے نوکروں سے راحت و آرام پائے
۵	طوافِ کعبہ کرنا	والدین کی اطاعت میں نیکی و دلداری کرے راہِ راست پر چلے۔
۶	طاؤس پکڑنا یا دیکھنا	عورت رقاصہ ملے نشاط جسم سے راحت مزید دولت و اقبال خاطر خواہ ہو۔
۷	طائر دیکھنا	عورت اور مال ملنے کی نشانی ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۸	طوطی دیکھنا	عورت باکرہ ملے دولتمند ہو فرزند خوش اطوار ملے
۹	طلاق بیوی کو دیکھنا	زوجہ منکوحہ سے سوا محبت ہو دفع بیماری اور کلفت ہو۔
۱۰	طوق آہنی دیکھنا	بلا دمحنت دنیا ہی ہے کفر و بطلان و گمراہی ہے۔
۱۱	طوقِ زرین دیکھنا	عورت کو شوہر سے شادمانی ہو فتح و کامرانی ہو۔
۱۲	طلسم دیکھنا	کام ایسا عجیب و غریب پیش آئے جس کی وجہ سے اندیشہ و حیرت بڑھ جائے۔
۱۳	طویلہ دیکھنا	گھوڑوں سے بھرا دیکھے تو مالا مال ہو اگر خالی دیکھے حاصل کلفت و مال ہو۔
۱۴	طوفان دیکھنا	فکر و تردد لاحق ہو مال و زن و فرزند کا خیال ہو۔
۱۵	طمنچہ دیکھنا	حاکم جابر سے منفعت پائے دشمن قوی زبردست ہو جائے۔
۱۶	طمانچے مارتے دیکھنا	اولاد کی بدفعلی کا غم کھائے یا خود متہم ہو جائے۔
۱۷	طہارت کرتے دیکھنا	دلیل تندرستی و دولت ہے باعث بزرگی و ریاست ہے
۱۸	طاعون	خواب میں طاعون دیکھنا یا مبتلا ہونا فتنہ و بلا سے تعبیر ہے۔
۱۹	طالب علم ہونا	خواب میں طالب علمی کرنا یا کسی استاد سے پڑھنا جیسا علم پڑھے اس کی تعبیر نیک ہے۔
۲۰	طبابت (حکمت)	کرتے دیکھنا اصلاح و ہدایت کے مترادف ہے۔
۲۱	طبلہ دیکھنا	بیہودگی اور افترا سے تعبیر ہے۔
۲۲	طعام	خواب میں کھانا یا شراب جو ملے یا پائے رنج و غم سے مترادف ہے۔

۲۳	طعنہ	خواب میں طعنہ دینا یا سننا باہمی دشمنی اور جدائی سے تعبیر ہے۔
۲۴	طغیانی	خواب میں طغیانی دیکھنا عذاب الٰہی اور بلائے آسمانی سے تعبیر ہے۔
۲۵	طواف کرنا	خواب میں کعبہ کا طواف کرنا گناہوں سے تائب ہونے اور بزرگانِ اسلام کا اطاعت شعار ہونے نیز دین اور دُنیا کی بھلائی کا سبب ہے۔
۲۶	طوائف دیکھنا	خواب میں طوائف دیکھنا مکر و فریب میں مبتلا ہونے کے مترادف ہے۔

ظ

۱	ظالم کو دیکھنا	اگر خوف کھائے نحوست و پریشانی ہو اور نڈر ہو دولت و کامرانی ہو۔
۲	ظلم بیگانہ یا بیگانہ پر کرنا	جس پر ظلم کیا وہ بیزار ہو اور خود بلا و غم میں گرفتار ہو۔
۳	ظلمات کو دیکھنا	جابر بادشاہ کا مصاحب ہو عمر دراز مناقب والا ہو۔
۴	ظروف خانہ داری دیکھنا	نوکر چاکر ملیں رات دن اطاعت گزار رہیں۔
۵	ظرافت	خواب میں ظرافت میں مشغول دیکھنا بیہودگی اور لایعنی باتوں میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔
۶	ظہر	خواب میں ظہر کی نماز میں شامل ہونا دینداری سے تعبیر ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

ع

۱	حضرت عیسیٰؑ کو دیکھنا	فرزند باکمال پیدا ہو جہاں کو نفع پہنچائے حکیم دانا ہو۔
۲	حضرت عزرائیلؑ کو دیکھنا	موت کا پیغام سمجھے گناہوں سے توبہ کرے۔
۳	حضرت عزرائیل کو سلام کرتے دیکھنا	دُنیا میں امین و محفوظ رہے عاقبت سیر جناں سے محفوظ رہے
۴	عزرائیل کو روح قبض کرتے دیکھنا	عمر دراز، دولت زیادہ، عمر بھر خرمی و راحت رہے۔
۵	علم حضرت عباسؑ کا دنیا یا اُسے ہاتھ میں لینا	کسی سردار سے صحبت ہو۔ منفعت اور جاہ و حشمت ہو۔
۶	عرش بریں کو دیکھنا	سلطنت یا ریاست پائے دنیا میں عزت بڑھے۔
۷	عطارد دیکھنا	بادشاہ کا وزیر ہو یا کسی خاص بادشاہ کا دبیر ہو۔
۸	عمارت بزرگ یا رزم گاہ دیکھنا	بڑے مرتبہ کو پہنچے۔ مال و دولت بے انتہا ہاتھ لگے۔
۹	عورت دیکھنا	بزرگی و نعمت پائے یا ازخود مال گمشدہ ہاتھ آئے۔
۱۰	عضو تناسل دیکھنا	فرزند سے تعبیر ہے۔
۱۱	علماء کو دیکھنا	یا علماء کی صحبت میں بیٹھنا عزّت اور توقیر سے تعبیر ہے۔
۱۲	عمارت	خواب میں اگر کوئی خراب مسجد یا خانقاہ کی عمارت

		بنانا یا بنتی دیکھے تو دین کی اصلاح اور عاقبت بخیر ہونے کی علامت ہے۔
۱۳	عمر شمار کرنا	بیماری اور تنگدستی کی دلیل ہے۔
۱۴	عمرہ کرنا	یا حج کرنا دین و دنیا کی بہتری کی دلیل ہے۔
۱۵	عناب کھانا	مال و منال کے حصول کی دلیل ہے۔
۱۶	عنبر پانا	دنیوی منفعت کے حاصل کرنیکی دلیل ہے۔
۱۷	عود پانا	بادشاہ یا حاکم وقت سے امان حاصل کرنے کا سبب ہے۔
۱۸	عیسائی ہونا	خواب میں اپنے آپ کو عیسائی دیکھنا دین سے گمراہی کا سبب ہے۔
۱۹	عینک خریدنا یا لگانا	علم حاصل کرنیکی دلیل ہے۔
۲۰	عروسی کا سامان دیکھنا	بادشاہ سے مال پائے عزت و تونگری بڑھے۔
۲۱	عالم کو دیکھنا	دُنیاوی نعمت و شادکامی ملے خیر و برکت فرحانی ملے۔
۲۲	عقاب کو اڑتے دیکھنا	رئیسِ شہر یا قوم کا سردار ہو اور اگر گھر پر بیٹھے تو تاجدار ہو۔
۲۳	عقیق دیکھنا یا پکڑنا	کسی بدعہد سے معاملہ پڑے رنج پائے تو نجات ملے۔
۲۴	عقیق دیکھنا	دولت و عزّت حاصل ہو نعمت و حشمت بڑھے۔
۲۵	عصا دیکھنا	رنج و مصیبت سے محفوظ ہو دوست و دشمن کو منزلت ملحوظ ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۶	عمامہ دیکھنا	مرتبہ پہلے سے زیادہ ہو، دل شاد ہو ۔
۲۷	عمامہ سر پر لپیٹنا	سفر کو جانیکی علامت ہے خیر و برکت کی نشانی ہے ۔
۲۸	عمامہ سبز رنگ دیکھنا	مصیبت سے چھوٹے مراد بر آئے وسعتِ رزق ہو۔
۲۹	عمر بال یا دام ماہی دیکھنا	اگر مچھلیوں سے بھرا دیکھے تونگر ہو۔ اگر خالی دیکھے تنگ دست ہو ۔
۳۰	عید کو روزہ کھولنا	باب روزی کشادہ ہو اس شہر میں غلّہ زیادہ ہو ۔
۳۱	عید بروز جمعہ دیکھنا	خرم و مسرور، رنج و مصیبت دور ہو ۔
۳۲	عطر ملنا یا عطردان دیکھنا	عورت خوش اخلاق اور حسین ملے۔ جان و دل کو فرحت ہو ۔
۳۳	عورت جوان جمیل دیکھنا	ترقی دولت و اقبال، فکر معیشت سے فارغ البال ہو
۳۴	عورت پاکیزہ سبز رنگ کو دیکھنا	زراعت سے خیر و برکت پائے یا کسی صنعت اور سوداگری سے مال ملے ۔
۳۵	عندلیب یا عصفور دیکھنا	کوئی مطرب [illegible] ملے ۔ یا لونڈی خوش آواز [illegible] ملے ۔
۳۶	محبوبہ کو گود میں لینا	[illegible] کی مراد بر آئے ، [illegible] ہو ۔
۳۷	محبوبہ کے بازو دیکھنا	آسودہ حال و فارغ البال رہے عمر بھر بیہودہ یا لچر کام کرے ۔
۳۸	عورت محبوبہ کے ہاتھ بندھے یا خشک دیکھنا	بیماری کی تکلیف شاق ہو [illegible] اور دوستوں سے نفاق ہو ۔

۳۹	عورت محبوبہ کے ہاتھ کٹے دیکھنا	دورنگی دوست و دشمن سے حصول رہے کبھی شاد کبھی ملول رہے ۔
۴۰	عورت اجنبی کی کلائی دیکھنا	مال دُنیا سے آسودگی ہو ۔ بزرگی و بہبودگی ہو ۔
۴۱	عورت ضعیفہ کو دیکھنا	خوبصورت دیکھے تو مالامال ہو بدصورت دیکھے مفلسی ہو ۔
۴۲	عورت کو بیگانہ مرد کے پاس بیٹھے دیکھنا	شوہر سے رفع فساد ہو۔ محبت سوا ہو۔ عزت بڑھے فرزند پیدا ہو ۔
۴۳	عورت کو سحق کرتے دیکھنا	ان کے مخفی راز سے آگاہ ہو مال و دولت خاطر خواہ ہو۔
۴۴	عناب تر و خشک دیکھنا	محبوب سے ملاقات ہو۔ بیماری جائے دل کو فرحت ہو ۔
۴۵	عقرب برج دیکھنا	دشمن قوی یا حاسد کا سامنا ہو رنج میں مبتلا ہو ۔
۴۶	عماری میں بیٹھے دیکھنا	بزرگی و ریاست ہاتھ آئے عزیزوں میں مرتبہ بلند ہو۔
۴۷	عود سوز کو دیکھنا	لونڈی عقلمند غلام خوش اخلاق ملے یا بادشاہ خورسند ہو خلعت انعام دے ۔
۴۸	عاشورہ محرم دیکھنا اور اعمال بجالانا	حزن و ملال سے نجات ملے۔ ثواب آخرت کی امید ہو ۔
۴۹	عاشق	خواب میں اپنے آپ کو کسی انسان کا عاشق دیکھنا حرص و فساد سے تعبیر ہے۔
۵۰	عالم ہونا	خواب میں عالم ہونا بزرگی اور پارسائی کی دلیل ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۱	عامل ہوتا	اگر خواب میں کسی کام کا عامل ہوتا دیکھے تو دل کی مراد برآنیکا موجب ہے۔
۵۲	عبادت کرنا	مسجد یا جھونپڑی میں عبادت کرتے دیکھنا دُنیا میں خیر و برکت حاصل کرنیکا موجب ہے۔
۵۳	عربی زبان	خواب میں عربی زبان میں بات کرنا علم حاصل کرنے اور عربی پڑھنا کسی قابل عورت سے شادی کرنے کے لئے اور عربی لکھنا نیک بخت عورت سے فائدہ حاصل ہونے کا موجب ہے۔
۵۴	عجائبات دیکھنا	دنیوی ترقی کا موجب ہے۔
۵۵	عرق و پسینہ دیکھنا	خواب میں بدن پر پسینہ دیکھنا مطلب حاصل ہونے کی تعبیر ہے۔

غ

[illegible]	[illegible]مان کو [illegible] گرد [illegible] دیکھ[illegible]	سرداری ملے یا بادشاہ ہو۔ مطلب برآری خاطر خواہ ہو۔
۲	غسل کرنا	غم سے رہا قرضداری سے فارغ۔ بیمار تو شفا ہو۔
۳	غسل خانہ دیکھنا	اگر کسی میت میں گیا طول حساب ہو۔ اگر خود گیا زندگی کم، معمور آفات ہو۔
۴	غسال کو دیکھنا	نحوست اور کافت کی [illegible]

		پیش آتی ہے۔
۶۰	خواص کو دیکھنا	طالب علم و عارف خدا ہو نیک کاموں میں مبتلا ہو یا باریاب بارگاہ سلطانی ہو و قع ہر پریشانی ہو۔
۶۱	غش کھانا	کسی مصیبت یا رنج میں مبتلا ہونے کا سبب ہے۔
۶۲	غصہ کرنا یا ہونا	خواب میں اگر دُنیوی باتوں پر غصّہ کرے تو دین کی گمراہی اور دُنیا پر مغرور ہونیکی علامت ہے اگر خواب میں والدین پر غصّہ ہوتے دیکھے تو مرتبہ سے گرنے کا سبب ہے۔
۶۳	غلاف (نیام)	خواب میں غلاف دیکھنا عورت سے تعبیر ہے۔
۶۴	غلّہ	خواب میں غلّے کا ڈھیر دیکھنا محنت و مشقت سے روزی حاصل کرنیکی علامت ہے۔
۶۵	غلّۂ غلیل	خواب میں غلّہ حاصل کرنا یا غلّے سے شکار کرنا ظلم و ستم سے تعبیر ہے۔
۶۶	غوطہ لگانا	محنت سے روزی ملے مقصود و فیروزی ملے۔
۶۷	غنچہ دیکھنا	عورت پارسا ملے، اگر پردہ کھل جائے جلد افشائے راز ہو۔
۶۸	غرفہ میں جانا	روشن دیکھے تو حاجت روائی ہو تاریک دیکھے تو کار[illegible] بیماری ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۴	غبار دیکھنا	فکر مندی و کدورت و دشمنی پیدا ہو یا کسی سخت بیماری میں مبتلا ہو۔
۱۵	غبار منہ پر دیکھنا	کسی شخص سے فتنہ و فساد ہو رنج پہنچے محنت برباد ہو۔
۱۶	غبارہ دیکھنا	فرحت کی علامت ہے باعث سر بلندی ہے۔
۱۷	غلیل سے نشانہ کرنا	اگر غلہ نشانہ پر پڑے مطلب کو پہنچے اور اگر خطا کرے مال کا نقصان ہو۔
۱۸	غلام نابالغ کا آپ کو بالغ دیکھنا	بندگی سے جلد آزادی ملے مراد بر آئے دل کو شادمانی ملے۔
۱۹	غل مچانا	اگر دہشت سے شور کرے امن و امان پائے اور مزاحاً شور مچائے ذلیل و خوار ہو جائے۔
۲۰	غوری دیکھنا	طعام لذیذ و نعمت عظمیٰ پائے۔ دشمن کے شر سے بچے دشمن سے دوستی ہو جائے۔
۲۱	غولِ بیابانی دیکھنا	اگر خوف سے بھاگے بیماری ہو کلفت گھیرے اگر بیخوفی سے کھڑا رہے بزرگی پائے۔
۲۲	غول جانوروں کا دیکھنا	عورتوں سے مربوط دل ہو خواجگی یا حکومت حاصل ہو۔
۲۳	غربال دیکھنا	دختر نیک اختر پیدا ہو فکر و تردد بے انتہا ہو یا نیک کاموں میں رخنہ پڑ جائے۔ پریشانی ہو۔
۲۴	غوغا نیوز کو چپاتے دیکھنا	عورت وحشی لڑاکا رام ہو۔ محفل عیش و طرب جشن عام ہو۔

۲۵	غار میں مقیم ہونا	کسی سخت کام میں گرفتار ہو قید میں ہو تو سخت بیمار ہو۔
۲۶	غار میں جا کے نکل آنا	سخت کام میں نجات پائے قرض ادا ہو بیماری رفع ہو جائے۔
۲۷	غار میں مع اصحاب جانا	غمازی سے بے خوف دشمن سے محفوظ کسی کی مدد سے کامیاب اور محفوظ ہو۔
۲۸	غمگین ہونا	خوشی و خرمی پائے حزن و ملال رفع ہو جائے۔
۲۹	غالیہ دیکھنا یا پانا	حج کو جائے علم ادب لوگوں کو سکھائے کسی سوداگر یا عورت تاجرہ سے مال و منفعت پائے۔
۳۰	غائب کا دیکھنا	خواب میں کسی غائب شخص کا آنا اس کی خبر یا خط آنے سے تعبیر ہے۔
۳۱	غرق ہونا	خواب میں کسی دریا میں غرق ہوتا دیکھے تو حاکم وقت بادشاہ سے تکلیف پہنچے۔

ف

۱	فرشتے آسمان سے اُترتے دیکھنا	مسلمانوں کو عزت و نصرت ہو کافروں کو ذلت و ہزیمت ہو۔
۲	فرشتگان مقرب بشاش دیکھنا	بلند دستگاہ ہو آفات سے پناہ، اگر ترش رو دیکھے تو برعکس بیان کے سمجھے۔
۳	فرشتوں سے جنگ دیکھنا	کمال نحوست اور بددلی کی نشانی ہے یا عنقریب اجل آنی ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴	فرشتوں کا گھیر لینا	گھر میں چوری ہو۔ تنگ دستی سے پیچ وتاب کھائے۔
۵	فرشتوں کا جمع ہونا	کسی عابد یا عالم کی ستائی آئے یا کوئی بیگناہ قتل ہو شہادت پائے۔
۶	فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا	مکروہاتِ دُنیا سے بے نیاز ہو و بالا قدر پائے جلد وفات پائے، شہادت ہاتھ آئے۔
۷	فرشتوں کی صورت آپ کو دیکھنا	قرض ادا ہو رنج وغم سے رہائی ہو۔ تونگری و عزّت ہو۔
۸	فرشتوں کو اپنا استقبال کرتے دیکھنا	دولتِ دو جہاں سے سرفراز ہو۔ امیروں میں معزز اور ممتاز ہو۔
۹	فرشتہ کا بشارت دینا	نعمت و مال وزر میں زیادتی ہو۔
۱۰	فرشتوں کا باہم لڑتے دیکھنا	دشمنوں پر فتح ونصرت پائے۔
۱۱	فرشتوں کو رکوع و سجود میں دیکھنا	دین و دُنیا میں کام بن جائے مراد حاصل ہو۔ خیر و برکت پائے۔
۱۲	فرشتوں کے ساتھ آسمان پر جانا	دُنیا سے کوچ کرے لیکن جہان میں نیک کام کرے۔
۱۳	فرج دیکھنا	فحش کاموں میں مبتلا ہو۔
۱۴	فندق دیکھنا	مال و دولت اور قدر و منزلت بڑھے۔
۱۵	فانوس روشن کرنا	مرد دیکھے تو فرزند نیک پیدا ہو عورت دیکھے تو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۶	بار روشن دیکھنا	دولت مند سے شادی ہو۔
۱۷	فیل مرغ دیکھنا	آفت میں مبتلا ہو صدقہ دے تاکہ رد بلا ہو۔
۱۸	فرش کو دیکھنا	اگر خود بچھائے عزّت پائے۔ دوسرے کو بچھاتے دیکھے اس سے لطف اٹھائے۔
۱۹	فالودہ کھانا یا دیکھنا	دولت زیادہ بیمار شفا پائے۔
۲۰	فصد اپنی کھلوانا	فرحت قلب و دفع امراض جسمانی ہو۔
۲۱	فصد سے خون جاری دیکھنا	اگر کہے کہ خون آتا ہے دولت آئے اگر کہے کہ خون بہا جاتا ہے تباہ حال ہو۔
۲۲	فلاخن دیکھنا	نیکنام کو رسوائے دین بدنام کریں۔
۲۳	فیروزہ دیکھنا	عمر دراز ہو دُنیا میں کامیاب رہے۔
۲۴	فاختہ کو دیکھنا	عورت فاحشہ سے ربط بڑھائے۔ مخالفت سے رنج اٹھائے۔
۲۵	فوّارہ دیکھنا	دولت سے تونگر ہو عورت عقیلہ ملے فرزند نیک پیدا ہو۔ عشرت کا سامنا ہو۔
۲۶	فرعون کو شہر میں مقیم دیکھنا	بادشاہ ظالم و جابر کا دور ہو رعیّت مبتلا اندوہ ظلم و جور ہو۔
۲۷	فرعون سے خلعت و انعام پانا	بادشاہ و حاکم کا اس پر لطف کامل ہو یا کسی سردار سے مال حرام حاصل ہو۔
۲۸	فاضل یا فقیہ کو دیکھنا	حاکم کے سامنے قدر و منزلت ہو اپنے ہمچشموں

		پر فضیلت پائے ۔
۲۹	فقیر	خواب میں فقیر کو دیکھنا تنگدستی و مفلسی سے تعبیر ہے۔
۳۰	فقیہہ دیکھنا	بزرگی سے تعبیر ہے۔
۳۱	فلالین (کپڑا)	خواب میں فلالین پانا یا خریدنا خوبصورت عورت ملنے کی نشانی ہے ۔
۳۲	فوج دیکھنا	کاروبار اور زراعت میں فائدہ ہونے کی علامت ہے ۔
۳۳	فرزند	خواب میں لڑکی کا پیدا ہونا یا دیکھنا رازافشا ہونے سے تعبیر ہے۔ اگر خواب میں لڑکا پیدا ہوتا دیکھے تو لڑکی پیدا ہو نیکی علامت ہے ۔
۳۴	فیرینی دیکھنا	فیرینی کھانا یا دیکھنا کسی عزیز یا دوست سے ملاقات ہونے کی علامت ہے ۔
۳۵	فاحشہ عورت دیکھنا	دین کی گمراہی کا سبب ہے ۔

ق

۱	قرآن مجید پڑھنا یا دیکھنا	مال میراث یا روزی حلال، خیر و برکت ہو حافظہ تیز ہو۔
۲	قرآن مجید لکھنا	علم و حکمت میں طاق ہو زہد میں شہرۂ آفاق ہو ۔
۳	قرآن مجید پانا	علم و عمل میں استواری ہو شامل حال لطف باری ہو۔
۴	قرآن مجید کا ورق کھانا	موت سے قریب تر ہو ۔

۵	قسم جھوٹی کھانا	عہد خدا کو توڑنا حق شناسی سے منہ موڑنا ہے ۔
۶	قسم راست کھانا	قلب کو آرام ملے دل کو سرور ہو، راست گو مشہور ہو۔
۷	قسم لیتے دیکھنا	روزی گھٹے ۔ صدمہ مرگ پسر ہو۔ حال بھی برباد ہو۔
۸	قربانی کرنا	رد غم سے چھوٹے۔ عورت کے فرزند ہو لونڈی غلام آزاد ہو۔ بیمار تندرست ہو ۔
۹	قندیل روشن دیکھنا	عورت حسین ملے اولاد سے گھر بھر جائے ۔
۱۰	قندیل کو تاریک دیکھنا	تلاش معاش میں سرگرداں ہو۔ مفلسی و تنگدستی سے پریشان ہو ۔
۱۱	قینچی دیکھنا	بیوی سے بدخیال رہے۔ رحم منظور ہو۔ دل کو ملال رہے ۔
۱۲	قہقہہ مار کر ہنسنا	حرکات انسانی پر ہو فرحت ملے۔ اگر کسی عجیب چیز پر ہو تو دولت ملے
۱۳	قافلہ دیکھنا	اگر آتے دیکھے مالی فائدہ ہو اور جاتے دیکھے تو نحوست و مصیبت ہو ۔
۱۴	قمری یا فاز کو دیکھنا	کسی محبوب حسین پر مبتلا ہو ۔ ہوائے وصل میں برباد و مضطرب الحال ہو ۔
۱۵	قلعہ دیکھنا	حراست و حفاظت کی نشانی ہے باعث عزت کامیابی ہے
۱۶	قحط کا دیکھنا	شہر میں ارزانی ہو راحت دل کا ہر طرف سامان ہو۔
۱۷	قلعہ پر چڑھنا	بلند منزلت پائے دل مراد بر آئے ۔ سرداروں سے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		علت ہو دشمنوں پر فتح ہو ۔
۱۸	قلعہ کہنہ دیکھنا	ریاست و دولت کو زوال ہو مصیبت لاحق ہو
۱۹	قوس برج کو دیکھنا	فوج شاہی کا سپہ سالار ہو یا جبار ہو ۔
۲۰	قوس قزح کو دیکھنا	غم دور ہو کامرانی ہاتھ آئے ۔ غلہ کی ارزانی ہو ۔
۲۱	قدا پنا باندازہ دیکھنا	قدر و منزلت کی افزائی ہو ترقی عمر و دولت کی ہو ۔
۲۲	قدا پنا کوتاہ دیکھنا	قدر و منزلت گھٹ جائے یا کوتاہ فہمی سے کام میں نقصان آئے ۔
۲۳	قدا پنا دراز دیکھنا	عمر کم ہو رنج و غم کو طول ہو ۔ حماقت سے ہر کام میں خفت حاصل ہو ۔
۲۴	قتل کرنا آدمی کو	موردِ ظلم و جفا یا عیال اپنی مصیبت میں مبتلا ہو مگر مقتول کو نفع پہنچے ترقی دولت و اقبال ہو ۔
۲۵	قصاب آشنا کو دیکھنا	اگر وہ ہاتھ پکڑے خطا میں مبتلا ہو اور خود اس کے ساتھ چلے ظلم آشنا ہو ۔
۲۶	قصاب اجنبی کو دیکھنا	ظلم و جور میں مبتلا ہو حضرت عزرائیل کا سامنا ۔
۲۷	قصاب کو پکڑتے دیکھنا	کوئی عہدہ یا کام ایسا پائے جس پر تنبیہہ و بدعت پائی جائے ۔
۲۸	قفل کھولتے دیکھنا	کام بندوبست کا ملے، حسنِ تدبیر سے انجام کو پہنچے
۲۹	قلمدان دیکھنا	عورت ملے، وزارت یا سفارت ہو اور افزوں دولت

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		واقبال وراحت ہو ۔
۳۰	قفل خوش قطع دیکھنا	روزی کشادہ ہو اور بند کرنا خوشی سے آزادی ہو ۔
۳۱	قلم کو دیکھنا	حکمرانی شہر کی یا مملکت ہاتھ آئے، حاکم کا منشی ہو یا فرزند پائے ۔
۳۲	قید ہونا یا قید کرنا	مرد نکاح کرے عورت دیکھے تو شوہر ملے ۔ دولت مند ہو جائے رنج و غم دور ہو ۔
۳۳	قباد پہننا	عورت پارسا سے نکاح کرے ۔ عورت خوش مال راحت پائے ۔
۳۴	قے کرنا	صفائی دل کی ہو راحت ملے دفع امراض ہو صحت ملے
۳۵	قرابہ کرنا یا دیکھنا	اگر اپنے پاس دیکھے بوڑھی عورت ملے اور اگر قرابہ سے شربت یا پانی پئے پیرزن سے فائدہ پہنچے ۔
۳۶	قبر کھودنا	نیا مکان خریدے یا بنوائے دولت خاطر خواہ پائے
۳۷	قبر سے باہر آنا	بیماری جائے صحت ہو ۔ فکر و تردد سے نجات ہو ۔
۳۸	قبر سے مردے نکلتے دیکھنا	گمشدہ کی خوشخبری پائے یا غائب آ کر خود مل جائے ۔
۳۹	قرنا دیکھنا	مکروہاتِ دنیا میں مبتلا ہو یا کسی حادثہ یا خبر بد کا سامنا ہو ۔
۴۰	قناد دیکھنا	کسی سردار سے دولت ملے یا کسی عورت شیریں گفتار سے حلاوت ملے ۔
۴۱	قند کا کوزہ دیکھنا	عورت ملیح شکر گفتار ملے یا فرزند خوش اطوار ملے ۔
۴۲	قیف دیکھنا	وصل محبوب ہو نامہ بر آئے یا قاصد پیغام رساں ہو

۴۳	قیامت برپا دیکھنا	کاموں میں ترقی ہو مراد برآئے، کتخدا ہو جائے۔
۴۴	قصر شاہی دیکھنا	قصر میں داخل ہو تو جاہ و مناصب حاصل ہوں۔ اگر باہر آئے عہدہ و مراتب سے معزول ہو۔
۴۵	قلعی گر کو دیکھنا	زیب و زینت کی نشانی ہے موجب دفع نحوست ہے
۴۶	قیمی کھانا اور دیکھنا	اگر خون نکلے یا درد ہو نحوست کی نشانی ہے اگر برعکس ہو دلیل فرحت ہے۔
۴۷	قراول کو دیکھنا	شکار عمدہ ترین ہاتھ آئے۔ کسی سے مال پائے یا نکاح کرے۔
۴۸	قالین پر بیٹھنا یا دیکھنا	اگر کشادہ دیکھے وسعتِ رزق ہو طولِ حیات پائے اگر کوتاہ دیکھے روزی گھٹے۔
۴۹ ۵۰	قبا ملنا یا دیکھنا	ریاست اور حکومت کی دستگاہ ہو قوت و منفعت خاطر خواہ ہو۔
۵۰	قاضی	خواب میں کسی جاہل کا اپنے آپ کو قاضی بنا دیکھنا رنج والم میں گرفتار ہونیکا سبب ہے۔ اگر کوئی اہل علم خواب میں قاضی بنے تو عزت و حکومت حاصل کرنے کا موجب ہے۔
۵۱	قالب (ڈھانچہ)	خواب میں جوتے یا موزہ کا قالب دیکھنا عورت اور خادم پانے سے تعبیر ہے۔
۵۲	قدم کے نشان یا (کلبوت)	خواب میں قدم کے نشان دیکھنا متابعت سے تعبیر ہے۔

۵۳	قصد کرنا	کسی کام کا قصد کرنا ہمت و طاقت سے تعبیر ہے۔
۵۴	قصّہ بیان کرنا	بیہودہ اور لایعنی کاموں میں پڑنے کا باعث ہے
۵۵	قلیہ	اگر قلیہ پانی سے پکایا جائے اور خوش ذائقہ ہو تو منفعت کا سبب ہے۔
۵۶	قے	اگر کھل کر آتی دیکھے تو تائب ہونے کا باعث ہے۔
۵۷	قید	اگر گنہگار اپنے آپ کو قید خانہ میں دیکھے تو دین کی گمراہی کے باعث غم و اندوہ میں مبتلا ہوگا۔

ک

۱	کرسی کو دیکھنا	بادشاہی ملے مزید نعمت ہو ترقی و عزت و حکومت ملے۔
۲	کرسی نشین آپ کو دیکھنا	قدر و منزلت بلند ہو، عزیز ہو۔ خدمتِ خلق خدا بے حد و انتہا ہو۔
۳	کرسی پر سے گر پڑنا۔	نوکری سے برطرف کام سے معزول ہو مفلسی سے غمگین و ملول ہو۔
۴	کعبہ دیکھنا	ثروت و بزرگی یا امن خوف سے پائے یا میراث کا مال ہاتھ آئے۔
۵	کعبہ کی طرف یا اندر جانا۔	معزول دیکھے تو مشغول کار ہو۔ مسافر کو عزیزوں کا دیدار حاصل ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

٦	کراماً کاتبین کو دیکھنا	پرہیزگار دیکھے تو نیکی پائے اگر مفسد دیکھے تو غم و سختی اٹھائے۔
٧	کافور دیکھنا	منفعت اور خیر و برکت پائے۔
٨	کبوتر دیکھنا	عورت ہو تو اشال پر تمیز ملے یا دور سے کوئی عزیز آکر ملے
٩	کبوتروں کی ٹکڑی آتے دیکھنا	دولت و نفع بے اندازہ ملے۔ بیمار کو شفا سے فرحت تازہ ملے۔
١٠	کوڑے کھانا یا مارنا۔	کوڑے کھانا اور کوڑوں کے نشان کا بدن پر ظاہر ہونا رنج والم میں مبتلا ہونے کا باعث ہے
١١	کھجور	دیکھنا یا پانا مال اور مراد کا حصول ہے۔
١٢	کھانا	اگر کھانا بدمزہ کھائے تو رنج والم میں مبتلا ہوئے اور بامزہ اور شیریں کھانا عشرت و خوشی حاصل ہونے کے مترادف ہے۔
١٣	کھرپا کا استعمال	خواب میں کھرپا سے گھاس یا خودرو پودوں کو صاف کرتے دیکھنا گناہ سے پاک ہو [illegible] کا موجب ہے
١٤	کھولنا	خواب میں کسی [illegible] کسی چیز [illegible] کا انجام پائے [illegible] تعبیر ہے۔
١٥	کوئل	خواب میں کوئل کی آواز سننا [illegible] سے تعبیر ہے۔
١٦	کیچڑ دیکھنا	خواب میں کیچڑ دیکھنا مصائب [illegible] سے تعبیر ہے۔

١٧	کیسر (زعفران)	اپنے پاس دیکھنا یا پانا مشہور و معروف ہونے سے تعبیر ہے۔
١٨	کیکڑا دیکھنا	بزدلی اور کم ہمتی سے تعبیر ہے۔
١٩	کیلا	دیکھنا یا کھانا دولت مندوں کے لئے مال سے اور دینداروں کے لئے دین سے تعبیر ہے۔
٢٠	کرگس دیکھنا	دولت و تندرستی کی دلیل ہے قوت اور خوشدلی کی دلیل ہے
٢١	کبک کو دیکھنا	مرد کو عورت خوش خلق ملے عورت دیکھے تو سنگدل مرد موم ہو جائے۔
٢٢	کوّا دیکھنا	مرد و عورت خود کام و مکّار ملے عورت کو مرد فاسق عیّار ملے۔
٢٣	کوّا یعنی ناٹو بڑا دیکھنا	تنگی رزق اور دلیل کلفت و پریشانی ہے۔
٢٤	کلاغ کو شکار کرتے دیکھنا	مالِ غنیمت کا فردوں کا ہاتھ آئے۔ محتاج و مساکین کو فائدہ پہنچائے۔
٢٥	کچھوا پاک مقام میں دیکھنا	دولت اور دین سے خرم و مسرور ہو۔ عالم باعمل اہلِ دل مشہور ہو۔
٢٦	کچھوا [illegible] میں دیکھو	زوالِ دولت و علم و ہنر ہو۔ صدمہ خوف و خطر ہو ہجوم صدمہ و خوف ہو۔
٢٧	کلنگ کو دیکھنا	[illegible] کا حبیب رہے۔ فائدہ مند خوش [illegible] رہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۹	کتا دیکھنا	دشمن ضعیف کا سامنا ہو لیکن ضرر سے بچے۔
۳۰	کلنگ کا شکار دیکھنا	کوئی سردار یا عورت دام میں آئے۔ فائدہ اس سے اٹھائے۔
۳۱	کتے بھونکتے دیکھنا	کمینوں سے خواہ مخواہ رد و بدل رہے بد اصل کا سردار ہو
۳۲	کتے کو رام کرنا	عورت سلیم الطبع ہاتھ آئے۔
۳۳	کتے کو کپڑا پھاڑتے یا کاٹتے دیکھنا	دشمن کے ہاتھ سے خفت پائے مال و دولت برباد ہو جائے۔
۳۴	کتے کو سر پر ہگتے دیکھنا	دولت حرام کی پائے یا بدکار عورت گھر میں لائے۔
۳۵	کتے کو سر پر پیشاب کرتے دیکھنا	مال و دولت تلف ہو جائے۔ حرمت جائے، ذلت پائے۔
۳۶	کانسی کھانا	خود بخود کسی سے دشمنی ہو جائے ضرر اٹھائے۔
۳۷	کلید دیکھنا	بادشاہ کا خزانچی یا صاحب خانہ ہو۔ بندۂ سخی یگانہ و بیگانہ ہو۔
۳۸	کلید آسمان ملنا	مطلب دلی بر آئے ترقی رزق ہو بیمار صحت پائے۔
۳۹	کنجی سے قفل در کھولنا	عورت باکرہ سے صحبت ہو ترقی دولت و اقبال ہو۔
۴۰	کنجی بہشت کی پانا	کافر دیکھے تو کلمہ پڑھے دیندار دیکھے تو استواری دین و ایمان ہو۔
۴۱	کرتہ یا پیراہن دیکھنا	کسی عورت سے فائدہ پہنچے یا کوئی نفع کلی دیکھے۔

۴۲	کپڑا خون آلودہ دیکھنا	کوئی دشمن حسد سے افترا باندھے وضعداری میں دھبہ لگے
۴۳	کپڑا دھونا	رنج سے رہائی ہو کسی عزیز سے رنجش دور صفائی ہو۔
۴۴	کفن پہننا یا دیکھنا	عمر دراز، سرکار سے خلعت پائے غم دنیا سے بے نیاز ہو۔ پوشاک نفیس پہننے میں آئے۔
۴۵	کشتی لڑنا	اگر مقابل کو زیر کرے فائدہ پہنچے۔ اگر خود زیر ہو تکلیف میں پڑے۔
۴۶	کشتی پر سوار ہونا	سرکار سے کوئی عہدہ یا کام پائے ترقی دولت و اقبال ہو۔
۴۷	کشتی دریا میں دیکھنا	مفلسی دور ہو، دولت سے فائدہ اٹھائے۔
۴۸	کشتی سے کنارے اترنا	مال ہاتھ آئے کلفت دور ہو دشمن پر فتح و نصرت ہو۔
۴۹	کشتی سمیت آپ کو ڈوبتے دیکھنا	بادشاہی محاسبے میں پڑ جائے، دولت تباہ ہو رنج اٹھائے۔
۵۰	کشتی خشکی میں اٹکنا	دام رنج و بلا میں پھنس جائے مکانات ضائع ہونے کا خوف ہو
۵۱	کرن آفتاب کی دیکھنا	عورت مالدار ملے نیک اخبار سے بیمار کو شفا ہو راحت بے انتہا ہو۔
۵۲	کاجل آنکھ میں لگانا	بصارت زیادہ ہو بچوں سے دل شاد ہو۔
۵۳	کھال جانور کی کھینچنا	اگر گوشت اس کا حلال ہو عزت و منفعت ہو اور اگر مردار ہو یا گوشت اس کا حرام ہو نقصان اٹھائے ناکام ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۴	کمند دیکھنا	سخت کاموں سے دوچار ہو یا شجاعت پیشہ جرأت شعار ہو۔
۵۵	کاغذ ملنا یا دیکھنا	اگر بہ خط نسخ لکھا دیکھے مالِ دُنیا سے مستغنی ہو اور اگر کاغذ سیاہ ہو حاجت سے ناامّید ہو۔
۵۶	کاکل بنانا	فاحشہ عورت کا عاشق ہو صدمۂ فرقت ہو۔
۵۷	کلیسا دیکھنا	مشترکہ عورت سے ہم صحبت ہو پردہ فاش ہونے سے بیحرمت ہو
۵۸	کمان کھینچنا	سفر سخت پیش آئے دولت و بزرگی پائے شامل حال حق کی نعمت ہو۔
۵۹	کمان میں تیر لگانا	عورت چست وچالاک پائے، خود سفر میں جائے یا بیٹا بھائی سفر سے آئے۔
۶۰	کمان بنانا	عورت حاملہ دیکھے بچہ ہو، مرد دیکھے محنت میں پڑے
۶۱	کمان و تیر اپنے واسطے بنانا	شاہ عجم یا عورت عجمی سے فائدہ پہنچے بے عزّت و توقیر ہو اور دولت ملے۔
۶۲	کھال شیر کی دیکھنا	کسی بزرگ کی میراث پائے محتاج ہو تو غنی ہو
۶۳	کھال انسان کی دیکھنا	بیوی ملنے کی نشانی ہے موجب آرائش حکومت ہے
۶۴	کھال بکری کی دیکھنا	مالِ حلال روزی ہو دشمن پر فیروزی ہو۔
۶۵	کنول روشن دیکھنا	فرزند ایساحق شناس پائے جس سے باپ کا نام روشن ہو
۶۶	کھیت کو دیکھنا	مزید علم و دولت اور نعمت ملے سرور قلب و سرسبزی کا اثر ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶۷	کھیت دیکھنا	تولد دختر نیک اختر۔ ترقی زیب و زینت ہے
۶۸	کھیت جنگل میں ہرا دیکھنا	دشمنوں کا ہجوم ہو، تھوڑی تکلیف کے بعد راحت ہو
۶۹	کھیت کاٹتے دیکھنا	محبوب سے جدائی قطع صحبت اور آشنائی ہو۔
۷۰	کھیت خشک کو ہرا دیکھنا	عورت حاملہ ہو، مفلس تو تونگر ہو ترقی نعمت و علم و ہنر ہو۔
۷۱	کوتوال دیکھنا	بادشاہی فوج کا افسر بنے زبردستوں پر ظلم ناحق کرے
۷۲	کیچڑ میں گرنا یا پھنسنا	عورت زشت خوب کو عقد میں لائے۔ روز کی ردو بدل سے عافیت تنگ ہو۔
۷۳	کباب کھانا	مسرور ہو۔ کلفت ساری دُور ہو۔
۷۴	کباب بھوننا	رنج ومصیبت چاشنی موت کی زبان پہ آئے۔
۷۵	کھچڑی دیکھنا یا کھانا	عورت دیکھے شادی ہو، مرد بیوی پائے۔ آپس میں محبّت رہے۔
۷۶	کمرد یکھنا	شیفتہ عورت بدخو ہو دوستوں سے ترش رو ہو۔
۷۷	کدو دیکھنا	پرہیزگار بیوی لائے فائدہ اسکی ذات سے پائے۔
۷۸	کرم کلّہ دیکھنا	نعمت کھائے شکر باری کرے امیر ہو لنگر جاری کرے
۷۹	کاسو کلہ کھانا	رفع بیماری ہو، بخت و باری سرسبزی پائے۔
۸۰	ککڑی کھانا	بزرگ مرتبہ ہو مال و دولت پائے، عزّت پائے
۸۱	کشمش دیکھنا	شوکت و دبدبہ سوا ہو جائے دولت و نعمت پائے
۸۲	کمر کا ٹوٹنا	بھائی مر جائے جیسا کہ سیّدالشہدا نے فرمایا حضرت عباس کی شہادت

		پر فرمایا - میری کمر ٹوٹ گئی ۔
۸۳	کمر بند باندھنا	قوت وصحت پائے ہر طرف توانائی ہو۔
۸۴	کچنال کی کلی پختہ کھانا	طعام لذیذ کھائے بیماری رفع ہو یا عورت کمسن ملنے سے نفع حاصل ہو۔
۸۵	کنویں میں گرنا یا گرتے دیکھنا	حاکم دیکھے عہدہ سے معزول ہو رعیت دیکھے تو نوکری جانے سے ملول ہو۔
۸۶	کوزہ گر کو دیکھنا	مرد باخیر وبرکت ہو ترقی جاہ وحشمت ہو۔
۸۷	کوزہ دیکھنا	عورت نازنین حکم برداری کرے۔ یا لونڈی باکرہ ہمبستر ہو غمخواری کرے ۔
۸۸	کوہ کا لرزنا یا گرنا	والئ ملک پر کوئی آفت آئے یا وہاں کا زمیندار مرجائے
۸۹	کوہ قاف کی سیر کرنا	شاہ ہفت کشور، سکندر جاہ وتصرف شش جہت میں اس کا خیر خواہ ہو۔
۹۰	کوہ طور سینا پر اپنے آپ کو دیکھنا	بادشاہ کا معتمد ہو ۔ مراد برآئے بلند رتبہ ہو۔ یا عہدۂ سفارت پائے ۔
۹۱	کنگھی بالوں میں کرنا	غم ورنج دور ہو ۔
۹۲	کنگھی ملنا یا دیکھنا	عورت آشفتہ دل سے محبت ہو، دفع دشمن ہو دل کو راحت ہو ۔
۹۳	کنگھی پرانی گم ہونا	غم سے فارغ البال، مسرت شامل حال ہو۔
۹۴	کڑا ہاتھ کا دیکھنا	عورت دیکھے اولاد ملے۔ مرد دیکھے شوہر ملے قیدی

		زندان سے چھوٹے یا پاؤں سے بند گراں ٹوٹے ۔
۹۵	کان دیکھنا	نکاح کرے یا خبر نیک سننے میں آئے ۔
۹۶	کان اپنا کٹا دیکھنا	بہن یا پھوپھی مرجائے غم ورنج پائے ۔
۹۷	کان جدا دیکھنا	بیوی کو طلاق دے یا اولاد کی موت کا غم ہو۔
۹۸	کان چوڑا یا لمبا دیکھنا	داستان گوؤں سے صحبت ہو، جھوٹی باتوں سے دل کو رغبت ہو ۔
۹۹	کانا آپ کو دیکھنا	مسافر ہو تو راہ بھول جائے فرزند کی موت کا غم پہنچے ۔
۱۰۰	کانے کو دیکھنا	چشم بد دور راحت ملے اولاد کی ترقی دیکھے ۔
۱۰۱	کان جو یہ دیکھنا	عورت خوش نصیب عالی نسب ملے اولاد اہل اللہ ہو، فرحت ودولت پائے ۔
۱۰۲	کافر ہونا	ترقی مال کی ہو یا کوئی مرض بڑھ جائے راحت جاتی رہے زحمت اٹھائے ۔
۱۰۳	کانٹا دیکھنا	محبوب کی بیوفائی ظاہر ہو بدکاری وخیانت میں ماہر ہو
۱۰۴	کفش ساز کو دیکھنا	بڑی محنت سے کچھ فائدہ ملے تدبیر ومحنت اکثر ضائع ہوجائے ۔
۱۰۵	کشتی کو دیکھنا	لوگوں کو فریب دے راہ راست سے پھرے عزیزوں کو آرام رہے ۔
۱۰۶	کتاب لکھنا	شادی وفرح اور منفعت ومال کی نشانی ہے۔
۱۰۷	کتاب کھول کر پڑھنا	لوگوں سے مباحثہ وتکرار ہو کدورت اور رنجش میں گرفتار ہو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۰۸	کجاوے میں بیٹھنا	حکومت پہنچے، مال وحشمت ملے۔
۱۰۹	کپڑا جلا ہوا دیکھنا	خیر و برکت سے دور ہو دوست دلسوز دشمن مغرور ہو۔
۱۱۰	کپڑوں کا بدن یا لباس میں دیکھنا	ترقی حشمت و جلال ہو۔ زیادتی فرزند و مال و دولت ہو۔
۱۱۱	کپڑوں کا بدن یا لباس سے دور کرنا	اہل و عیال سے دوری ہو، تلخ عشرت رنج و مہجوری ہو۔
۱۱۲	کوڑا کرکٹ گھر میں جمع دیکھنا	حصول نعمت و مال کی نشانی ہے دلیل خرمی و شادمانی ہے۔
۱۱۳	کوڑا اپنے گھر کا کسی کو جلاتے یا ضائع کرتے دیکھنا	بادشاہ یا حاکم اس کا مال چھین لے تنگ دستی سے نہایت رنج و غم پہنچے۔
۱۱۴	کپّہ گھی کا دیکھنا	عمر دراز ہو خیر و برکت ہاتھ آئے۔ عورت ملے یا مال میراث عورتوں کا پائے۔
۱۱۵	کژدم خورہ کو دیکھنا	دلیل دشمن سخت ودانا ہے۔ سختی و رنج اٹھائے۔
۱۱۶	کرن پھول دیکھنا	عورت مالدار ملنے کی امید ہے اور زیور اس کا بنوانے کی نشانی ہے۔
۱۱۷	کلاہ سر پر پہننا	مرد دیکھے تو سردار ہو جائے۔ عورت دیکھے تو شوہر مالدار ہاتھ آئے۔
۱۱۸	کلاہ تتری دیکھنا	افسری اور بہتری پائے مکر و فریب سے روزی ہاتھ آئے۔
۱۱۹	کمبل اوڑھنا	درویش دیندار تارک دنیائے ناپائیدار ہو۔

۱۲۰	کتان کو دیکھنا	حسین لونڈی یا بیوی ملے۔ روزی حلال، پاکیزہ فرزند نیک نام ملے۔
۱۲۱	کمال دیکھنا	روشنی آنکھوں کی اور زیادہ ہو علم و ہنر والا ہو۔
۱۲۲	کفِ دریا کو دیکھنا	بادشاہ یا کسی بزرگ سے نفع ہو کلفت و مفلسی دور ہو
۱۲۳	کلیجہ کھانا	مال حلال بہ آسانی کھائے روزی کا در کھلے۔
۱۲۴	کھرپا دیکھنا	بیکار لیاقت پسند آئے محنت سے روزی کمائے۔
۱۲۵	کرہا دیکھنا	کسی عورت سبز رنگ کو بہکا لائے یا بیماری سے صحت پائے
۱۲۶	کتیرہ دیکھنا	مرد بخیل سے تھوڑا نفع ہو تکلیف رفع ہو۔
۱۲۷	کنول کٹا دیکھنا	بیمار کو صحت ملے دل کو راحت پہنچے مفلس سے دولت مند یا فرزند پیدا ہو۔
۱۲۸	کولہ کھانا یا دیکھنا	عورت حسین اور مالدار پیدا ہو، مال و دولت ملے یا دختر خوش اقبال پیدا ہو۔
۱۲۹	کولہ دیکھنا	مبتلائے بلا و محنت ہو، حاصل کلفت و نحوست ہو۔
۱۳۰	کاتنا	خواب میں کاتنا کپڑے کی تجارت کرنا اور اس سے فائدہ حاصل ہونیکی علامت ہے۔
۱۳۱	کاشت کاری	خواب میں کاشتکاری کرنا ترقی عزت اور کسی بزرگ سے فیض حاصل کرنیکے مترادف ہے۔
۱۳۲	کا بتنا	خواب میں جسم کا کا پنا امانت میں خیانت کرنے کی علامت ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۳۳	کاغذ خریدنا	علم سے تعبیر ہے۔
۱۳۴	کانجی پینا	غم و اندوہ سے تعبیر ہے۔
۱۳۵	کھٹائی	خواب میں ترش چیز بالخصوص کھٹے میووں کا کھانا غم والم سے تعبیر ہے۔
۱۳۶	کرکٹ کھیلنا	دوستوں میں محبت بڑھنے اور کسی گم شدہ عزیز کے ملنے سے تعبیر ہے۔
۱۳۷	کڑک سُننا	لوگوں سے خائف ہونیکی دلیل ہے۔
۱۳۸	کِسان	خواب میں کسان کو کام کرتے دیکھنا متوکل ہونے اور رزق حاصل ہونیکی نشانی ہے۔
۱۳۹	کلہاڑی	خوفناک اور منافق مددگار کے مترادف ہے
۱۴۰	کوڑی دیکھنا	آوارہ اور خادمہ عورت سے تعبیر ہے۔

گ

۱	گاجر دیکھنا	موسم میں مال و دولت کی نشانی ہے۔ غیر موسم میں اندیشہ و پشیمانی ہے۔
۲	گوبر دیکھنا	دولت پائے فرزند تولد ہو، حاجت بر آئے۔
۳	گوبھی دیکھنا	عورت پائے یا دختر پیدا ہو، راحت پائے۔
۴	گھاس ہری دیکھنا	مال دُنیا سے بے نیاز رہے جہان میں سرفراز رہے
۵	گلاب دیکھنا	محترم و عالی رتبت ہو مال میں نفع، رفع حاجت ہو

۶	گل سُرخ باغ میں دیکھنا	عورت زردار یا لونڈی باکرہ پائے مالِ دُنیا سے مالا مال ہو جائے۔
۷	گیند کھیلنا	عورت فربہ پرمایہ سے مال ملے یا مکان و زمین کا مالک ہو جائے۔
۸	گائے کو دیکھنا	اگر فربہ دیکھے ارزانی غلّہ ہو دولت پائے اور اگر لاغر دیکھے تو گرانی ہو تکالیف اٹھائے۔
۹	گدھا لدا ہوا دیکھنا	ترقی مال و دولت ہے مکروہات سے چھوٹنے کی نشانی ہے
۱۰	گدھا پایا دیکھنا	عورت حیلہ سے سابقہ ہو۔
۱۱	گدھے پر سوار دیکھنا	اگر سرخ رنگ ہے عشرت کی دلیل ہے اگر سفید ہو افزونیٔ مراتب کی سبیل ہے۔
۱۲	گوٹا	خواب میں گوٹا دیکھنا ظاہرداری سے تعبیر ہے۔
۱۳	گوّیا	کسی گویے کو یا خود گاتے دیکھنا فتنہ و فساد کی طرف مائل ہونے کا موجب ہے۔
۱۴	گھٹنا دیکھنا	عیش و عشرت سے تعبیر ہے۔
۱۵	گھنگرو دیکھنا	لڑائی جھگڑے سے تعبیر ہے۔
۱۶	گیدڑ دیکھنا	گیدڑ کی تلاش کرنا دیکھے اور گیدڑ نہ مل سکے اور نہ پکڑا جا سکے تو بیمار ہونے کی علامت ہے۔
۱۷	گرجا	گرجا میں جانا اور وہاں عبادت کرنا گناہوں سے توبہ کرنے کے مترادف ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۸	گرجنا بادل کا	سننا بیماری سے شفا ہونے اور کسی اچھی خبر سننے کے مترادف ہے ۔
۱۹	گرد اڑانا	خواب میں گرد اڑتے دیکھنا مصیبت پڑنیکے مترادف ہے
۲۰	گردہ کا درد	درد گردہ دیکھنا صفائی قلب کا باعث ہے ۔
۲۱	گرز دیکھنا	دوست صادق سے تعبیر ہے ۔
۲۲	گروہ	خواب میں گروہ دیکھنا یا کسی گروہ میں شامل ہونا فتنہ وفساد میں شامل ہونے کے مترادف ہے ۔
۲۳	گڑھا	خواب میں زمین کا گڑھا مالِ مکر سے تعبیر ہے ۔
۲۴	گلدستہ	بنانا فتنہ و فساد سے تعبیر ہے ۔
۲۵	گلقند	خواب میں جس قدر گلقند دیکھے اسی قدر مال و نعمت حاصل ہونیکا سبب ہے ۔
۲۶	گلوبند	اگر خواب میں گلوبند سونے یا چاندی کا جس قدر بیش قیمت موتیوں سے جڑا دیکھے اسی قدر منزلت حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۲۷	گنا	اگر کوئی شخص خواب میں گنا پائے یا کھائے تو مال ونعمت حاصل کرنے کے مترادف ہے ۔
۲۸	گنبد دیکھنا	عورت سے تعبیر ہے ۔
۲۹	گو بھیا	اگر خواب میں کسی پر گوبھیا چلائے تو اس شخص پر نفرت کرنیکا سبب ہے ۔

۳۰	گودڑی دیکھنا یا پانا	یا پہننا بلندیٔ مرتبہ سے تعبیر ہے ۔
۳۱	گور	خواب میں گور کا دیکھنا دنیا سے نفرت اور دین کی رغبت سے تعبیر ہے (باقی تعبیر قبر میں دیکھئے)
۳۲	گوند	خواب میں گوند بچے کھچے مال سے تعبیر ہے ۔
۳۳	گوندھنا	آٹا گوندھنا درستیٔ دین سے تعبیر ہے ۔
۳۴	گوہ	خواب میں گوہ دشمن سے تعبیر ہے ۔
۳۵	گوُہ	خواب میں گندگی کا دیکھنا رزق حاصل ہونے سے تعبیر ہے ۔
۳۶	گدھا زرد رنگ پر سوار ہونا	رنجوری کی نشانی ہے ۔ دلیل پژمردگی و پشیمانی ہے ۔
۳۷	گدھے سے اترنا	دلی مطلب برآئے راحت وآرام پائے ۔
۳۸	گدھا خرید کے گھر میں باندھنا	نعمت و مال و دولت زیادہ ہو باب عیش و تونگری زیادہ ہو ۔
۳۹	گدھا اپنا اندھا دیکھنا	مال امانت ضائع ہو دفینہ گم ہو جائے تکلیفِ معاش سے رنج والم کھائے ۔
۴۰	گدھا اپنا خچر ہوتے دیکھنا	سفر کو جائے منفعت ہو ، مالِ دنیا سے غنی ہو خورسندی ملے ۔
۴۱	گدھا اپنا گھوڑا بنتے دیکھنا	بادشاہ ہو جائے یا سرداری ہو ، یا کسی چور سے فائدہ پائے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۲	گدھا اپنا بلاؤ بنا ہوا دیکھنا	مال فریب سے ہاتھ آئے یا کسی چور سے فائدہ پائے۔
۴۳	گدھا اپنا بکری بنا ہوا دیکھنا	مال حلال بلا محنت پائے اگر مفلس ہو تو تونگر ہو جائے۔
۴۴	گدھا ذبح کر کے گوشت کھانے کا عزم کرنا	ضائع اپنی معاش کرے دولتمندی و تونگری تلاش کرے۔
۴۵	گدھا اپنا یا گھر کو کھاتے دیکھنا	بیمار ہو مگر جلد ہی شفائے کامل پائے نقصان مال کا ضرر حاصل ہو۔
۴۶	گدھا اپنا چور کو لے جاتے دیکھنا	بیوی یا لونڈی سے بدکام ہو۔ عورت کو طلاق دے۔
۴۷	گدھے کی آواز سننا	بیوی سے بے سبب خفا ہو بدکاری میں خود گرفتار رہا ہو۔
۴۸	گدھا پیٹھ پر لادنا	دستگیری بخت کو منظور ہو تنگدستی اور کلفت دور ہو۔
۴۹	گینڈا دیکھنا	عتاب شاہی میں گرفتار ہو دولت قوی اور غمخوار ہو۔
۵۰	گینڈا بندھا دیکھنا	کسی سردار کا مصاحب ہو، عالی قدر ہو۔
۵۱	گینڈے پر سوار ہونا	ترقیٔ دولت و شجاعت ہو دشمن سخت پر فتح و نصرت ہو۔
۵۲	گدیا ماشہ آموختہ دیکھنا	بادشاہی پائے دشمن پر فیروزی ہو۔ مقصد بر آئے فرزند کی روزی ہو۔
۵۳	گھوڑا دیکھنا	کسی ولایت کا فرمانروا ہو یا دربار میں قدر و منزلت ہو
۵۴	گھوڑی دیکھنا	عورت عالی وقار سے شادی ہو مراد بر آئے۔ خانہ آبادی ہو۔
۵۵	گھوڑے پر سوار ہونا	حصولِ جاہ و ثروت ہو وفور مال و دولت ہو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۶	گھوڑا مشکی دیکھنا	بادشاہ یا حاکم عالی جاہ ہو یا عورت تابعدار ہو۔
۵۷	گھوڑا اشہب دیکھنا	دولت و سرداری ملے بکروہات دنیا سے رستگاری ملے۔
۵۸	گھوڑا ابلق دیکھنا	شجاعت میں شیر ہو جرأت میں سوار ہو اور خلق میں مشہور ہو۔
۵۹	گھوڑا اسمند یا وزوہ دیکھنا	زخم کھائے جسم پر یا بہت زیادہ بیمار ہو صدقہ دینے سے بلا دور ہو۔
۶۰	گھوڑا اڑجل دیکھنا	نحوست و بیماری یا موت کی نشانی ہے۔
۶۱	گھوڑے پر کسی کے ساتھ بیٹھنا۔	حاکم کی پیشدستی کرے یا حکومت پائے دشمن پر غالب ہو یا غیر کی عورت گھر میں لائے۔
۶۲	گھوڑا دوڑانا	فوج کا افسر یا ندیم شاہ ہو آسمان دولت و علم کا ماہ ہو۔
۶۳	گاڑی یا رتھ پر سوار ہونا	مال و دولت ملے قدر و منزلت بڑھے۔
۶۴	گیہوں دیکھنا	روزی رنج و خفت سے پائے مال بڑی محنت سے ملے
۶۵	گروہ نان دیکھنا	دوست یا بھائی سے الفت بڑھے۔ خادمہ یا رفیق ملے۔
۶۶	گھی کھانا یا دیکھنا	مال و دولت کی نشانی ہے باعث رفع رنج و خفت ہے۔
۶۷	گرم پانی پینا۔	شدت تپ ہو۔ بیماری طول کھینچے۔ دیر میں صحت ہو۔
۶۸	گل دیکھنا یا توڑنا	بچہ پیدا ہو خوشخبری کی نشانی ہے مال و دولت ہاتھ آئے
۶۹	گرزن پر سوار ہونا	عورت عفیفہ و جمیلہ یا کنیز نیک سیرت ملے۔
۷۰	گردن کٹ کے سر جُدا ہونا	مومن کو حج و زیارت بیمار کو شفا ہو۔ مراد بر آئے قرض سے نجات ہو۔

۷۱	گوسفند یا گائے قربانی کرنا	غم و اندوہ سخت سے رہائی ہو۔ کلفت جائے۔ بیماری سے شفا ہو۔
۷۲	گوسفند گم ہو جانا	مال کا نقصان زیادہ ہو رنج و غم میں مبتلا ہو۔
۷۳	گوسفند کی کلیجی دیکھنا	مال و دولت کی نشانی ہے۔
۷۴	گوسفند کا گردہ دیکھنا	عورت شریف کمسن پائے۔
۷۵	گوسفند کا گردہ کسی سے پانا	مالِ غنیمت ہاتھ آئے روزی حلال و پاکیزہ ہاتھ آئے۔
۷۶	گاؤ سیاہ پر بیٹھنا	سرداری پائے یا مال و دولت بیشمار ملے۔ فکر معیشت سے نجات ہو۔
۷۷	گوسالہ دیکھنا	دولت و مال بے اندازہ پائے۔ لونڈی غلام حبشی یا بیوی مالدار ملے۔
۷۸	گوسالہ گھر میں لیجانا	مصیبت میں پڑجائے دن رات رنج و غم کھائے۔
۷۹	گوبر میں دیکھنا	جلیل و نعمت کی نشانی ہے۔ خیر و برکت کی علامت ہے۔
۸۰	گوشت خام دیکھنا	[illegible]ام کھائے بھائیوں سے رنجش ہو جائے۔
۸۱	گوشت پختہ کھانا	بادشاہ سے انعام ملے رعیت پیشکشِ دولت کرے۔
۸۲	گوشت سیمرغ کھانا	بادشاہ سے دولت یا عہدہ پائے مرتبہ بلند کام بالا ہو جائے یا عورت پارسا سے کتخدا ہو دختر پاکیزہ اس سے پیدا ہو۔
۸۳	گوشت گائے کا کھانا	مال میراث ہاتھ آئے دولت بیشمار ملے۔

۸۴	گوشت گدھے کا کھانا	ترک اپنی معاش کرے دولتمندی کی تلاش کرے۔
۸۵	گوشت سُور کا کھانا	طعام نجس یا مالِ حرام پائے بیحرمت و بے حیا مشہور ہو جائے۔
۸۶	گوشت نیولے کا کھانا	لڑائی میں نامور ہو جائے بزرگی و عزّت پائے۔
۸۷	گوشت سور کا کھانا	لڑائی میں نامور ہو۔ بیحیا ہو جائے۔
۸۸	گوشت مچھلی یا بھیڑ کا کھانا	مال عورت کا صرف میں لائے بے نیاز اور مالامال ہو جائے۔
۸۹	گوشت کچھوے کا کھانا	علم حاصل ہو۔ خلق میں پرہیزگار کامل ہو۔
۹۰	گوشت شتر مرغ کا کھانا	مردم دہقانی نے نفع ہو مفلسی ساری رنج ہو۔
۹۱	گوشت دنبہ کا کھانا	بادشاہ ظالم رحم کھائے درہم و دینار عطا فرمائے۔
۹۲	گوشت خرگوش کا کھانا	کسی عورت سے کوئی چیز پائے یا عورت مالدار ہاتھ آئے
۹۳	گوشت سانپ کا کھانا	دشمن کا مال تصرف میں آئے دشمن رنگ دوستی لائے۔
۹۴	گوشت چھپکلی کا کھانا	مال حرام کسی مفسد سے آئے، تصرف میں لائے۔
۹۵	گوشت بلّی کا کھانا	مال چوری کا بقدر اس کے حاصل ہو مردار خواری مردم آزاری پر مائل ہو۔
۹۶	گوشت الکلک کا کھانا	کسی زمیندار کا مدار المہام ہو جائے کسی دہقانی کا مال کھانے میں آئے۔
۹۷	گوشت الّو کا کھانا	مال چوری یا رشوت کھائے۔ مردار خواری پسندِ خاطر آئے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۹۸	گوشت قمری یا بیرن کا کھانا	کسی حسین عورت سے مال ملے۔ لطف صحبت سے اس کی خوش ہووے۔
۹۹	گوشت ابابیل کا کھانا	مال دشمن کا جانکاہی سے پاوے یا بیمار ہو جاوے۔
۱۰۰	گوشت بٹیر کا کھانا	رزق حلال پاوے یا لڑکا عورت ملے۔
۱۰۱	گوشت کا کھانا	کوئی پلید عورت جادو کرے دام میں اپنے فریب و مکر میں پھنسے۔
۱۰۲	گوشت مرغابی کا کھانا	بزرگی اور سرداری پاوے یا کہیں کا حاکم ہو جائے۔
۱۰۳	گوشت ہما کا کھانا	بخت اس کا بلند ہو جائے یا کسی سلطان سے نفع پائے
۱۰۴	گوشت چرخ کا کھانا	فرزند سے نقصان پائے صدمہ و اندوہ و غم پائے
۱۰۵	گوشت ساہی کا کھانا	مخالف کا مال کھائے فتح و نصرت غیب سے پائے
۱۰۶	گوشت لومڑی کا کھانا	مکروہات دُنیا سے رہا ہو لیکن مال حلال کھانے سے رہا ہو
۱۰۷	گوشت نہنگ کا کھانا	مال و منال بے حد و بے انتہا پائے قدر و منزلت جہاں میں بڑھ جائے۔
۱۰۸	گوشت ہاتھی کا کھانا	بادشاہ سے مال نعمت پائے مرد مفلس تونگر ہو جائے۔
۱۰۹	گوشت زیچہ کا کھانا	کوئی صدمہ ضرور دل پر ہو یا مال حرام میسّر ہو۔
۱۱۰	گورخر کو دیکھنا	کسی امیر کبیر سے انعام ملے۔
۱۱۱	گورخر کا شکار کرنا	بخت یاور ہو غنیمت کا مال ملے تونگروں میں عزّت و حرمت بڑھے۔
۱۱۲	گورخر کا مغز پانا	کسی سردار سے صحبت بڑھے ہزار درہم پائے خیر و

		برکت و منفعت بڑھ جائے۔
۱۱۳	گورستان دیکھنا	عمر رفتہ کا افسوس کرے اندیشہ و پریشانی ہاتھ آئے۔
۱۱۴	گورستان پر جانا	مکروہات بیجا میں پھنسے اپنا بیگانہ کنارہ کش ہو جائے
۱۱۵	گوشوارہ ملنا	عورت کی زینت بڑھے فرزند کی روزی ہو۔ مرد کو مال سے نفع دشمن پر فیروزی ہو۔
۱۱۶	گوشوارہ مروارید چُننا	مرد دیکھے تو حافظ قرآن و عارف رحمان ہو عورت کو شوہر سے محبّت بڑھے۔ فرزند جنے۔
۱۱۷	گھر زمین پر بنانا	دُنیا میں نیک کام ہو دو جہان میں نیکی ملے۔
۱۱۸	گھر سوتے کا دیکھنا	مال برباد ہو اسباب جل جائے مفلسی سے رنج اٹھائے
۱۱۹	گھر نیا کار و منقش دیکھنا	محبوب حسین سے دل لگائے خود چھپ کر جائے یا اس کو بلوائے۔
۱۲۰	گھر میں غیر کے جانا	دشمن پر فتح و ظفر پائے دلیری اور قوت بڑھ جائے۔
۱۲۱	گھر میں آتشکدہ دیکھنا	بادشاہ سے بڑے بڑے کام نکلیں۔ بیمار کو شفا ہو راحت و آرام پائے۔
۱۲۲	گاجر دیکھنا	سختی و رنج کی نشانی ہے موجب تفکر و پریشانی ہے
۱۲۳	گاجر کھانا	فرحت و انبساط حاصل ہو صحتِ نفس و قوت دل ہو۔
۱۲۴	گالی کھانا	فلاکت سے پریشان حال، ترقی فقر ہو۔
۱۲۵	گرگٹ کالا دیکھنا	نحوست کی نشانی ہے صدقہ دے تاکہ آرام ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۲۶	گاؤں بن جانا	اگر آباد ہے روزی اور منفعت پائے اور ویران دیکھے تو پریشانی ملے ۔
۱۲۷	گانا سُننا	بیہودگی اور مصیبت سے تعبیر ہے ۔
۱۲۸	گاؤزبان دیکھنا یا کھانا	جنگ و جدل سے تعبیر ہے ۔
۱۲۹	گنگا دیکھنا	ترقی قوت سے تعبیر ہے ۔
۱۳۰	گدائی کرنا	کوشش و ہمت سے تعبیر ہے ۔
۱۳۱	گدھ دیکھنا	پرندوں کے سردار سے تعبیر ہے ۔
۱۳۲	گزرگاہ (راستہ)	اس پر چلتے دیکھنا دین سے تعبیر ہے ۔

ل

۱	حضرت لوطؑ کو دیکھنا	عورت خود کام فریب سے رام کرے پشیمانی و خجالت دے یا بدنام کرے ۔
۲	لوطی کو دیکھنا	بد کاموں پر رغبت ہو صرف بیجا سے تنگ راحت ہو
۳	لوح محفوظ دیکھنا	علم و حکمت سے فائدہ اٹھائے خوشنویسی میں نامور ہو
۴	لال کو دیکھنا	حسین عورت شائستہ اولاد ملے مستغنی المال ہو دولت و نعمت ملے ۔
۵	لال کو دیکھنا یا آواز سُننا	خیر و برکت اور کثرت اولاد ہو، دولت زیادہ، خانہ آباد ہو ۔

۶	لوہار کو دیکھنا	بادشاہی عملہ یا افسری فوج ہو مال و اسباب سے حاصل تونگری ہو ۔
۷	لوہا یا لوہے کی چیز دیکھنا	بخت یاور ہو، روز بدنہ دیکھے رئیس کے باعث بزرگ کام ملے ۔
۸	لونڈی خریدنا	مال و نعمت کی نشانی ہے ۔
۹	لیزم ملانا	رقاصہ سے معاشرت و قوت ہو ۔
۱۰	لنگور دیکھنا	دشمنوں کا سامنا ہو صدقہ دے رد بلا ہو ۔
۱۱	لشکر کو دیکھنا	ترقی شکوہ و حشمت یا بارانِ رحمت بکثرت ہو ۔
۱۲	لومڑی پکڑنا یا پانا	عورت یا لونڈی مکارہ ہاتھ آئے، مال کا نقصان ہو برباد ہو جائے ۔
۱۳	لومڑی سے کھیلنا	عورت کمسن بیاہ لائے یا لڑکی پیدا ہو یا کسی سے فریب کرے، کسب کی اٹھائے ۔
۱۴	لڑکا چھوٹا مصروف دیکھنا	تولّد فرزند کی خوشی ہو ۔
۱۵	لڑکا مجہول بدصورت دیکھنا	دشمن سخت کا سامنا ہو رنج و محنت میں مبتلا ہو ۔
۱۶	لڑکا حسین بالغ دیکھنا	ترقی دولت جاہ و جلال ہو ۔
۱۷	لڑکی حسین دیکھنا	مال و نعمت کی دلیل ہے ۔
۱۸	لڑکی کمسن معروفہ کو دیکھنا	بادشاہ یا کسی سردار کا مشیر ہو ۔ عہدۂ بزرگ اور عزت و توقیر ملے ۔
۱۹	لوبیا دیکھنا	مال حلال پانے کی نشانی ہے ۔ صحت ہونے نعمت پانے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		کی دلیل ہے ۔
۲۰	لہسن اور پیاز دیکھنا	تروتازہ دیکھے تو نعمت اور کامرانی خشک دیکھے تو ناکامی اور پشیمانی ہو ۔
۲۱	لونگچڑے کھانا	عورت خوش اخلاق بازاری ملے یا مرد خوش باش سے صحبت بڑھے ۔
۲۲	لگام دیکھنا	عورت ہمیشہ حکم برداری کرے دشمن اور بدگویوں کی زبان بند رہے ۔
۲۳	لونگ دیکھنا یا بانٹنا	نیکنامی میں شہرۂ آفاق ہو۔ خلق میں مشہور خوش اخلاق ہو ۔
۲۴	لباس دیکھنا	ریشمی مال مطلوبہ ہو سرسبزی کی بشارت ہے زرد بیماری آسمانی مصیبت کی علامت ہے ۔
۲۵	لباس علاوی ارغوانی یا گیروا دیکھنا	دولت وخیر ومنفعت پائے یا کوئی مہم پیش آئے زمرۂ فقراء میں داخل ہو ۔
۲۶	لباس دھانی پہننا	عورت سے صحبت ہو یا کسی مرد مقدس سے منفعت ہو۔
۲۷	لباس سیاہ پہننا	ماتم وحزن وملال کی کامل دلیل ہے ۔ صدمہ جانکاہ ورنجش دل ہو ۔
۲۸	لباس فروخت کرنا	سوداگری سے منفعت پائے یا کسی عزیز سے رنجش پیدا ہو ۔
۲۹	لکلک کو کوٹھے پر دیکھنا	حاکم کے سامنے قدر ومنزلت پائے یا کوئی سردار

		اس کے گھر میں آوے ۔
۳۰	لحاف دینا دیکھنا یا خریدنا	بیوی حاملہ ہو یا کنیز باکرہ خریدے ۔ عزت بڑھے مرتبہ بلند ہو ۔
۳۱	لقوہ سے منہ اپنا ٹیڑھا دیکھنا	راہ منافی دکھی پسند آئے لوگوں میں فقیر و ذلیل ہو جائے ۔
۳۲	لیموں یا لعوق چاٹنا	اگر شیریں ہے دلیل خیر وبرکت ہے اور اگر ترش ہے نشانی شر و کلفت ہے ۔
۳۳	لڑنا کسی حیوان سے اور زیر کرنا	دشمن پر مظفر اور منصور ہو۔ رنج وغم اور فکر و تردد ہو ۔
۳۴	لڑنا اجنبی لوگوں سے	رنج وغم میں مبتلا ہو فتنہ و فساد برپا ہو۔
۳۵	لڑائی شہر یا گاؤں میں دیکھنا	طاعون و وبا کا شور ہو یا ملک میں ظالموں کا درد ہو۔
۳۶	لاٹھی دیکھنا	باعزت اور بزرگ ہونیکی دلیل ہے ۔
۳۷	لسی	خواب میں لسی کا خریدنا غم واندوہ میں مبتلا ہونے اور اس کا پینا بیماری میں مبتلا ہونیکا باعث ہے۔
۳۸	لکڑی سے کوئی چیز بنانا	خواب میں لکڑی تراشنا یا لکڑی سے کوئی چیز بنانا کسی منافق کا خیر خواہ ہونے کے مترادف ہے ۔
۳۹	لکھنا	خواب میں کچھ لکھنا مکر وحیلے سے کسی کا مال لینے سے تعبیر ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۰	لنگڑا	اپنے آپ کو لنگڑا دیکھنا لوگوں کی نگاہ میں ذلیل اور مخلوق میں بد نام ہونے سے تعبیر ہے۔
۴۱	لوٹ	اگر خواب میں لوگوں کو اپنا مال لوٹتے دیکھے رنج والم میں گرفتار ہونیکی علامت ہے۔
۴۲	لوٹا	خواب میں تانبے یا بھرت کا لوٹا خادم سے تعبیر ہے۔
۴۳	لید	گائے یا گھوڑے کی لید دیکھنا مال و نعمت کی دلیل ہے۔

م

۱	حضرت موسیٰؑ کو دیکھنا	دشمن سے مامون رہے ظفر پائے عدو ہلاک ہو دلی مراد بر آئے۔
۲	حضرت محمد مصطفےٰؐ کو دیکھنا	شرف دوجہان کا ملے۔ سعادت اور قدر و منزلت بڑھ جائے۔
۳	میزان برج کو دیکھنا	حاکم یا سردار عالیجاہ ہو مال دُنیا سے نفع ملے۔
۴	میکائیلؑ کو دیکھنا	روزی کشادہ ہو رنج و غم سے آزاد ہو رحمت پروردگار ہو مستغنی ہو۔
۵	مشتری کو دیکھنا	بادشاہ کا وزیر ہو دُنیا میں عزت و توقیر ہو یا عورت صاحب جمال و مال ملے۔
۶	مریخ کو دیکھنا	لشکر کا سپہ سالار ہو یا قوم کا سردار ہو۔ خوش اطوار ہو۔
۷	مسجد بنانا	نیک روزی خیر و برکت پائے۔
۸	مسجد جامع میں جانا	خیر و برکت حاصل ہو حج سے مشرف اور کعبہ میں داخل ہو

۹	محراب مسجد میں پشت کر کے بیٹھنا	توکل بحد نعمت پائے۔ منزلت دُنیا سے رہا ہو۔
۱۰	مسجد جامع دیکھنا	بادشاہ یا قاضی اور یا شہر کا کوتوال ہو۔
۱۱	مسجد آباد یا بنتے دیکھنا	بزرگوں سے کام پیش آئے۔ برکت پائے۔
۱۲	مسجد میں نماز پڑھنا	سفر کو جائے مال بہت سا پائے۔
۱۳	مسجد میں سواروں کو دیکھنا	مسلمانوں پر کافروں کا ظلم ہو شہر میں مشرکوں کا دَور ہو۔
۱۴	منبر یا منارہ دیکھنا	رئیس قوم یا شہر کا قاضی ہو۔ دولت سے غنی ہو۔
۱۵	منبر یا منارہ پر جانا	مرتبہ بلند ہو ریاست پائے۔ اگر امیر ہے جاہ و حشم فزوں ہو۔
۱۶	منارہ گرتے یا ٹوٹتے دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے ضرر پائے حکام کا حال زبوں اور سُست ہو جائے۔
۱۷	مؤذن دیکھنا	مومن و پرہیزگار ہو۔
۱۸	مناجات کرتے دیکھنا	بادشاہ کی مہربانی ہو شہرت و کامرانی ہو۔
۱۹	مشک کو دیکھنا	بزرگ و صاحب اخلاق ہو۔ ناموری میں شہرۂ آفاق ہو۔ عورت اور لونڈی مال شوہر و آقا کا پاوے۔ اگر سونگھے تو فرحت مشام ملے
۲۰	مگرمچھ کو دیکھنا	دشمن کا سامنا ہو۔ مصیبت میں مبتلا ہو۔
۲۱	مچھلیاں دیکھنا	عورت مالدار ملے کثرت سے درہم و دنیا ملے۔
۲۲	مچھلی کا گود میں آنا	عورت حسینہ و مالدار ملے دولت و عزت و وقار ملے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۳	مچھلی کے شکم سے کچھ پانا	مالِ دنیا سے تونگر ہو مرتبہ دو جہان میں برتر ہو۔
۲۴	مار ماہی کو دیکھنا	ضرر پہنچے عہدہ سے معزول ہو، ہلاکت سے ملولی ہو
۲۵	مرغابی پکڑنا	بادشاہ یا حاکم رام ہو ترقی دولت و انعام ہو۔
۲۶	مرغابی دیکھنا	عورت سے فائدہ پہنچے۔ ترقی دولت و اقبال ہو۔
۲۷	مرغابی کی آواز سننا	خوشخبری کوئی سننے میں آئے۔ یا محبوب سے پیام وصل آئے۔
۲۸	مرغی کو ذبح کرنا	عورت باکرہ سے مباشرت ہو یا دربار میں سرخرو ئی و عزّت ہو۔
۲۹	مُرغ پر بوجھ لادنا	کوئی ملازم بیداد کرے یا عورت فتنہ و فساد کرے۔
۳۰	مرغ و دستار لئے جانے دیکھنا	بیوی سے بے حرمتی کا کام ہو مرد اجنبی سے بدنام ہو یا خواب دیکھنے والا مارا جائے سر اس کا بدن سے اتارا جائے۔
۳۱	مرغ کو بانگ دیتے سننا	ترقیٔ اسلام ہو۔
۳۲	مرغزار کی سیر کرنا	تجارت میں منفعت ہو عمر ساری آرام سے گزرے
۳۳	مچھر کثرت سے دیکھنا	دشمن کا سامنا لیکن جلد مغلوب ہو۔
۳۴	موتی کا دانہ بزرگ دیکھنا	عورت پارسا سے نکاح ہو مال میراث سے فلاح ہو۔
۳۵	موتی دانۂ خورد دیکھنا	لونڈی جمیلہ ہاتھ آئے یا دختر نیک اختر پائے۔
۳۶	موتی بیچنا	لوگوں کو علم و ہنر کا فائدہ پہنچائے یا فرزند کی شادی

		ہو خوشی پائے۔
۳۷	موتی بیندھنا	قرآن مجید کا مفسر ہو جائے یا عورت باکرہ تصرف میں آئے
۳۸	موتی کی لڑی بنانا	حافظ قرآن و سخندان ہو یا تولد فرزندان ہو۔
۳۹	موتی پیرونا	شاعر یا منشی بے نظیر ہو، بادشاہ کے دربار میں بڑی توقیر ہو۔
۴۰	مونگا دیکھنا	دولت بے انداز پائے۔ کوئی نازک اندام عورت ہاتھ آئے۔
۴۱	مہندی ہاتھ پاؤں میں لگی دیکھنا	عورت کے لئے آراستگی و زینت ہے مرد کے واسطے ترقی مال و دولت ہے۔
۴۲	مٹی کو دیکھنا	مال یا دفینہ ہاتھ آئے بادشاہ یا امیر سے فائدہ اٹھائے۔
۴۳	مولی لینا یا دیکھنا	روزی حلال، دختر نیک اختر یا بیماری سے صحت و تندرستی پائے۔
۴۴	مرچ دیکھنا یا کھانا	سیاہ دیکھے تو صحت اور راحت ہو سُرخ دیکھے تو مرض کی نہایت شدّت ہو۔
۴۵	مزعفر کھانا	نیک عورت سے شادی ہو۔
۴۶	مویز منقیٰ کھانا	مال و منفعت کثیر ملے صحت و عزّت توقیر ملے۔
۴۷	ماں کے شکم سے پیدا ہوتا	حج و زیارت سے مشرف ہو، امن و برکت ہو کلفت برطرف ہو جائے، گناہوں سے رستگاری ہو، رفع دل سے فیلسوفی و مکّاری ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۸	مٹھائی کھانا یا پانا	ترقی مال و عز و جاہ ہو تولد فرزند ہو۔
۴۹	محنت کو دیکھنا	نحوست و بلا کا سامنا ہو اندوہ و غم میں مبتلا ہو۔
۵۰	مونگ و ماش و مسور کو دیکھنا	بیماری میں مبتلا ہو۔ رنج و الم کا سامنا ہو۔
۵۱	میدہ وغیرہ دیکھنا	اندوہ سے رہائی دولت و بخت کی رسائی ہو۔
۵۲	مینہ برستے دیکھنا	اپنے گھر میں دیکھے تو دولت و کامرانی ہو اور شہر یا گاؤں میں دیکھے تو دولت کی ارزانی ہو۔
۵۳	مکڑی دیکھنا	زاہد گوشہ نشین ہو خندۂ خلق سے حق کے قرین ہو۔
۵۴	مُردے کو دیکھنا	مال نجس یا حرام کسی سے پائے یا بڑا کام بگڑنے سے پچھتائے۔
۵۵	مُردہ سے باتیں کرنا	کام بگڑا ہوا سنور جائے جس سے مایوس ہو مقصد برآئے
۵۶	مردے کو اٹھائے جاتے دیکھنا	مالِ حرام کسی سے ملے راحت و آرام میں فتور پڑے۔
۵۷	میّت معروف کو زندہ ہوتے دیکھنا	اگر بہ شکل نیک ملے تو خوشی و راحت ملے اور جو بصورتِ زشت پائے رنجیدہ و پریشان ہو۔
۵۸	مُردے کو زندہ کرنا	لوگوں کو اس سے فیض پہنچے محتاجوں کو غنی کر دے۔
۵۹	مُردے اجنبی کو دیکھنا	مالِ گمشدہ یا دفینہ پائے یا کوئی چیز بے مطلب مل جائے
۶۰	مُردوں کی جماعت دیکھنا	دلیل تنگدستی و پراگندگی ہے نشان بے نشانی یا کم زندگی ہے۔

۶۱	مردہ کی آواز پر چلنا	بے وطن ہو یا ہلاکت کا سامنا ہو صدقہ ضرور دے تا ردِ بلا ہو۔
۶۲	مردے کو نہلاتے دیکھنا	کلفتیں دور ہوں خوشی پائے یا گمراہوں کو راہِ راست بتلائے۔
۶۳	مردہ کا زندہ سے کچھ مانگنا	رنج و نحوست کمال ہو، دولت کا زوال ہو۔
۶۴	مردے کو برہنہ سوتے دیکھنا	مُردہ کی دلیل رستگاری ہے۔ خواب میں دیکھنے والے کی بختیاری ہے۔
۶۵	مردہ کے پیچھے مکان مجہول میں جانا	اگر رہ جائے تو قضا در پیش ہو اور جو نکل آئے غم سے دل ریش ہو۔
۶۶	مردے کو کچھ دینا	مال گمشدہ مل جائے فائدہ ہو مراد برآئے۔
۶۷	مردہ کے ساتھ کھانا کھانا	دولت و نعمت ملے دین و دُنیا میں راحت ملے۔
۶۸	مردہ سے مباشرت کرنا	بعد مایوسی امید برآئے عیاشی سے ذلت اٹھائے
۶۹	مردہ کو اپنے ساتھ مباشرت کرتے دیکھنا	عورت دیکھے تو گوہر مقصود پائے مرد دیکھے تو حُرمت ضائع ہو جائے۔
۷۰	مردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا	عمر دراز ہو۔ دولت سے بے نیاز ہو۔
۷۱	مردہ آپ کو دیکھنا	طول حیات ہو ترقی درجات ہو یا سفر پیش آئے دولت و شادمانی پائے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۷۲	مردہ دفن کرتے دیکھنا	اپنے ہاتھوں مال ضائع کرے ۔ روز بد دیکھے
۷۳	مردہ فرزند کو زندہ دیکھنا	نعم البدل ملنے کی بشارت ہے تلافی دولت مافات کی علامت ہے ۔
۷۴	مُردہ کو کچھ دینا	خیر و برکت پائے ، فارغ البال ہو جائے ۔
۷۵	مرد جوان اجنبی کو دیکھنا	بیوی سے خیانت ہو یا کسی شخص سے عداوت ہو ۔
۷۶	مرد ادھیڑ یا بوڑھا دیکھنا	دولت و اقبال پائے بخت بادر ہو بادشاہ دوست ، دشمن پر ظفر ہو ۔
۷۷	مرد پیر کا آپ کو جوان دیکھنا	سرداری یا بادشاہت پائے دولت و مال و حکومت پائے ۔
۷۸	مرد جوان کا اپنے آپ کو بوڑھا دیکھنا	ترقی دولت و اقبال ہو ۔ روز افزوں حشمت و جلال ہو ۔
۷۹	مرد پیر کا آپ کو طربناک دیکھنا	بادشاہ کا رفیق صادق ہو سرداری کی امید واثق ہو ۔
۸۰	مقنع دیکھنا	دونوں شوہر بیوی شادمان ہوں ۔
۸۱	مقنع یا لباس جلتے دیکھنا	مرد دیکھے تو بیوی مرجائے عورت دیکھے تو شوہر کا غم کھائے ۔
۸۲	مقنع سر پہ باندھنا	مرد دیکھے تو بیوی یا جاریہ ہاتھ آئے ۔ عورت کو شوہر ملے ۔
۸۳	مقناطیس دیکھنا	عورت بت پرست یا مشرک کا عشق ہو جائے ۔

۸۴	مقتل کو دیکھنا	مورد بلا و آفت ہو خوف و خطر میں مبتلا ہو ۔
۸۵	مزامیر بجانا یا پانا	بیوی سے راحت پائے یا شغل عیش و طرب میں پڑ جائے ۔
۸۶	موئے زہار دیکھنا	کم دیکھے تو مالِ حلال ملے دل کو فرحت ہو اور اگر دراز ہو تو پریشانی اور نکبت ہو ۔
۸۷	موئے زہار مونڈتے یا اکھاڑتے دیکھنا	خواہش عورت کی بے انتہا ہو یا عورت مالدار بدکار آشنا ہو ۔
۸۸	مدینہ شریف	خواب میں دیکھنا ترقی علم اور دین و دنیا کی بہتری کا باعث ہے ۔
۸۹	مردار سنگ	خواب میں دیکھنا رنج بیماری اور عذاب میں مبتلا ہونے کا باعث ہے ۔
۹۰	مروارید	خواب میں دیکھنا غلام یا کنیز یا فرزند سے تعبیر ہے ۔
۹۱	مرہم	خواب میں زخم پر لگانا کسی خیر کام کی کوشش اور دین کی اصلاحی سے تعبیر ہے ۔
۹۲	مسلح	خواب میں مسلح اپنے آپ کو دیکھنا اپنے شہر یا قصبہ یا گاؤں کے لوگوں پر حاکم ہونے کے مترادف ہے ۔
۹۳	مسلمان ہونا	اگر خواب میں آپ کو مسلمان ہونا دیکھے آفت و بلا سے محفوظ رہنے کا موجب ہے ۔
۹۴	مسواک	اگر خواب میں مسواک کرنا دیکھے تو مال خیرات کرنے

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

		اور ثواب حاصل کرنیکا موجب ہے
۹۵	مشت زنی	خواب میں کرنا غم اولاد یا کسی اولاد کے مرنے کا غم پہنچے ۔
۹۶	مصطگی (گوند)	کھانا گفتگو کرنے سے تعبیر ہے ۔
۹۷	مشک دیکھنا	خالی مشک دیکھنا بخل اور پانی سے بھری مشک دیکھنا سخاوت سے مترادف ہے ۔
۹۸	معزول ہونا	کسی ملازمت یا عہدہ یا سرداری سے معزول ہونا دیکھے تو دین کی اصلاح کا باعث ہے ۔
۹۹	مکّی	رزق سے تعبیر ہے ۔
۱۰۰	مکھن دیکھنا	نعمت حاصل ہونے کے مترادف ہے ۔
۱۰۱	مکّہ شریف	اگر اپنے کو مکّہ شریف میں دیکھے تو زیارت کعبہ اور حج کرنیکی دلیل ہے ۔
۱۰۲	ململ دیکھنا	اور خریدنا عورت کی صحبت سے تعبیر ہے ۔
۱۰۳	مندیل (رومال)	سر پر باندھنا عزّت حاصل ہونے کا موجب ہے ۔
۱۰۴	مور	نر مور دیکھنا بادشاہ عجم سے تعبیر ہے ۔
۱۰۵	موٹھ دیکھنا	تنگ دستی اور تہیدستی میں مبتلا ہونے کا موجب ہے ۔
۱۰۶	موزہ	موزہ پہنتے دیکھنا پردہ داری سے تعبیر ہے ۔

۱۰۷	موم	سفید موم دیکھنا مال و نعمت سے اور زرد موم کا دیکھنا بیمار ہونے کے مترادف ہے ۔
۱۰۸	مہمان	خواب میں مہمانی کرنا کسی چیز کے جمع ہونیکا سبب ہے
۱۰۹	میراث	میراث کا جھگڑا طے کرنا یا دیکھنا دین کی گمراہی اور دُنیا کی محبت سے تعبیر ہے ۔
۱۱۰	میوہ	میوہ ترش و شیریں خیر و برکت سے تعبیر ہے ۔
۱۱۱	مہر دینا یا دیکھنا	مرد و زن کو آپس میں راحت ملے عزیزوں کو استواری اور قوت ملے ۔
۱۱۲	مہرہ مار پانا	عورت دولتمند سے صحبت ہو ۔ دل کو فرحت ملے ۔
۱۱۳	منجنیق دیکھنا	سخن چینی یا بدزبانی سے بدنام ہو خلق نفرت کرے بے توقیر ہو بدنام ہو ۔
۱۱۴	منہ سے کچھ نکلتے دیکھنا	اگر وہ چیز حلال و پاک ہو نعمت پائے اگر نجس ہو یا حرام تو رنج اٹھائے ۔
۱۱۵	مہرہ کاغذ دیکھنا	نامہ سربستہ یا کیسہ ہاتھ آئے یا اخبار وحشت کے آثار سے گھبرائے ۔
۱۱۶	منہ میں کچھ جانے دیکھنا	نعمت و مال غیب سے پائے روزی زیادہ ہو جائے
۱۱۷	منی بدن میں یا کپڑے میں دیکھنا	عورت عیاش ملے یا فرزند پیدا ہو رات دن عیش و طرب میں مبتلا ہو ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۱۸	محاذ یا محمل دیکھنا	عورت پردہ نشین سے صحبت ہو۔
۱۱۹	مسرہ میں رہنا	عورت جمیلہ و شکیلہ رام ہو دولت پائے۔
۱۲۰	مواخذہ میں آپکو دیکھنا	بیمار ہو یا تکلیف پائے یا حاکم وقت منحرف ہو جائے۔
۱۲۱	مونچھ چڑھائے دیکھنا	کوشش سے مراد برآئے دلیری سے مال و دولت ملے۔
۱۲۲	مونچھ اکھاڑتے دیکھنا	فکر و تردد میں مبتلا ہو رنج والم ہو۔
۱۲۳	مونچھ اپنی سفید دیکھنا	ظلمت کفر دفع ہو جائے صبح امید جلوہ دکھائے۔
۱۲۴	مونچھ کترنا	خوبی و بہتری دلیل ہے۔
۱۲۵	مونچھ دراز دیکھنا	دولت و حشمت بڑھے۔
۱۲۶	میخ آہن پیٹھ میں چبھوتے دیکھنا	فرزند عالی جاہ پیدا ہو۔ عالم یا حاکم پیدا ہو۔
۱۲۷	میخ دیوار میں ٹھونکنا	مرد بزرگ سے دوستی ہو۔
۱۲۸	میخ زمین میں ٹھونکنا	عورت باکرہ سے محبت ہو پہلے کچھ رنج پھر راحت ملے۔
۱۲۹	مشعل اپنے ہاتھ میں دیکھنا	بادشاہ سے مال و دولت ملے سرفرازی و راحت و عزت ملے۔
۱۳۰	مکتب دیکھنا	علم و ہنر میں طاق نیک کاموں میں شہرۂ آفاق ہو۔
۱۳۱	مکھیاں دیکھنا	مکروہات دنیا درپیش ہو یا کسی حاکم کا ملازم ہو۔
۱۳۲	منضج پینا	جبار تندرستی پائے اصلاح کاروبار ہو جائے
۱۳۳	ماتم کرنا	خوشی حاصل ہونے سے تعبیر ہے۔
۱۳۴	ماتھا و پیشانی دیکھنا	عزت و مرتبہ سے تعبیر ہے۔

۱۳۵	مارنا	کسی کو مارنا کسی امیر شخص سے نفع پہنچے۔
۱۳۶	مازو	اگر درخت سے مازو جمع کرتا دیکھے تو رنج اور سختی سے مال جمع کرنے کے مترادف ہے۔
۱۳۷	مال دیکھنا	رنج و غم سے نجات پائے اور خیر و برکت حاصل ہونیکا مترادف ہے۔
۱۳۸	مٹی کا تیل دیکھنا	نابکار عورت سے تعبیر ہے۔
۱۳۹	مٹکا دیکھنا	ایسے منافق سے تعبیر ہے جس سے مال ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔
۱۴۰	مجلس علم و ادب	اگر خواب میں کسی مجلس ادب میں دیکھے تو کسی عمارت کے تعبیر کرنے کا موجب ہے۔
۱۴۱	مجلس شراب	اگر کوئی خواب میں شراب کی محفل میں دیکھے اور شراب نہ پیئے تو حرام اور فتنہ و فساد میں گرفتار ہو۔
۱۴۲	محل	خواب میں محل میں جانا اور موجود ہونا مال مطلوبہ حاصل ہونے سے تعبیر ہے۔

ن

۱	حضرت نوحؑ کو دیکھنا	عمر دراز ہو، دولت و اولاد سے دل شاد ہو لیکن کچھ دن محنت و رنج اٹھائے بعد اس کے راحت و آرام پائے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

٢	نور آسمان پر دیکھنا	دوست یا حبیب سے صلح ہو جائے یا تولدِ فرزند کی خوشی ہو۔
٣	نماز باجماعت کا پیشوا ہونا	قوم شریف کا سردار ہو جمعیت و دولت بیشمار ہو۔
٤	نماز بے طہارت یا خلافِ قبلہ پڑھنا	بے مصرف و بے سود کام کرے محنت و مشقت اپنی کھودے۔
٥	نماز سوتے میں پڑھنا	صحت و نعمت پائے سعادتِ دارین ہاتھ آئے۔
٦	نماز بے تکبیر اشارے سے پڑھنا	سفر دور کا کرے یا بیماری کی سختی اٹھائے لیکن اغلب ہے اس سال میں مرجائے۔
٧	نماز مشرق کی طرف پڑھنا	اسی سال حج کو جائے بزرگی و عزّ و شرف پائے
٨	نماز آسمان کی طرف پڑھنا	غم والم سے رہائی ہو، فرحت و خرمی ہو۔
٩	نوشاہ کو دیکھنا	شادی خانہ آبادی ہو۔
١٠	نکاح کرنا	دولت و اقبال پائے مفلسی اور تنگدستی جائے۔
١١	ناخن دراز دیکھنا	دشمن پر خاطر خواہ فتح پائے۔
١٢	نمدہ	سفید یا پاکیزہ نمدہ دیکھے تو مال حلال حاصل ہونے کی علامت ہے۔
١٣	ننگا ہونا	خواب میں ننگا دیکھنا طالب دُنیا ہونے کی علامت ہے
١٤	نوشادر دیکھنا	غم و اندوہ سے تعبیر ہے۔
١٥	نوکر رکھنا	اگر کسی کو نوکر رکھنا دیکھے تو عزّت اور مرتبہ

		حاصل ہونے کی علامت ہے۔
١٦	نہانا	دریا میں نہانا دیکھے تو اس کا رنج والم کم ہونے کی تعبیر ہے۔
١٧	نہر	نہر کا دیکھنا حاکم وقت اور بڑی نہر کا دیکھنا وزیر سلطنت سے تعبیر ہے۔
١٨	نئی چیز دیکھنا	اگر دلچسپ اور نئی چیز دیکھے تو خیر و برکت حاصل ہونے کا سبب ہے۔
١٩	نیچے اترنا	تنزل سے تعبیر ہے۔
٢٠	نیاز دینا	کسی کھانے پر نیاز دینا دلی مراد پوری ہونے اور کاروبار ملنے کی علامت ہے۔
٢١	نیلوفر	اگر خواب میں موسم پر نیلوفر کا پھول دیکھے تو منفعت کا باعث ہے۔
٢٢	ناخن تراشنا	قرض کی ادائیگی ہو، دختر کی شادی ہو۔ بیماری سے صحت پائے۔
٢٣	ناخن ٹوٹا دیکھنا	عزیز و اقربا سے رنج پائے آرام میں خلل پڑے۔
٢٤	ناک حد سے بڑی دیکھنا	فرمانبردار عورت سے مناکحت ہو دولت و عمر بڑھے، کثرت اولاد ہو۔
٢٥	ناک سے خون بہنا	دولتِ بے اندازہ پائے مال حرام سے تونگر ہو جائے
٢٦	ناک سے پانی بہنا	عورت جلد حاملہ ہو فرزند ملے اگر زمین پر گرتے دیکھے دختر پیدا ہو

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۲۷	ناک دھوتے دیکھنا	عورت دیکھے تو مرد فریب دے مرد دیکھے تو مکاری کرے
۲۸	ناک کوزے میں رگڑتے دیکھنا	کوئی مرد اس کی عورت کو فریب میں لائے بےحرمتی کا سامنا ہو جائے۔
۲۹	ناک سے نتھ گرتے دیکھنا	شوہر سے کچھ رنج دیکھنا یا اولاد دوسرے کی طرف منسوب ہو جائے۔
۳۰	ناک جلنے سے چھوٹی دیکھنا	مرد بے شرمی اختیار کرے عورت شوہر سے تکرار کرے
۳۱	ناک پر ناک یا بال دیکھنا	کلفت و مصیبت میں مبتلا ہو عزیزوں سے فساد یا جھگڑا ہو جائے۔
۳۲	ناک اپنی کٹی دیکھنا	خفت و شرمندگی پائے جہاں میں انگشت نما ہو جائے۔
۳۳	ناک کسی کی کاٹنا	دشمن کی عزت گنوائے خرمی و توقیر بڑھ جائے۔
۳۴	منی کی جگہ خون نکلنا	حاملہ عورت کا پیٹ گر جائے۔ مال کا نقصان ہو۔
۳۵	نعمت پانا	بادشاہ دیکھے تو ملک تازہ ملے رعیت دیکھے تو ہزار یا سو درہم ہاتھ آئے۔
۳۶	نان ختائی دیکھنا	مالِ حلال سے عزت ملے۔
۳۷	نان خشک دیکھنا	فلاکت میں بسر اوقات ہو۔
۳۸	نبات کھانا یا دیکھنا	امن و برکت ہزار در ہزار ملے۔ حلاوت نعمت پائے
۳۹	نمک بنانا یا کھانا	خیر نیک ملے مال و نعمت پائے۔
۴۰	نمک دیکھنا	دولت و حشمت بہت ہو رنج سے راحت ملے بیماری سے شفا ہو۔

۴۱	نمکدان دیکھنا	عورت حسین و باکرہ ملے۔ ترقی مال کی ہو ہم صحبت سے لذت اور حلاوت ہو۔
۴۲	نارنج کھانا یا دیکھنا	بیماری اور دلریش کی نشانی ہے۔
۴۳	ناریل دیکھنا	مرد دیکھے تو شادی ہو اولاد سے گھر آباد ہو عورت دیکھے تو دختر جنے۔
۴۴	نیب کے سایہ میں بیٹھنا	ماں باپ کے سایہ میں عمر گزرے، رفع امراض ہوں راحت ملے۔
۴۵	نرگس کا پھول ملنا	کسی محبوب کا منتظر دیدار ہو۔
۴۶	نرگس کو باغ میں نیلوفر	بیوی یا لونڈی حاملہ ہو۔
	کو تالاب میں دیکھنا	دختر نیک اختر تولد ہو۔
۴۷	نسیم چمن سے پھول کھلنا	عورت باکرہ سے شادی ہو یا کسی محبوب تک رسائی ہو۔
۴۸	نازبو کو دیکھنا	صاحب اقبال فرزند پیدا ہو دولت دنیا سے مالا مال ہو۔
۴۹	نشہ شراب سے مخمور ہونا	دولت تازہ راحت بے اندازہ ملے۔
۵۰	نشہ شراب سے بیخود ہونا	رنج و بلا میں پڑے ذلت و خواری پائے۔
۵۱	نردبان دیکھنا	بیوی موافق اور فرمانبردار پائے مرتبہ بلند ہو دوستوں کو فائدہ پہنچے۔
۵۲	نردبان پر چڑھنا	مرتبہ بلند ہو دولت مند یا محبوب سے وصلت ہو مقصدوری یا راحت ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۵۳	زوبان سے اترنا	خیر و برکت بیش ہو لیکن کچھ تردد پیش ہو۔
۵۴	نقارہ پانا	وزارت یا نظارت یا حکمرانی ہو یا شادی کی نوبت پہنچے دفع پریشانی ہو۔
۵۵	نقارہ کی آواز سننا	اجنبی عورت سے اولاد ہو یا عورت نامور ملے یا عزیزوں سے فساد ہو یا فوج کا افسر ہو۔
۵۶	نیولہ دیکھنا	زباں کاری کی اشارت ہے دشمن سے فریب پہنچنے کی علامت ہے
۵۷	نیولہ پکڑنا یا مارنا	چور کو گرفتار کرکے دشمن پر فتح مندی ملے۔
۵۸	نہنگ کو دیکھنا	چور گھر میں آئے یا اقارب سے لڑائی ہو۔
۵۹	نہنگ کے منہ میں جانا	دشمن سے خوف ہلاکت ہو اجل نزدیک پہنچے۔
۶۰	نیزہ دیکھنا	سرداری ہو یا سفر کو جائے یا حسین عورت ملے۔
۶۱	نرسنگھ دیکھنا یا بجانا	فلاکت یا اجل کا سامنا ہو یا کسی مہلک مرض میں مبتلا ہو
۶۲	نرسنگھ کی آواز	مبتلائے فساد ہو۔
۶۳	ندی یا نالہ میں گرنا	ترقی دولت و اقبال ہو مزید حشمت و اجلال ہو۔
۶۴	نہال دیکھنا	عورت راحت رساں پہنچائے۔
۶۵	نیل بنانا	حاجت روا ہو مطلب برآئے مشکل آسان ہو محنت ضائع ہو جائے۔
۶۶	نیل گائے کو دیکھنا	بیوی نیک خصلت پائے۔
۶۷	نبض کو دیکھنا	سُست چلتے دیکھے عمر و دولت کی ترقی سمجھے اور تیز دیکھے تھوڑی تکلیف پائے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۶۸	نورہ لگانا	ندامت دنیا سے رہا ہو فرحت اور راحت ملے۔
۶۹	ناچ دیکھنا	عورت عیاش ملے۔
۷۰	نجاست کا دیکھنا	دولت بے برکت مال حرام ملے۔
۷۱	نامرد آپ کو دیکھنا	بدکاری سے چھوٹے۔ منکوحہ بیوی لائے۔
۷۲	نشتر سے جسم چاک کرنا	اولاد کا ملال پائے بیوی سے رنجش ہو۔
۷۳	نگینہ چاندی یا لوہے کا دیکھنا	حرمت پیدا ہو جانیکی بشارت ہے۔ سرداری و حکمرانی کی علامت ہے۔
۷۴	نصیحت کرنا	گمراہوں کا رہنما ہو دُنیا میں عزّت زیادہ ہو۔
۷۵	نٹ کو بانس پر چڑھتے دیکھنا	مرتبہ بلند ہو۔ لہو و لعب سے خورسند ہو۔
۷۶	نائی کو دیکھنا	مومن دیندار ہو دین کے کاموں میں رہنما ہو۔
۷۷	نشاستہ دیکھنا	مالِ حلال تجارت سے پائے، روزی محنت سے ملے۔
۷۸	نوحۂ مصائبِ اہلبیتؑ میں پڑھنا	غم دنیا سے نجات حاصل ہو خلد میں جاگیر حاصل ہو، شادکام ہو جائے۔
۷۹	نابینا	اگر کوئی شخص اپنے آپ کو خواب میں نابینا دیکھے تو گمراہی دین کا باعث ہے۔
۸۰	ناپ	ناپ کا خواب میں دیکھنا ایلچی یا پیغامبر سے تعبیر ہے۔
۸۱	ناپاک ہونا	ناپاک ہوتا دیکھے تو حرام کاری میں حیران و پریشان ہونیکا باعث ہے۔

۸۲	نارنگی دیکھنا	نیک ہے ۔
۸۳	ناف	عورت اور اس کی خادمہ سے تعبیر ہے ۔
۸۴	نان دیکھنا	دوستوں سے ملاقات اور درازیٔ عمر کا باعث ہے ۔
۸۵	نجومی	اپنے آپ کو نجومی دیکھنا حاکمِ وقت سے عزّت اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔
۸۶	نعل دیکھنا	مال سے مترادف ہے ۔
۸۷	نقصان	خواب میں اپنے جسم میں نقصان دیکھنا مال کے نقصان کا موجب ہے ۔
۸۸	نسوار	نسوار لینا غم واندوہ میں مبتلا ہونیکی علامت ہے ۔

و

۱	وضو کرنا	غیب سے حاجت روائی ہو منّتِ خلق سے رہائی ہو ۔
۲	وظیفہ پڑھنا	باعثِ امن وبرکت ہے ترقی دولت وفرحت ہے ۔
۳	وصلی بنانا	اصلاح کار میں مشغول ہو تو خوشنویسوں میں مقبول ہو ۔
۴	وزیر ہو جانا	سرداری وکامرانی کی بشارت ہے ترقیٔ دولت و اقبال کی بشارت ہے ۔
۵	وکیل کو دیکھنا	کسی مکار سے معاملہ پیش ہو مکر وفریب سے مقابلہ ہو
۶	وادی	خواب میں وادی کا نہر میں گرنا غم واندوہ میں گرفتار

		ہونے اور اس سے نکلنا رنج والم سے نجات پانے کی علامت ہے ۔
۷	وارث بننا	خواب میں کسی وارث کا مال لینا کسی عزیز یا آشنا کی خبر مرگ پہنچے ۔
۸	واغط ہونا	اگر وغط کرتا دیکھے تو ظاہر میں فائدہ اور باطن سے نقصان اٹھانے کا موجب ہے ۔
۹	والی	اگر اپنے کو کسی کا والی ہونا دیکھے تو عزّت وآبرو بڑھنے کا باعث ہے ۔
۱۰	وثیقہ نویس	اگر وثیقہ نویسی کرتا دیکھے تو دنیاوی محبّت میں پھنسنے اور مالِ حرام کھانیکا سبب ہے ۔
۱۱	وسمہ	لگانا یا دیکھنا مکر وفریب میں مبتلا ہونے کا موجب ہے ۔
۱۲	ولی اللہ	ولی اللہ کو دیکھا جائے تو خیر وبرکت حاصل ہونے کی علامت ہے ۔
۱۳	وحشی	اپنے آپ کو وحشی دیکھنا مالِ دنیا سے نفرت کرنے کا باعث ہے ۔
۱۴	ووٹ	خواب میں کسی کو ووٹ دینا یا کسی کی سفارش کرنا یا کسی کو مشورہ دینا دنیا کی محبت اور دین کی گمراہی کا سبب ہے ۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۴	ویرانی	ویرانی دیکھنی غم واندوہ سے تعبیر ہے۔

ہ

۱	ہُدہُد کو دیکھنا	دشمن قوی کا سامنا ہو تردد اور تکلیف میں مبتلا ہو لیکن فتح و نصرت پائے۔
۲	ہابیل کو دیکھنا	مرد مقدس پرہیزگار ہو لیکن ظلم و مصیبت میں گرفتار رہو۔
۳	ہاتھ قوی دیکھنا	برادر سے یا شریک سے راحت پائے۔ عورت یا دوست شفیق مل جائے۔
۴	ہاتھ اپنا کٹا دیکھنا	بھائی یا فرزند سے جدائی ہو یا کسی ہمدست سے رنجش یا لڑائی ہو۔
۵	ہاتھ اپنا گردن سے بندھا دیکھنا	لونڈی یا غلام کو آزاد کرے صلۂ رحمی واجب الادا سمجھے۔
۶	ہاتھ سے آسمان چھونا یا توڑنا	جہان میں عزّت وتوقیر ہو زبان میں ہر طرح تاثیر ہو دشمن شکست فاش کھائے مشکل جلد آسان ہو جائے۔
۷	ہاتھ دشمن کا پکڑنا یا بوسہ دینا	رفع عناد، دفع بیماری کی علامت ہے، راحت وآرام کی بشارت ہے۔

۸	ہاتھ پاؤں دھونا	جس چیز کی آس ہو اس سے ہراس ہو۔ بیوی یا لونڈی کو چھوڑے بھائی یا فرزند سے مُنہ موڑے
۹	ہاتھ دیکھنا	خواب میں ہاتھ کا دیکھنا شادی یا دوست اور امانت داری سے تعبیر ہے۔
۱۰	ہاضمہ	خواب میں ہاضمہ کی خرابی مال و دولت کی اور صحت کی خرابی سے تعبیر ہے۔
۱۱	ہاکی	خواب میں ہاکی کا خریدنا زراعت وصنعت میں کوشش کرنے اور ہاکی سے کھیلنا کاروبار رزق میں ترقی پانے کا باعث ہے۔
۱۲	ہتھیار	ہتھیار باندھ کر بیگانوں میں جانا بدنام ہونے کے مترادف ہے۔
۱۳	ہچکی	اگر خواب میں ہچکی آتی دیکھے تو پُرغضب ہونے اور گالی بکنے کی دلیل ہے۔
۱۴	ہنٹر	خواب میں ہنٹر یا کوڑا ملنا ملازمت یا روزگار ملنے سے تعبیر ہے۔
۱۵	ہودج	ہودج میں بیٹھنا مبارک ہے اور عزّت و مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
۱۶	ہیجڑا	اگر اپنے آپ کو ہیجڑا دیکھے تو خوف و وحشت میں گرفتار رہنے کی علامت ہے۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۷	ہاتھ پائی کرنا	جوان دیکھے شادی کرے۔ پیر دیکھے بدکاری اشارت ہے۔
۱۸	ہاتھ نقش و نگار کرنا	عورت کو راحت و آرام ہو، مرد دیکھے تو فکر معیشت میں ناکام ہو۔
۱۹	ہاتھوں میں مہندی لگی دیکھنا	شادی ہو نیکی نشانی ہے عورت مرد کو دلیل شادمانی ہے۔
۲۰	ہاتھی کو دور سے دیکھنا	بزرگان قوم سے آشنائی ہو بارگاہ شاہی میں رسائی ہو۔
۲۱	ہاتھی کو دروازہ پر بندھا دیکھنا	دولت و بختیاری ملے۔ خواجگی یا قوم کی سرداری ملے۔
۲۲	ہاتھی سفید دیکھنا	سرداری یا عہدہ بزرگ پائے اولاد اور مال پائے
۲۳	ہاتھی خوبصورت دیکھنا	دولت کی نشانی ہے دلیل حاجت روائی ہے۔
۲۴	ہاتھی برہنہ کو رام کرنا	فارغ البال و تونگر ہو۔
۲۵	ہاتھی کو حملہ آور دیکھنا	حاکم سے خطرہ ہو صدقہ دے تاکہ خطرہ دور ہو۔
۲۶	ہتھنی کو حملہ آور دیکھنا	عورت فاحشہ فساد کرے، ننگ و ناموس برباد کرے۔
۲۷	ہاتھی کو مار ڈالنا	سرکشان عجم سے مقہور ہو یا دشمن اس کا مغلوب ہونے سے پریشان ہو۔
۲۸	ہاتھی پر سوار ہونا	اگر شب کو سوار ہو نکاح کرے، دن کو سوار ہوتے دیکھے تو بیوی کو طلاق دے۔

۲۹	ہاتھی کے پاؤں تلے آپ کو دیکھنا	ظلم سلطان سے حذر ہو۔ دشمن قوی سے پر خطر ہو۔
۳۰	ہاتھی دوسرے شہر میں جاتے دیکھنا	بادشاہ کو زوال کشور ہو۔ خواب دیکھنے والے کو سفر پیش آئے۔
۳۱	ہاتھی کا بچہ دیکھنا	سرداری و حکومت پائے۔
۳۲	ہینگ دیکھنا	مفلسی اور اندوہ کی نشانی ہے۔
۳۳	ہڈی دیکھنا	عورت کو ضعیف شوہر ملے مرد کو حرام ملے اگر چوسے تو محنت میں مبتلا ہو۔
۳۴	ہدیہ پسندیدہ دیکھنا	بیوی ملے نعمت دنیا اور فرزند ملے۔
۳۵	ہار یا ہیکل مرصع دیکھنا	اپنے گلے میں پہنے تو فرحت دیکھے اگر دوسرے کو پہنائے اس سے محبت بڑھے۔
۳۶	ہنڈوالا دیکھنا	عورت شفیق ہاتھ آئے۔
۳۷	ہُدہُد دیکھنا	سفارت یا وزارت پائے یا کسی حاکم کا نائب ہو
۳۸	ہما کو سر پر بیٹھنا دیکھنا	ملک کی شاہی پائے ظل الٰہی مشہور ہو۔
۳۹	ہرن دیکھنا	عورت یا لونڈی وحشتناک ملے یا محبوب حسین چالاک ملے دختر پاکیزہ ہو سرور قلب کا ہو۔
۴۰	ہرن کو رام دیکھنا	عورت باکرہ ملے۔
۴۱	ہرن کا بھاگ جانا	مال کا نقصان ہو بیوی سے دھوکا کھائے۔ خانہ ویرانی سے رنج ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۴۲	ہنسنا کسی عجیب شے پر	فرحت و نعمت حصول دولت و کامرانی ہے ۔
۴۳	ہنسنے میں آنسو نکلنا	سرد ہو تو یمن و برکت گرم ہو تو بدکار کی صحبت ۔
۴۴	ہوا نرم و معتدل چلنا	دولت و اقبال و نعمت ملے ۔
۴۵	ہوائے گرم چلنا	پریشانی کے مترادف ہے ۔
۴۶	ہوا پر اڑنا	اگر زمین نزدیک ہو سفر درپیش ہو بزرگی و منزلت پائے اگر آسمان کی طرف ہو تو زندگی تلف ہو۔
۴۷	ہوا غبار آلود چلنا	خوفِ طاعون یا مرض مہلک میں مبتلا ہو۔
۴۸	ہوا ہولناک چلنا	خوشی مزید ہو اگر آواز مہیب سنے دلبستگی ہو۔
۴۹	ہوائی چھٹتے دیکھنا	مال محنت سے ہاتھ آئے لہو و لعب میں صرف ہو جائے
۵۰	ہل چلانا	زراعت سے منفعت پائے یا عورت سے راحت ملے اولاد سے گھر بھر جائے ۔
۵۱	ہزار داستان کو دیکھنا	عورت یا لونڈی ملے یا فرزند دانشمند و سخندان ملے
۵۲	ہوام زہر دار دیکھنا	حاسدوں اور دشمنوں سے خطرہ ہو، صدقہ دے ۔
۵۳	ہلیلہ دیکھنا یا کھانا	زرد دیکھے تو بیمار سیاہ دیکھے تو مصیبت میں پڑے
۵۴	ہریسہ دیکھنا	حاجت روا ہو۔ فرزند خوش سیرت ملے ۔
۵۵	ہلال دیکھنا	فرزند سعادت مند ہو سرداری و بزرگی ہویدا ہو یا کوئی بزرگ سفر سے آئے ۔
۵۶	ہالہ مہر و ماہ دیکھنا	بیوی سے خفا ہو خیانت کا گمان حد سے سوا ہو
۵۷	ہنسلی کو گلے میں دیکھنا	عورت بارہ پائے ۔

ی

۱	یعقوبؑ کو دیکھنا	دولت کی ترقی، تھوڑا سا رنج اسکے بعد راحت ہو۔
۲	یونسؑ کو دیکھنا	تعجیل کار سے تنگی میں پڑے لیکن بعد دعا نجات ملے
۳	یحییٰؑ کو دیکھنا	معصوم و پرہیزگار عابد شب زندہ دار ہو۔
۴	یوسفؑ کو دیکھنا	پہلے کچھ افترا بندھے رنج و تکلیف سے نجات پائے دولت و عزت ہاتھ آئے ۔
۵	یاقوت دیکھنا	بیوی جمیلہ فرزند شائستہ پائے مملکت و علم فائدہ پہنچائے ۔
۶	یاقوت و موتی پہلو سے نکلتے دیکھنا	فرزند کی روزی ہو، دولت مندی اور فیروزی ہو ۔
۷	یو بیہ اقسام طعام سے کھانا	نعمت و مال ہاتھ آئے ۔
۸	یرقان دیکھنا	بیماری کو طول ہو تکلیف سے ملول ہو۔
۹	یٰسین پڑھنا	خیر و برکت اور سعادت دو جہان ملے ۔
۱۰	یتیم آنکھ ہونے دیکھنا	رنج و غم کی نشانی ہے مصیبت تازہ پیش آتی ہے ۔
۱۱	یا نو خوبصورت دیکھنا	عورت عیار ملے ۔ ترقی رزق ہو۔
۱۲	یورش دیکھنا	اگر یورش عزیزوں کا دیکھے دولت کی نشانی ہے اور حاکم یا دشمنوں کا دیکھے دلیل پریشانی ہے ۔
۱۳	ید بیضا دیکھنا	مزید دولت و اقبال ہو ترقی حشمت ہو۔

WWW.SHIABOOKSPDF.COM

WWW.SHIABOOKSPDF.COM
SHIA BOOKS PDF
MANZAR AELIYA
WWW.SHIABOOKSPDF.COM

۱۴	یخنی پینا	قوت و توانائی بڑھے اگر کوئی دے اس سے فائدہ پہنچے ۔
۱۵	یشب کا نگینہ دیکھنا	عورت کم اصل سے نکاح کرے یا کسی عورت سفلہ سے لڑکی پیدا ہو ۔
۱۶	یکہ دیکھنا	اگر یکہ میں سوار دیکھے تو کسی بزرگ سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے اگر یکہ میں سوار ہوتے دیکھے تو کسی عزیز یا آشنا سے منفعت حاصل ہونے کی نشانی ہے اگر یکہ خود چلاتا دیکھے تو محنت و مشقت سے رزق حاصل [illegible] نی ہے ۔

تفسیر اسلام

ابتدائے افرینش، تخلیق آدمؑ تا خاتم الانبیا حضرت محمد مصطفیٰؐ کے حالات زندگی
خلافت و امامت کے حالات تا ظہور امام مہدیؑ

مولف : حقق بصیر علامہ فروغ کاظمی

ہدیہ ۴۵۰ روپے (مکمل چار جلدیں) ۲۹۵ روپے

عباس بک ایجنسی، درگاہ حضرت عباسؑ، رستم نگر، لکھنؤ ۔ ۳

فون نمبر : 269598،260756 فیکس : 260923

WWW.SHIABOOKSPDF.COM



عباس بک ایجنسی رستم نگر درگاہ حضرت عباسؑ، لکھنؤ (انڈیا)

ABBAS BOOK AGENCY

Rustam Nagar, Dargah Hazrat Abbas (A.S.)
Lucknow-3

Mob.: 9415102990, 9369444864
E-mail : abbasbookagency@yahoo.com

WWW.SHIABOOKSPDF.COM
SHIA BOOKS PDF
MANZAR AELIYA
WWW.SHIABOOKSPDF.COM